نیرنگیٔ حیات سے بھرپور ہمارا جانفزا ماحول قدرت کا وہ انمول عطیہ ہے جس کی نظیر نہیں ملتی اللہ تعالیٰ نے ہوا، پانی، مٹی اور سورج کی حنائی کرنوں کے ساتھ ساتھ زمین کی گود میں پائے جانے والے خزانوں کا تذکرہ قرآن پاک میں بار بار فرمایا۔ سورج اور اپنی ہی دشتِ جاں کے گرد برق رفتاری سے گھومتی ہوئی زمین کو اللہ نے ہمارا مسکن بنایا۔ سورج چاند اور ستاروں کو ہمارے لئے مسخر فرمایا اور ان گنت نعمتوں کو ہمارے اختیار میں دے دیا۔ کرۂ ارض پر رحمتِ پروردگار کی یوں برشگال ہوتی رہتی ہے کہ انسان شکرِ پروردگار ادا نہیں کرسکتا۔

ٹھاٹھیں مارتے ہوئے سمندر ہوں یا موجِ ہوائے شام، گدرائی ہوئی مٹی ہو یا دوشِ ہوا پر اڑتے ہوئے ابرپارے درختوں کے خوبصورت آنچل ہوں یا جانداروں کے ریوڑ ہر ہر شے انسان کے لئے مسخر فرمادی۔

یوں بنی نوع انسان گویا کائنات کا دولھا ہے اور گردشیں اس کی باراتی ہیں بقول احمد ندیم قاسمی صاحب کہ

آدمی شش جہات کا دولھا
وقت کی گردشیں باراتی ہیں

واقعی اللہ نے وسائلِ قدرت کو یوں انسان کے اختیار میں دے دیا ہے جیسے ادنیٰ غلام یا باندی ......

اس وقت دنیا میں جانداروں کی 80 ملین کے لگ بھگ اقسام دریافت ہوچکی ہیں ننھے اور حقیر سے مائیکروب سے لے کر پربت جیسے ڈائنوسارز تک انسان کی بالا دستی مسلم ہے۔ ٹنڈرا کے یخ بستہ علاقوں سے

توازن میں جب تک یہ ماحول تھا
بڑی جانفزا تھی زمیں کی فضا
نہ ماحول کو اپنے برباد کر
یہ دنیا نہیں ہوگی بارِ دگر

toobaa-elibrary.blogspot.com

خط استوا کے چلچلاتے خطوں تک انسان کی دہشت اور رعب سے گویا رن کانپ رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے انسان کے لئے زمین اور اس کی جھولی میں موجود وسائل کے لئے یوں فرمایا :

" اور تمہارے کام میں لگادیئے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے اپنے حکم سے"

زمین کی خلافت اور اقلیم ارضی کی بادشاہت کا سہرا جب انسان کے سر باندھا گیا ہے تو پھر کائنات کا دولہا اتنی سفاکی اور بے دردی سے اپنی اکلوتی زمین اور اس کے انمول و ناگزیر وسائل کو کیوں تباہ کر رہا ہے۔

یہ بات بڑی افسوس ناک اور تعجب خیز ہے۔ اللہ تعالیٰ نے انسان کو اشرف المخلوقات بنایا، عقل، ارادے اور احساس کے جوہر عطا فرمائے مگر انسان ان سے کام نہیں لے رہا نہ جانے کیوں ....

یہ جانفزا ماحول ہمارے لئے ہے ہم اس کے لئے نہیں دنیا تو ہم سے پہلے بھی بسا کرتی تھی اور وسائل بھی موجود تھے ہم نے ان کا وقار کم کیا ہے بڑھایا نہیں۔ آج خشکی تری اور فضاؤں میں ہماری اجارہ داری ہے۔ ہوا، پانی، مٹی سمیت تمام عناصرِ قدرت اور زمین کے خزانے ہمارے پاس ہیں پھر نہ جانے کیوں ہم ان کے منصفانہ استعمال سے نہ صرف گریز کرتے ہیں بلکہ بے دریغ استعمال سے دوسروں کا حق دبا لیتے ہیں۔ کرۂ ارض پر جہاں ایک طرف وسائلِ قدرت کے خزانے ہیں تو دوسری طرف محروم انسانوں کے ساتھ ساتھ ان گنت ساکنانِ بزمِ ہستی ہیں جنہیں چند اقوام محرومی کے گڑھوں میں دھکیل رہی ہیں اور خود خوشحال ماحول میں گلہائے نشاط چن رہی ہیں۔ ماحول انسان کا اٹوٹ انگ ہے اور انسان ماحول کا۔ آیئے دیکھتے ہیں بنی نوع انسان کے بارے

میں قرآن پاک میں کیا مذکور ہے۔

وَلَقَدْ خَلَقْنٰكُمْ ثُمَّ صَوَّرْنٰكُمْ ثُمَّ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ ۖ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ۭ (اعراف آیت 11)

ترجمہ :۔ بیشک ہم نے تمہیں پیدا کیا، پھر تمہارے نقشے بنائے پھر ہم نے ملائکہ سے فرمایا آدم کو سجدہ کرو وہ سب سجدہ ریز ہوئے سوائے ابلیس کے۔

یہ آیت آفرینش کی اولین باتوں کی جانب اشارہ کرتی ہے۔ پیکرِ خاکی کو اللہ نے کتنی تعظیم عطا فرمائی کہ ملائکہ سجدہ ریز ہوئے۔ انسانوں کے نقشے بنانا اللہ کی قدرت پر دلیل ہے۔ مٹی سے تخلیق آدمؑ کے بارے میں اور فرشتوں کے سربہ سجود ہونے کے بارے میں یہ آیت بھی ملاحظہ ہو :

اِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّىْ خَالِقٌۢ بَشَرًا مِّنْ طِيْنٍ ۔ فَاِذَا سَوَّيْتُهٗ وَنَفَخْتُ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِىْ فَقَعُوْا لَهٗ سٰجِدِيْنَ ۔ (سورہ ص آیت 71،72)

ترجمہ :۔ جب تمہارے رب نے فرشتوں سے فرمایا کہ میں مٹی سے انسان بناؤں گا پھر جب میں اسے ٹھیک بنالوں اور اس میں اپنی طرف سے روح پھونکوں تو تم اس کے لئے سجدے میں جانا"۔

مٹی سے انسان کی تخلیق کے بعد اللہ نے ٹھیک بنالینے میں اتنے زاویے اور رموز عیاں کردیئے کہ سائنسی علوم و آگہی کے بعد عقلِ انسانی تخلیقِ آدم اور نسلِ انسانی پر حیران ہے۔ اب یہ آیت بھی ملاحظہ فرمائیں۔

وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ طِيْنٍ ۚ ثُمَّ جَعَلْنٰهُ نُطْفَةً فِىْ

toobaa-elibrary.blogspot.com

قَرَارٍ مَّكِيْنٍ. ثُمَّ خَلَقْنَا النُّطْفَةَ عَلَقَةً فَخَلَقْنَا الْعَلَقَةَ مُضْغَةً فَخَلَقْنَا الْمُضْغَةَ عِظٰمًا فَكَسَوْنَا الْعِظٰمَ لَحْمًا ثُمَّ اَنْشَاْنٰهُ خَلْقًا اٰخَرَ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِيْنَ. (المومنون آیت 14۔13۔12)

ترجمہ :۔ بے شک ہم نے آدمی کو چنی ہوئی مٹی سے بنایا پھر اسے پانی کی بوند کیا۔ ایک مضبوط ٹھہراؤ میں پھر ہم نے پانی کو خون کی پھٹک کیا۔ پھر خون کی پھٹک کو گوشت کی بوٹی۔ پھر بوٹی کو ہڈیاں پھر ان ہڈیوں پر گوشت پہنایا پھر اسے اور صورت میں اٹھان دی۔ بڑی برکت والا ہے اللہ سب سے بہتر بنانے والا۔

انسان کی پیدائش کے بارے میں یہ آیات اتنی واضح ہیں کہ ہر خاص و عام کے علم میں ہیں۔ بے شک اللہ احسن الخالقین ہے ......

ناچیز کے چند اشعار ملاحظہ ہوں :

تراشے ہیں انساں یہ تقویم احسن
کرم ہے خدا کا زمانے پہ قصداً
جو بھیجا ہمیں کو خلیفہ بنا کے
اشارے ہیں یہ خالقِ دوسرا کے

حضرت آدمؑ بی بی حوا اور ان سے نسل انسانی کے پھیلاؤ کے بارے میں یوں فرمایا۔

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّ خَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَبَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِيْرًا وَّنِسَآءً (سورة النساء آیت 1)

ترجمہ :۔ اے لوگوں اپنے رب سے ڈرو جس نے تمہیں ایک جان سے پیدا کیا۔ اس میں سے اکا جوڑا بنایا اور دونوں سے بہت سے مرد و زن پھیلادے

اب یہ آیت میں ملاحظہ ہو:

خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ ثُمَّ جَعَلَ مِنْهَا زَوْجَهَا (الزمر آیت 6)

ترجمہ :۔ اس نے تمہیں ایک جان سے بنایا پھر اس سے اکا جوڑا بنایا۔

درج ذیل آیات بھی قابلِ غور ہیں۔

وَفِي الْاَرْضِ اٰيٰتٌ لِّلْمُوْقِنِيْنَ وَفِيْٓ اَنْفُسِكُمْ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ (الذّٰریٰت آیت 2120۔)

اور زمین میں نشانیاں ہیں یقین والوں کو اور خود تم (انسانوں) میں یقینا زمین اور خود انسانوں میں اللہ کی نشانیاں ہیں۔

اللہ نے انسان کی تخلیق کے مختلف انداز کو یوں بیان فرمایا

وَقَدْ خَلَقَكُمْ اَطْوَارًا (نوح آیت 14)

"حالانکہ اس نے تمہیں طرح طرح بنایا"

حضرت آدمؑ کی پیدائش بی بی حوا کو وجود دینا حضرت عیسیٰؑ کی پیدائش اور بنی نوع انسان کی پیدائش بھی اس کی ذات کے کرشمے اور نئے نئے انداز ہیں۔ جسم انسان کے نکلے ناپاک قطرے کو اللہ کن کن مدارج سے گزار کر گوشت و پوست آنکھ کان دل وغیرہ دے کر روح کی طاقت عطا فرما کر طرح طرح سے تخلیق فرماتا ہے اب یہ آیت بھی

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَاللّٰهُ اَنْۢبَتَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ نَبَاتًا (نوح آیت 17)

ترجمہ: اللہ نے تمہیں (انسان کو) سبزے کی طرح اگایا بے شک اللہ جیسا چاہتا بناتا ہے۔ تخلیق انسان کے مدارج و اطوار پر ضخیم کتابیں لکھی جاسکتی ہیں مگر خالقِ کائنات کی تعریفیں لکھنے کے لئے دنیا کے سمندر اور نباتات ہرگز ہرگز کافی نہیں۔

اب تکبر و غرور کی عینک اتار کر یہ آیات بھی پڑھیے اور غور کیجئے :۔

اِنَّا خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ نُّطْفَةٍ اَمْشَاجٍ نَّبْتَلِيْهِ فَجَعَلْنٰهُ سَمِيْعًا بَصِيْرًا (الدھر آیت 2)

ترجمہ :۔ بے شک ہم نے آدمی کو پیدا کیا ملی ہوئی منی سے کہ وہ اسے جانچیں تو اسے سنتا دیکھتا کردیا۔

سبحان اللہ ! وہ خدا کتنا عظیم ہے جس نے ایک حقیر قطرے سے خوبصورت نقش اور پرکشش انسان بنادیئے ساری دنیا مل کر دنیا بھر کے رنگوں کے امتزاج سے اتنے حسین پیکر نہیں بناسکتی۔ سننے اور دیکھنے کی صلاحیت کو یہاں رب نے خوب اجاگر فرمایا۔

چشم عبرت کھول کر یہ بھی پڑھیے۔

هُوَ اَنْشَاَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ وَاسْتَعْمَرَكُمْ فِيْهَا (سورہ ہود آیت 61)

ترجمہ :۔ اس نے تمہیں زمین سے پیدا فرمایا اور اس میں تمہیں بسایا۔

معزز خواتین کے لئے دیکھئے قرآن کیا فرماتا ہے۔

وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا وَّجَعَلَ لَكُمْ مِّنْ

اَزْوَاجِكُمْ بَنِيْنَ وَحَفَدَةً وَّرَزَقَكُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ (النحل آیت 72)

ترجمہ :۔ اور اللہ نے تمہارے لئے تمہاری جنس سے عورتیں بنائیں اور تمہارے لئے تمہاری عورتوں سے بیٹے اور پوتے (نواسے) پیدا کئے اور تمہیں ستھری چیزوں سے روزی دی۔

جبھی تو شاعر نے بے ساختہ کہا تھا۔

وجودِ زن سے ہے تصویرِ کائنات میں رنگ

اس کے ساتھ ساتھ خاندان اور رشتے گنوادے۔

اب یہ آیات دیکھیے ۔

وَهُوَ الَّذِيْ خَلَقَ مِنَ الْمَآءِ بَشَرًا فَجَعَلَهٗ نَسَبًا وَّصِهْرًا (الفرقان آیت 54)

ترجمہ :۔ اور وہی ہے جس نے پانی سے بنایا بشر پھر اس کے رشتے اور سسرال مقرر کی۔

(سنتے آئے ہیں جوڑے اور رشتے آسمان پر بنتے ہیں) اب عربی، عجمی اور گورے و کالے کو دیکھ کر نیز بھانت بھانت کی بولیاں سنکر یہ آیت پڑھیئے۔

وَمِنْ اٰيٰتِهٖ خَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافُ اَلْسِنَتِكُمْ وَاَلْوَانِكُمْ (الروم آیت 22)

ترجمہ :۔ اور اس کی نشانیوں میں سے آسمان و زمین کی پیدائش اور تمہاری زبانوں اور رنگوں کے اختلاف۔

یہ آیت بھی دیکھنی چاہیئے

وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ اِذَآ اَنْتُمْ بَشَرٌ تَنْتَشِرُوْنَ (

toobaa-elibrary.blogspot.com

الروم آیت 20)

ترجمہ ۔ اور اس کی نشانیوں میں سے ہے کہ تمہیں مٹی سے پیدا کیا پھر جبھی تم انسان ہو دنیا میں پھیلے ہوئے۔

مٹی، پانی سے تخلیقِ انسان پر طرح طرح سے اللہ نے گویا تبصرے فرمائے ہیں۔ پھر اللہ یوں فرماتا ہے کہ

وَهُوَ الَّذِي ذَرَأَكُمْ فِي الْأَرْضِ وَإِلَيْهِ تُحْشَرُونَ (المومنون آیت 79)

ترجمہ :۔ وہی ہے جس نے تمہیں زمین میں پھیلایا اور اس کی طرف اٹھنا ہے۔

بے شک وہ ہمیں مرنے کے بعد اکٹھا کریگا۔ مغرور ہونے کا خدشہ دور کر کے یہ بھی پڑھیے

وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِي آدَمَ وَحَمَلْنَاهُمْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَرَزَقْنَاهُم مِّنَ الطَّيِّبَاتِ وَفَضَّلْنَاهُمْ عَلَىٰ كَثِيرٍ مِّمَّنْ خَلَقْنَا تَفْضِيلًا (بنی اسرائیل آیت 70)

ترجمہ :۔ بے شک ہم نے اولاد آدم کو عزت دی انہیں خشکی اور تری میں سوار کیا اور ستھری روزی دی اور بہت سے مخلوق سے انہیں افضل کیا۔

اللہ نے انسان کو آسمانی دنیا میں عزت دی دنیا میں بھی خلیفہ بنایا۔ خشکی اور تری پر سلطنت عطا کی روزی کے بندوبست فرمائے اور فضیلت عطا فرمائی۔ ہم انسان ناشکرے ہیں خشکی اور تری میں آلودگی پھیلا کر ناشکری کرتے ہیں۔ یہ آیت بھی ملاحظہ ہوں۔

قَالَ رَبُّنَا الَّذِي أَعْطَىٰ كُلَّ شَيْءٍ خَلْقَهُ ثُمَّ هَدَىٰ (طٰہٰ آیت 50)

ترجمہ :۔ کہا (حضرت موسیٰؑ نے) ہمارا رب وہ ہے جس نے ہر شے کو اس کے لائق صورت دی پھر راہ دکھائی۔

زمین سے ہمارے دیرینہ رشتے کو اور تو اور مرنے کے بعد زندگی کو یوں فرمایا :۔

مِنْهَا خَلَقْنَاكُمْ وَفِيهَا نُعِيدُكُمْ وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً أُخْرَىٰ (طٰہٰ آیت 55)

ترجمہ :۔ ہم نے زمین ہی سے تمہیں بنایا اور اس میں تمہیں پھر لے جائیں گے اور اس سے دوبارہ نکالیں گے۔

ان گنت پیکر ہائے ہستی کے لئے اللہ نے فرمایا۔

أَوَلَمْ يَرَوْا إِلَى الْأَرْضِ كَمْ أَنبَتْنَا فِيهَا مِن كُلِّ زَوْجٍ كَرِيمٍ (الشعراء آیت 7)

ترجمہ :۔ کہا انہوں نے دیکھا کہ ہم نے اس (زمین) میں کتنے عزت والے جوڑے اگائے۔

اللہ نے عزت والے جوڑے بنا کر ہم پر احسانِ عظیم فرمایا۔ یہ آیت تو تخلیقِ انسان پر بہترین دلیل ہے۔

لَقَدْ خَلَقْنَا الْإِنسَانَ فِي أَحْسَنِ تَقْوِيمٍ (التین آیت 4)

ترجمہ :۔ بے شک ہم نے انسان کو اچھی صورت پر بنایا۔

ادنیٰ مٹی، حقیر قطرۂ آب سے عزت و وقار والا انسان اللہ نے بہترین طور پر بنایا۔ یہ اللہ کی تخلیق کا بہترین نمونہ اور قدرت کا شاہکار ہے۔

مگر اللہ ہی نے فرمایا کہ انسان اپنے کیئے کی بنا پر ذلتوں کے غار

toobaa-elibrary.blogspot.com

رسوائیوں کی کھائی میں گر جاتا ہے۔

آیئے دیکھتے ہیں سارے جہاں کے رحمٰن اور بھولے بھالے سے انسان کے درمیان شیطان کہاں سے اور کیسے آدھمکتا ہے۔ جنت کی جانفزا گلیوں میں ابلیس نے آدمؑ کو سجدہ نہ کرکے تکبر کیا اور اللہ کے حکم کی نافرمانی کی۔ چنانچہ رسوا کرکے بے دخل کیا گیا یہی وجہ ہے کہ انسان دشمنی پر اتر آیا اور اللہ نے اسے "عدوِ مبین" (کھلا دشمن) کہا اس کی انسان دشمنی اب رنگ لا رہی ہے چنانچہ شیطان کا دعویٰ اللہ کے روبرو یہ تھا۔

وَلَأُضِلَّنَّهُمْ وَلَأُمَنِّيَنَّهُمْ وَلَآمُرَنَّهُمْ فَلَيُبَتِّكُنَّ آذَانَ الْأَنْعَامِ وَلَآمُرَنَّهُمْ فَلَيُغَيِّرُنَّ خَلْقَ اللَّهِ (النساء آیت 119)

ترجمہ:۔ (شیطان نے کہا) قسم ہے میں ضرور بہکا دونگا (انسانوں کو) اور ضرور انہیں آرزوئیں دونگا اور ضرور انہیں کہوں گا کہ چوپایوں کے کان چیریں گے (حیوانوں سے بڑھیں گے) اور اللہ کی پیدا کی ہوئی چیزیں بدل دیں گے۔

بے شک انسان اپنے کرتوتوں میں حیوانوں سے بھی بڑھ گیا ہے۔ اللہ کے بنائے ہوئے نظام میں رخنے ڈال رہا ہے ماحول کی ابتری کا باعث بنا ہے اور زمین میں حکم خداوندی کے بعد بھی فساد ڈال رہا ہے۔ دورِ حاضر میں ماہرین نے ماحولیاتی آلودگی کو فساد کا نام دیا ہے جو خاصا مناسب لگتا ہے۔ آلودگی کا فساد بڑا ہمہ گیر ہے۔ انسان کے ساتھ ساتھ نباتات اور دیگر جانداروں کو جان کا خطرہ ہے اور آلودگی کے جور و ستم بڑھتے ہی جارہے ہیں ان کا ذمہ دار صرف اور صرف حضرتِ انسان ہے۔ شیطان تو بس یونہی بدنام ہے بقول شاعر:۔

کارِ بد تو خود کرے لعنت کرے شیطان پر

انسانوں کو اللہ نے آلودگی نہ پھیلانے کے لئے یوں بھی فرمایا:۔

وَلَا تُفْسِدُوا فِي الْأَرْضِ بَعْدَ إِصْلَاحِهَا (سورہ اعراف آیت 56)

ترجمہ:۔ اور زمین میں فساد مت پھیلاؤ اس کے سنورنے کے بعد۔

دہکتا ہوا زمین کا انگارہ قرنوں میں سنورا۔ ہوا پانی اور زمین کا ماحول بنا۔ نباتات کے غلاف اور حیوانات کے ریوڑ بنے یوں زمین کی اصلاح ہوگئی پہاڑوں کی میخیں ڈال کر اللہ نے زمین کو گویا لگام دی اب انسان کو نصیحت کی گئی کہ فساد اور آلودگی نہ پھیلاؤ اللہ نے پھر فرمایا۔

كُلُوا وَاشْرَبُوا مِنْ رِزْقِ اللَّهِ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْأَرْضِ مُفْسِدِينَ (البقرہ آیت 60)

ترجمہ:۔ کھاؤ اور پیو خدا کا دیا اور زمین میں فساد مت اٹھاتے پھرو۔

خوراک اور پانی کے حصول کو منع نہیں فرمایا مگر آلودگی کے ارتکاب سے منع فرمایا۔ عدم توازن اور ناپ تول میں کمی بیشی نیز آلودگی کے زمرے میں فرمایا:۔

فَأَوْفُوا الْكَيْلَ وَالْمِيزَانَ وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ أَشْيَاءَهُمْ وَلَا تُفْسِدُوا فِي الْأَرْضِ بَعْدَ إِصْلَاحِهَا (اعراف آیت 85)

ترجمہ:۔ تو ناپ اور تول پورا کرو اور لوگوں کی چیزیں گھٹا کر نہ دو اور زمین میں اصلاح کے بعد فساد مت پھیلاؤ۔

ناپ تول اور وزن نہ گھٹانے کے ساتھ ساتھ پھر زمین کی اصلاح کے بعد ہر طرح کی آلودگی سے منع فرمایا ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

درج ذیل آیات ترقی یافتہ ممالک اور ماحول پر بوجھ لوگوں کے لئے گویا مخصوص ہیں۔

وَلَا تُبَذِّرْ تَبْذِيرًا إِنَّ الْمُبَذِّرِينَ كَانُوا إِخْوَانَ الشَّيَاطِينِ وَكَانَ الشَّيْطَانُ لِرَبِّهِ كَفُورًا (بنی اسرائیل آیت 27_26)

ترجمہ :- اور فضول خرچی نہ کرو بے شک فضول خرچی کرنے والے شیطان کے بھائی ہیں اور شیطان اپنے رب کا بڑا ناشکرا ہے۔

وسائلِ قدرت کا بے دریغ استعمال جرم ہے یہ لوگ شیطان کے بھائی اور ناشکرے ہیں۔ امریکہ صفِ اول کا مجرم ہے دنیا کی آبادی کا پانچ فیصد ہے اور آلودگی میں 35 فی صد کا ذمہ دار جبکہ وسائل قدرت کے استعمال کی شرح بھی اتنی ہی ہے۔ انکساری کے لئے یوں فرمایا گیا۔

وَلَا تَمْشِ فِي الْأَرْضِ مَرَحًا إِنَّكَ لَنْ تَخْرِقَ الْأَرْضَ وَلَنْ تَبْلُغَ الْجِبَالَ طُولًا (بنی اسرائیل آیت 37)

ترجمہ :- اور زمین میں اترا کر نہ چل بے شک ہرگز زمین نہ چیر ڈالے گا اور ہرگز بلندی میں پہاڑوں کو نہ پہنچ سکے گا۔

تکبر اور غرور کو منع فرمایا ہے یہی تو ابتدا ہوتی ہے ناانصافی، ظلم اور دوسروں کے حق مارنے کی۔ خوشحالی کے راگ الاپنے والے یہ آیت بھی پڑھتے چلیں۔

وَإِذَا أَرَدْنَا أَنْ نُهْلِكَ قَرْيَةً أَمَرْنَا مُتْرَفِيهَا فَفَسَقُوا فِيهَا فَحَقَّ عَلَيْهَا الْقَوْلُ فَدَمَّرْنَاهَا تَدْمِيرًا (بنی اسرائیل آیت 16)

ترجمہ :- اور جب ہم کسی بستی کو ہلاک کرنا چاہتے ہیں تو اس کے خوشحالوں پہ احکام بھیجتے ہیں پھر وہ اس میں بے حکمی کرتے ہیں تو اس پر بات پوری ہوجاتی ہے تو ہم اسے تباہ و برباد کردیتے ہیں۔ (بلا تبصرہ .....)

آلودگی سے پاک حلال روزی پر یوں فرمایا۔

وَكُلُوا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللَّهُ حَلَالًا طَيِّبًا (المائدہ آیت 88)

ترجمہ :- اور کھاؤ جو کچھ اللہ نے تمہیں روزی دی حلال و پاکیزہ۔

حلال کے ساتھ ساتھ پاک (آلودگی سے پاک) رزق کا حصول ضروری ہے۔

صاف ستھرے ماحول والوں کے لئے بلکہ اچھے ماحول کے متلاشی لوگوں کے لئے یوں فرمایا۔

إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ التَّوَّابِينَ وَيُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِينَ (البقرہ آیت 222)

ترجمہ :- بے شک اللہ پسند کرتا ہے بہت توبہ کرنے والوں کو اور پسند کرتا ہے صاف ستھروں کو۔

اب یہ آیت بھی پڑھیے۔

وَاللَّهُ يُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِينَ (التوبہ آیت 108)

ترجمہ :- اور اللہ پسند کرتا ہے صاف ستھروں کو۔

مندرجہ بالا آیات میں غرور کرنے کو منع فرمایا گیا ہے۔ یہ شیطان کی فطرت بتائی گئی ہے۔ نیز ایک جان کو مارنا ساری انسانیت کا قتل فرمایا گیا ہے۔ آج آلودگی کے باعث ہرسال لاکھوں افراد صرف گدلے پانی سے بیمار ہو کر مرتے ہیں (ایک ہزار بچے فی گھنٹے کے لگ بھگ) پرندوں اور دیگر جانداروں کی تعداد نا معلوم ہے یہ قتل و غارت کے کس درجے میں آتی ہے درج ذیل آیت میں دیکھ لیجئے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

مِنْ اَجْلِ ذٰلِکَ کَتَبْنَا عَلٰی بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ اَنَّهٗ مَنْ قَتَلَ نَفْسًا بِغَیْرِ نَفْسٍ اَوْ فَسَادٍ فِی الْاَرْضِ فَکَاَنَّمَا قَتَلَ النَّاسَ جَمِیْعًا وَمَنْ اَحْیَاهَا فَکَاَنَّمَآ اَحْیَا النَّاسَ جَمِیْعًا۔ (المآئدہ آیت 32)

ترجمہ :۔ بے شک ہم نے بنی اسرائیل میں لکھ دیا کہ جس نے کوئی جان قتل کی بغیر جان کے بدلے یا زمین میں فساد کئے تو گویا اس نے سب کو قتل کیا۔ اور جس نے ایک جان کو جلایا اس نے سب کو جلایا۔ آلودگی، فساد اور ساری انسانیت پر بات ہی ختم ہوگئی۔

تکبر کے بارے میں یوں فرمایا :۔

قَالَ فَاهْبِطْ مِنْهَا فَمَا یَکُوْنُ لَکَ اَنْ تَتَکَبَّرَ فِیْهَا فَاخْرُجْ اِنَّکَ مِنَ الصّٰغِرِیْنَ (اعراف آیت 13)

ترجمہ :۔ فرمایا (شیطان کو) یہاں سے اتر جا تجھے نہیں پہنچتا کہ یہاں رہ کر تکبر (غرور) کرے نکل تو ہے ذلت والوں میں۔

آلودگی پھیلانا ناشکری اور تکبر ہے اللہ نے ناشکری پر فرمایا۔

وَلَقَدْ مَکَّنّٰکُمْ فِی الْاَرْضِ وَجَعَلْنَا لَکُمْ فِیْهَا مَعَایِشَ قَلِیْلًا مَّا تَشْکُرُوْنَ (الاعراف آیت 10)

ترجمہ :۔ بے شک ہم نے تمہیں زمین میں جماؤ دیا اور اس میں تمہارے لئے زندگی کے اسباب بنائے بہت ہی کم شکر کرتے ہو۔

ناشکری پر عذاب آنے کے بارے میں یوں فرمایا :

فَاَرْسَلْنَا عَلَیْهِمُ الطُّوْفَانَ وَالْجَرَادَ وَالْقُمَّلَ وَالضَّفَادِعَ وَالدَّمَ

اٰیٰتٍ مُّفَصَّلٰتٍ فَاسْتَکْبَرُوْا وَکَانُوْا قَوْمًا مُّجْرِمِیْنَ (الاعراف آیت 133)

ترجمہ :۔ تو بھیجا ہم نے ان (بنی اسرائیل) پر طوفان اور ٹیڑھی اور گھن (یا جوئیں) اور مینڈک اور خون جدا جدا نشانیاں تو انہوں نے تکبر کیا اور وہ مجرم قوم تھی۔

ہم بھی مبتلائے عذاب ہیں مگر سوچتے نہیں

دور حاضر میں ماحول کو پراگندہ کرنا اتنا بڑا جرم ہے کہ خدا کی پناہ چشمِ عبرت کھول کر یہ بھی پڑھیے۔

وَهُوَ مَعَکُمْ اَیْنَ مَا کُنْتُمْ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِیْرٌ۔ (الحدید آیت 4)

ترجمہ :۔ اور وہ تمہارے ساتھ ہے تم کہیں ہو اور اللہ تمہارے کام دیکھ رہا ہے۔

ہوا، پانی، مٹی اور ہر ہر عنصر کے دشتِ جاں میں، نباتات، حیوانات وغیرہ کے جسموں میں یہ جو آلودگی کا زہر ہم بھر رہے ہیں۔ اور لاکھوں انسان ہماری پھیلائی ہوئی آلودگی کے سبب جان سے ہاتھ دھو رہے ہیں۔ آبی حیات روبہ وفات ہورہی ہے غرض آلودگی کا آسیب ماحول پر بری طرح چھایا ہوا ہے اور زندگی اجیرن ہورہی ہے تو اللہ ہمارے کام دیکھ رہا ہے جلد فیصلے اور انصاف کا دن آنے والا ہے۔

اس باب میں انسانی تخلیق کے مختلف پہلوؤں کا تفصیلی ذکر ہوا۔ اللہ تعالیٰ نے انسان کو کتنے مدارج کے بعد سننے دیکھنے والا اور سمجھنے والا بنادیا۔ جہاں تک وسائلِ قدرت کا تعلق ہے تو اس کرۂ ارض پر انسان کے مقابل کوئی بھی نہیں ہے۔ لہذا ان کا وسائل کو بے دریغ استعمال

toobaa-elibrary.blogspot.com

بے معنی اور غیر منطقی ہے۔ پھر ہوا، پانی مٹی اور عناصرِ قدرت میں بے تحاشا آلودگی پھیلا کر جس طرح بنی نوع انسان نے حیاتِ پُر بہار کو ناگوار اور اذیت ناک بنالیا ہے اس سے کسی طرح بھی انسان کی عقلمندی اور عاقبت اندیشی نہیں جھلکتی۔ ہونا تو یوں چاہیے تھا کہ انسان قدرت کے دیئے ہوئے عطیات کو سلیقے سے استعمال کرتا، صبر و شکرِ خداوندی کے ساتھ ساتھ کرۂ ارض پر بسنے والے تمام انسانوں اور دیگر ساکنانِ بزمِ ہستی کو انکے جائز حقوق دیتا مگر بد قسمتی سے ایسا نہیں ہوا۔ یہی وجہ ہے کہ ہم آلودگی پھیلا کر لاکھوں انسانی جانوں کے ساتھ ساتھ جانوروں اور نباتات کو بھی ختم کررہے ہیں۔

اگر سورہ المائدہ کی مندرجہ بالا آیات پر غور کیا جائے تو صاف معلوم ہوتا ہے کہ ہم نے ایک دو نہیں لاکھوں جانوں کی ہلاکت کے سبب بنی نوع انسان کے مجموعی قتل و غارت کا ارتکاب کیا ہے چنانچہ یہ جرم اتنا سنگین ہے کہ اس کے لئے دنیاوی عدالت کی بجائے اللہ کی عدالت میں بات ہوگی ....

روئے زمین پر انسان کی آمد گھڑی دو گھڑی کی بات ہے۔ کہتے ہیں کہ کائنات پندرہ بلین سال قدیم ہے جبکہ ہماری زمین کی پیدائش کو صرف 4.6 بلین سال گزرے ہیں۔ انسانوں کی آمد سے پہلے جب کاروبارِ حیات کا آغاز ہوا تھا تو انجانی مخلوقات یہاں بسا کرتی تھیں اب تک کم و بیش ایک بلین کے لگ بھگ جانداروں کی نسلیں (Species) زمین پر بستی رہی ہیں۔ جن میں سے 98 فیصد ناپید (Extinct) ہوچکی ہیں۔ اگر بقول ماہرین فرض کریں کہ انسان آج سے 100،000 سال پہلے یہاں آباد ہوا تو پھر تہذیب کو ابھرے ہوئے فقط 10،000 سال

گزرے ہیں۔ پہیہ چار ہزار سال پہلے اور ہوائی جہاز اس کے صدیوں بعد بنا (تقریباً سو سال پہلے) اگر زمین کی زندگی کو (4.6 بلین سال) ایک سال کی فلم پر محیط کریں (146 سال فی سیکنڈ کے پیمانے پر) تو انسان کی آمد کو کسی گورے نے یوں لکھا ہے :۔

"If we compact the history of earth in a movie lasting one year, life would not appear before march, multi cellular organism not before November, Dinosaurs not until December 13, (lasting 26th Dec only), Mammals not until December 15, Homosapiens not until eleven minute to mid night and civilization just oneminute ago. Therefore civilization is only 0.000002 % of earth's life.

اب آپ ہی بتایئے روئے زمین پر انسانی تہذیب کل کی بات ہے یا نہیں یہی وجہ ہے کہ جب اللہ تعالیٰ مردوں کو زندہ کرکے استفسار فرمائے گا کہ زمین میں کتنا عرصہ رہے تو وہ گھڑی دو گھڑی کی بات کریں گے۔ اتنے مختصر سے عرصۂ حیات میں حضرتِ انسان نے ماحول کو سہمی ہوئی ہرنی کی طرح بھگا بھگا کر ادھ مُوا کردیا ہے اسی بات کو چرچل نے یوں کہا تھا۔

Never have so few done so much in so short a time.

یہ تو اچھا ہوا کہ شیطان نے حضرت آدمؑ و حوا کو بڑی تاخیر سے جنت سے بیدخل کروادیا ورنہ انسان کرہ ارض کو ابرہہ کے لشکر کی طرح کبھی کا روند کر رکھ دیتا۔ انسان نے سائنس اور ٹیکنالوجی کے دور میں

toobaa-elibrary.blogspot.com

صنعتی ترقی کی مد میں کرۂ ارض کے ماحول کو واقعی بہت نقصان بلکہ صدمہ پہنچایا ہے جس سے زمین ابھی تک ابتری کا شکار ہے اور ہوتی ہی چلی جارہی ہے۔ امریکہ ہی کو لیجئے دنیا کی آبادی کا صرف پانچ فیصد ہونے کے باوجود عالمی سطح پر 35 فیصد آلودگی کا اکلوتا ذمہ دار ہے ایک امریکی 54 ٹن توانائی سالانہ جبکہ ہمارے ہاں صرف 1.4 ٹن فی کس استعمال ہوتی ہے۔

پسماندہ ممالک میں صنعتی ترقی کی بجائے آبادی کے کرام نے زمین کو بیدِ مجنوں کی طرح کپکپا دیا ہے اور تو اور زمین اپنی استطاعت (Carrying capacity) سے زیادہ بوجھ اٹھاتے اٹھاتے دوہری ہوتی جارہی ہے۔ اس وقت ترقی یافتہ ممالک کی آبادی 1.3 بلین جبکہ پسماندہ ممالک اور ترقی پذیر ممالک کی آبادی پانچ بلین کے لگ بھگ ہے۔

ایک تخمینے کے مطابق پردۂ حیات پر ہر سیکنڈ میں 170 نئے چہرے ابھر رہے ہیں۔ یوں روزانہ میکسیکو سٹی کے برابر نیا شہر اس ضمن میں وجود پاتا ہے۔ علم حاصل کرنے کے لئے ہم نے سرزمین چین کا نام بہت سنا تھا۔ اب سنا کہ چین کی موجودہ آبادی ایک بلین کے لگ بھگ ہے 150 سال پہلے دنیا کی کل آبادی اتنی ہی تھی (ایک بلین کے قریب) (پاک چین دوستی زندہ باد) شاید یہی وجہ ہے ہمارے ہاں بھی آبادی خوشحال بیکٹیریا کی طرح پھل پھول رہی ہے۔

کبھی آبادی صدیوں میں دگنی نہ ہوتی تھی۔ اب برق رفتاری کے سبب 23 سے 39 سال میں دگنی ہوجاتی ہے۔ (اسی کو تو بہبودِ آبادی کہتے ہیں ہم بھولے بھالے لوگ ....

اگر مشرق نے آبادی کے دباؤ سے کرۂ ارض کو روبہ قیامت کیا

ہے تو مغرب نے آلودگی سے جبھی تو بے چین شاعر نے کہا تھا

یہ بستی ہے ستم پرور دگاں کی
یہاں کوئی کسی سے کم نہیں ہے

کتنے دکھ اور افسوس کی بات ہے کہ کائنات کے جس دولہا کے لئے تمام موجودات مسخر فرمائی گئی ہیں وہی اس کے دلربا اور جانفزا ماحول کو پورس کے ہاتھیوں کی طرح تباہ و برباد کررہا ہے۔ جس طرح خوراک کے ذریعے نباتات کے جھنڈ اور غلے و ثمرات آلودگی کے زہر میں اٹے جارہے ہیں اور من و سلویٰ کے خوان اترنے کے امکانات معدوم ہیں اسی طرح ہوا، پانی اور زمین (Soil) جیسی ناگزیر نعمتیں ہمیں فلک کے دروں سے ہرگز نہ مل سکیں گی۔ اگر ماحول کے آبگینوں کو سنبھال سنبھال کر نہ رکھا گیا تو ایک نہ ایک دن (وہ دن دور نہیں) ماحول کی کرچیاں پائے حیات کو لہولہان کردیں گی۔

یوں تو انسان نے کرۂ ارض کو طرح طرح کے آلام پہنچا کر خطہ جہنم بنا لیا ہے پھر بھی چلتے چلتے انسان کے چند کرتوتوں پر طائرانہ نظر ڈالتے چلیے۔

انسانی آبادی میں اضافے کی شرح 170 = نفوس فی سیکنڈ

جانداروں کا ناپید ہونا (Extinc: tion) 40 سے 140 اقسام روزانہ۔

کُشتۂ آبِ آلودہ = کئی ملین افراد سالانہ

اوزون کی چادر/ چار دیواری = ناقابل برداشت حد تک میں رخنہ اندازی

تیزابی بارش کے شاخسانے = یورپ ترقی یافتہ ممالک کی ہزاروں مردہ جھیلیں

فضائی و زمینی آلودگی کے آلام = لاکھوں افراد مبتلائے آلام

toobaa-elibrary.blogspot.com

جنگلات کی محرومی = فٹ بال گراؤنڈ فی سیکنڈ

بھوک سے اموات 42 ملین افراد سالانہ

فضائی آلودگی کا شکار = دو بلین افراد

صاف پانی کی متلاشی = دنیا کی آدھی آبادی

اس کے علاوہ انگنت پرندوں اور دیگر جانداروں کے ساتھ ساتھ نباتات کی ان گنت اقسام میں آلودگی سے زہر بھرنا بنی نوع انسان کا معمول بن گیا ہے۔ بھلا بتایئے ایسے میں ہم قیامت سے پہلے قیامت کی باتیں نہیں کررہے۔ دور حاضر میں انسان کا نتائج سے بے خبر رہ کر آلودگی پھیلانا قابیل کے ہاتھوں ہابیل کے قتل سے بہت مشابہ ہے روئے زمین پر فساد، سفاکی اور بربریت کی یہ اولین مثال ہے۔ جب قابیل نے ہابیل کو جان سے مار دیا تو لاش ٹھکانے لانے کے لئے بے چین ہوا۔ پھر کوے کو زمین کھود کر دیکھنے پر پچھتایا کہ اس سے تو کوا بہتر ہے تدبیر کرنے میں۔ انسان نے بھی ماحول میں جو آلودگی پھیلائی ہے تو اب اس کے تدارک کرنے کے لئے بوکھلایا پھرتا ہے۔

دورِ حاضر میں آلودگی فساد کی ترقی یافتہ نسل ہے جو ارتقا کے عمل سے ہابیل اور قابیل کی باہم خونریزی سے چل کر اب بغیر تیغ اور تیر کے لوگوں کی ہلاکت کا باعث بن رہی ہے۔ کھیتوں کو تباہ کرنا فساد کی ایک نوع ہے یوں جنگلات تباہ کرنا اور نباتات و حیوانات کی سلطنتوں کو تباہ کرنا سبھی کچھ فساد یا آلودگی کی سفاکی میں شمار ہوتا ہے اور اس کی سزا اللہ ہی کے بس میں ہے۔ جو واضح دلیل کے ساتھ بتادی گئی ہے۔۔۔۔

دارِ فانی کا معصوم سیارہ

اربوں نوری سالوں پر پھیلی ہوئی وسیع و عریض کائنات میں زمین اور اس کا جانفزا ماحول بلاشبہ خالقِ کائنات کی ناقابلِ تردید صناعی ہے۔ جہاں ہوا، پانی اور ان گنت نعمت ہائے خداوندی اپنی تمامتر صلاحیتوں کے ساتھ کارفرما ہیں۔ زمین اس کی پیدائش اور زینت کے مرحلے دلچسپ ہیں اور انسان کو ورطۂ حیرت میں ڈال دیتے ہیں۔ چنانچہ ارشادِ خداوندی ہے:۔

قُلْ اَئِنَّكُمْ لَتَكْفُرُوْنَ بِالَّذِیْ خَلَقَ الْاَرْضَ فِیْ یَوْمَیْنِ وَتَجْعَلُوْنَ لَهٗۤ اَنْدَادًا ذٰلِكَ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ۔ وَجَعَلَ فِیْهَا رَوَاسِیَ مِنْ فَوْقِهَا وَبٰرَكَ فِیْهَا وَقَدَّرَ فِیْهَاۤ اَقْوَاتَهَا فِیْۤ اَرْبَعَةِ اَیَّامٍ سَوَآءً لِّلسَّآئِلِیْنَ۔ ثُمَّ اسْتَوٰۤى اِلَى السَّمَآءِ وَهِیَ دُخَانٌ فَقَالَ لَهَا وَلِلْاَرْضِ ائْتِیَا طَوْعًا اَوْ كَرْهًا قَالَتَاۤ اَتَیْنَا طَآئِعِیْنَ۔ فَقَضٰىهُنَّ سَبْعَ سَمٰوَاتٍ فِیْ یَوْمَیْنِ۔ (حم سجدہ آیت 9 سے 12)

ترجمہ:۔ تم فرماؤ کیا تم اس کا انکار رکھتے ہو جس نے دو دن میں زمین بنائی اور اس کا ہمسر ٹھراتے ہو۔ وہ ہے سارے جہاں کا رب۔ اور اس میں اس کے اوپر سے لنگر ڈالے اور اس میں برکت رکھی۔ اور اس میں اس کے بسنے والوں کے لئے روزیاں مقرر کیں۔ اور یہ سب مل کر چار دن ہیں ٹھیک جواب پوچھنے والوں کو۔ پھر آسمان کی طرف قصد فرمایا اور وہ دھواں تھا تو اس سے اور زمین سے فرمایا کہ دونوں حاضر ہوجاؤ خوشی سے چاہے ناخوشی سے دونوں نے کہا ہم رغبت کے ساتھ حاضر ہوئے تو انہیں پورے ساتھ کردیا دو دن میں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اکثر سائنسدان اس بات پر متفق ہیں کہ زمین و آسمان اور تمام موجودات کائنات پہلے یکجا تھیں پھر انہیں یوں منتشر کردیا گیا کہ زمین آگ کے انتہائی گرم گولے کی صورت اپنے مقرر کردہ راستوں پر گردش کرنے لگی تاکہ کشش ثقل کی بنیادی قوت کو متوازن کرسکے۔ اس اصول پر رب کائنات اور خالق حقیقی نے تمام کائنات کو گردش کے تانے بانے میں جکڑ کر کائنات کا وجود بنایا۔ کہتے ہیں کہ زمین کی عمر 4.6 بلین سال کے لگ بھگ ہے۔ پہلے پہل زمین کی کوئی شکل نہ تھی۔ اس کے گرم مادے (Magma) سرد ہونے میں اربوں سال لگ گئے۔

زمین سرد ہونے کے ساتھ ساتھ نئے نئے خدوخال دھارتی رہی، سنورتی رہی پھر زندگی کے رنگ روپ ابھرے۔ اللہ تعالیٰ نے پیچیدہ نظام حیات اور زمین کے پرپیچ ادوار کو نہایت سادہ الفاظ میں اوپر بیان فرمایا۔ زمین اس کی طبعی ساخت اور ماہیت کے بارے میں جاننا دلچسپی سے خالی نہیں ہے۔

زمین کا وزن = 5.975×10^{27} گرام

حجم = 1.083×10^{29} مکعب سینٹی میٹر

رقبہ = 5.1×10^{18} مربع سینٹی میٹر

اوسط کثافت = 5.517 گرام فی مکعب سینٹی میٹر

ہوا کا غلاف = 17 - 10 کلومیٹر

خط استوا سے نصف قطر = 6378 کلومیٹر

قطبین سے نصف قطر = 6356 کلومیٹر

سورج سے زمین کی جانب حرارت کی مقدار = 5.5×10^{24} کیلوری سالانہ

سورج کے گرد زمین کی گردش کا زاویہ = 23.5 ڈگری

آئیے چند قرآنی آیات دیکھتے ہیں زمین کے بارے میں :۔

وَهُوَ الَّذِي خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ فِي سِتَّةِ أَيَّامٍ وَكَانَ عَرْشُهُ عَلَى الْمَاءِ (ھود آیت 7)

ترجمہ :۔ وہی ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو چھ دن میں بنایا اور اس کا عرش پانی پر تھا۔

اس بات کو دوسرے انداز میں سورہ اعراف میں یوں فرمایا۔

إِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِي خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ فِي سِتَّةِ أَيَّامٍ۔ (اعراف آیت 54)

ترجمہ :۔ بے شک تمہارا رب وہ ہے جس نے آسمان وزمین چھ روز میں بنائے۔

درج ذیل آیت میں ارض و سما کے درمیان کا ذکر یوں فرمایا۔

هُوَ الَّذِي خَلَقَ لَكُمْ مَا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا ثُمَّ اسْتَوٰى إِلَى السَّمَاءِ فَسَوّٰهُنَّ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ۔ (بقرہ آیت 29)

ترجمہ :۔ جس نے آسمان اور زمین اور جو کچھ اس کے درمیان ہے چھ دن میں بنایا پھر عرش پر استوا فرمایا جیسا اس کی شان ہے۔ (کاش ہم اللہ کی شان سمجھ سکتے یا کوشش کرتے سمجھنے کی)

سورہ الانعام میں ارض و سما کو حق یوں فرمایا۔

وَهُوَ الَّذِي خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ بِالْحَقِّ (الانعام آیت 73)

ترجمہ :۔ اور وہی ہے جس نے آسمان و زمین حق بنائے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَمَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ ۔ (الحجر آیت 85)

ترجمہ :۔ اور ہم نے آسمان و زمین اور جو کچھ ان کے درمیان ہے عبث نہ بنایا۔

اللہ کی حکمتیں انسان کے ادراک سے باہر ہیں۔ جوں جوں اللہ کی جانب سے علم کی روشنی اور آگہی ہمیں مل رہی ہے اللہ کی عظمت، بزرگی اور قدرت پر عقلِ انسانی دنگ ہو رہی ہے۔ نباتات، جمادات، حیوانات انسان اور وہ مخلوقات جو ہم سے مستور ہیں سب اللہ کا لشکر ہیں۔ چنانچہ ارشاد باری تعالیٰ ہے :۔

وَلِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ (الفتح آیت 7)

ترجمہ :۔ اور اللہ ہی کے ہیں آسمانوں اور زمین کے تمام لشکر۔

ایک جگہ یوں فرمایا :

وَمِنْ اٰيٰتِهٖ خَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافُ اَلْسِنَتِكُمْ وَاَلْوَانِكُمْ (الروم آیت 22)

ترجمہ :۔ اور اس کی نشانیوں میں سے ہے آسمانوں اور زمین کی پیدائش اور تمہاری زبانوں اور رنگوں کا فرق ۔

ایک جگہ یوں فرمایا:۔

وَلَهٗٓ اَسْلَمَ مَنْ فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا (آل عمران آیت 83)

ترجمہ :۔ اور اس کے حضور گردن رکھے ہوئے ہیں تمام جو آسمانوں میں ہیں اور زمین میں خوشی اور مجبوری سے۔

اب یہ آیت بھی ملاحظہ فرمایئے:۔

لَخَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَكْبَرُ مِنْ خَلْقِ النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ۔ (المومن آیت 57)

ترجمہ :۔ بے شک آسمانوں اور زمین کی پیدائش انسانوں کی پیدائش سے بڑی ہے مگر اکثر لوگ نہیں جانتے۔

اس آیت میں مرکر جینے پر واضح دلیل ہے۔ ارض و سما کی پیدائش کے بارے میں یہ بھی پڑھیے اور اللہ کو یاد کیجیے۔

اَوَلَمْ يَرَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنَّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ كَانَتَا رَتْقًا فَفَتَقْنٰهُمَا ۔ (الانبیاء آیت 30)

ترجمہ :۔ کیا کافروں نے یہ خیال نہ کیا کہ آسمان و زمین بند تھے تو ہم نے انہیں کھولا۔

سورج کے گرد گھومتی اور اپنے مدار پر ڈولتی زمین کو بچھونا بنا کر یوں فرمایا۔

الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ مَهْدًا وَّجَعَلَ لَكُمْ فِيْهَا سُبُلًا لَّعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ (الزخرف آیت 10)

ترجمہ :۔ وہی ہے جس نے تمہارے لئے زمین کو بچھونا بنایا اور تمہارے لئے اس میں راستے کیے تاکہ راہ پاؤ۔

اگر اللہ زمین کو قابو نہ کرتا تو عربی گھوڑے کی طرح بے قابو

toobaa-elibrary.blogspot.com

ہوجاتی ..... چشم عبرت کھول کر یہ بھی پڑھتے چلئے:۔

اِنَّ الْاَرْضَ لِلّٰہِ یُوْرِثُہَا مَنْ یَّشَاۗءُ مِنْ عِبَادِہٖ۔ (اعراف آیت 128)

ترجمہ :۔ بے شک زمین کا مالک اللہ ہے اپنے بندوں میں سے جسے چاہے وارث بنائے (زمین کے وارثوں سے پوچھا جائیگا اگلی نسل کو زمین کس حال میں سونپی تھی آلودگی پر پکڑ بھی ہوگی۔)

زمین تو اللہ کی طرف سے امانداری پر مقرر ہے جیسا کہ اللہ نے فرمایا:۔

اَلَمْ نَجْعَلِ الْاَرْضَ كِفَاتًا اَحْيَاۗءً وَّاَمْوَاتًا وَّ جَعَلْنَا فِيْهَا رَوَاسِيَ شٰمِخٰتٍ وَّاَسْقَيْنٰكُمْ مَّاۗءً فُرَاتًا۔ (المرسلٰت آیت 25)

ترجمہ :۔ کیا ہم نے زمین کو جمع کرنے والی نہ کیا۔ زندوں اور مردوں کی اور ہم نے اس میں اونچے اونچے لنگر (پہاڑ) ڈالے اور ہم نے تمہیں خوب میٹھا پانی پلایا۔

دہکتی زمین کو رام کیا۔ اللہ نے اسباب زندگی مہیا کئے۔ پھر یوں فرمایا:۔

وَلَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِي الْاَرْضِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا مَعَايِشَ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ (الاعراف آیت 10)

ترجمہ :۔ بے شک ہم نے تمہیں زمین میں جماؤ دیا اور تمہارے لئے اس میں زندگی کے اسباب بنائے بہت کم شکر کرتے ہو۔

واقعی ہم بے حد ناشکرے ہیں ذرا سورج ہی کو دیکھئے بھلا وہاں بسنے کا تصور ہم کبھی کرسکتے ہیں۔ زمین کے رام کرنے پر یوں بھی ارشاد ہوا:۔

اَلَمْ نَجْعَلِ الْاَرْضَ مِهٰدًا ۙ وَّالْجِبَالَ اَوْتَادًا ۙ وَّخَلَقْنٰكُمْ اَزْوَاجًا

(النبا آیت 6،7،8)

ترجمہ :۔ کیا ہم نے زمین کو بچھونا نہ کیا اور پہاڑوں کو میخیں اور تمہیں جوڑے بنایا۔

ہم دیکھتے ہیں کہ رزق ہو یا تمام اسبابِ زندگی جنت سے بے دخلی کے بعد اللہ نے زمین پر بنی نوع انسان کو اپنی حکمت سے خوب بسایا اور نعمتیں عطا فرمائیں۔

اللہ نے سورج چاند ستارے سبھی کو زمین اور اس کی موجودات سمیت ہمارے کاموں پر لگادیا اور یوں فرمایا۔

وَسَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا مِّنْهُ (الجاثیہ آیت 13)

ترجمہ :۔ اور تمہارے لئے کام میں لگا دیئے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے۔(جبھی ہم ارضِ مقدس کو مکدر کر رہے ہیں

اسی بات کو دوسرے انداز سے سورہ الحج میں یوں ارشاد فرمایا۔

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ سَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِي الْاَرْضِ (الحج آیت 65)

ترجمہ :۔ کیا تو نے نہ دیکھا اللہ نے تمہارے بس میں کردیا جو کچھ زمین میں ہے۔

زمین کو رام فرمانے اور رزق خداوندی سے بہرہ ور ہونے کے لئے ارشاد باری تعالیٰ دیکھئے۔

هُوَ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ ذَلُوْلًا فَامْشُوْا فِيْ مَنَاكِبِهَا

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَكُلُوْا مِنْ رِّزْقِهٖ (الملک آیت 15)

ترجمہ :۔ وہی ہے جس نے تمہارے لئے زمین رام کردی۔ تو اس کے رستوں میں چلو اور اللہ کی روزی میں سے کھاؤ۔

زمین پر آلودگی پھیلانے والو! یہ بھی پڑھتے چلو:۔

يَعْلَمُ مَا يَلِجُ فِي الْأَرْضِ وَمَا يَخْرُجُ مِنْهَا وَمَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَاءِ وَمَا يَعْرُجُ فِيهَا وَهُوَ الرَّحِيمُ الْغَفُورُ (السبا آیت 2)

ترجمہ :۔ اللہ جانتا ہے جو کچھ زمین میں جاتا ہے اور جو اس سے نکلتا ہے اور جو آسمان سے اترتا ہے اور جو اس میں جاتا ہے۔ اور اللہ غفور الرحیم ہے۔

یہ آیت اتنی واضح اور ہمہ گیر ہے اور سادہ و دل نشیں کہ تبصرہ کی جرات نہیں ہوتی۔ (اگر اب بھی آلودگی پھیلانے سے توبہ کرلیں تو وہ معاف فرما دے گا)

یہ آیت بھی دیکھیے

وَإِنْ مِنْ شَيْءٍ إِلَّا عِنْدَنَا خَزَائِنُهُ وَمَا نُنَزِّلُهُ إِلَّا بِقَدَرٍ مَعْلُومٍ (الحجر آیت 21)

ترجمہ :۔ اور کوئی چیز نہیں جس کے ہمارے پاس خزانے نہ ہو ہم اسے ایک معلوم اندازے سے اتارتے ہیں۔ (یہ فطرت کا توازن ہے)

زمین کی حیثیت راشن ڈپو کی طرح ہوگئی اللہ کے رزق اور ہر طرح کے خزانے آسمانوں سے یہیں اترتے ہیں پھر ہر ایک کو مقدار بھر ملتے ہیں۔ اب اپنی دکھتی رگ چھو کر یہ پڑھیے:۔

إِنَّا جَعَلْنَا مَا عَلَى الْأَرْضِ زِينَةً لَهَا لِنَبْلُوَهُمْ أَيُّهُمْ أَحْسَنُ عَمَلًا (کہف آیت 7)

ترجمہ :۔ بے شک ہم نے زمین کا سنگار کیا جو کچھ اس پر ہے تاکہ تمہیں آزمائیں کس کا عمل بہتر ہے۔

یہاں اللہ نے انسانوں کی دکھتی رگ پر ہاتھ رکھا ہے۔ زمین کو خوب زینت دی اس کی آرائش فرمائی اور طرح طرح کی دلفریبیاں اور لذتیں رکھ دیں پھر انسان کو ارادہ، اختیار، عقل اور شعور عطا کیا نفس اور احساس محبت و نفرت غرض سبھی جذبات دیے تاکہ آزمائے ہم میں سے اعمالِ احسن کون کرتے ہیں۔

اچھے برے اعمال کا پتہ تو اس دن ہوگا جب آخرت میں میزان رکھی جائے گی اور نیکی و بدی کا کوئی ذرہ بھی پوشیدہ نہ رہے گا ذاتِ باری تعالیٰ سے (اور نہ اب بھی پوشیدہ ہے) البتہ جس بے دردی سے ہم آلودہ ذہن لوگ زمین اور اس کے وسائل کو آلودہ کررہے ہیں بس اس پر پکڑ ضرور ہوگی بہتری اسی میں ہے کہ اب بھی اپنی اصلاح کرلی جائے تاکہ آخرت کی رسوائی سے بچ سکیں۔

زمین اور اسکے معاملات کو آیئے دنیا کی عینک اور سائنس کی فضا میں دیکھتے ہیں ......

زمین کی پیدائش اور کائنات میں اس کی جائے وقوع کو خاص اہمیت حاصل ہے۔ سورج سے زمین کا فاصلہ ہی لیجیے اگر یہ فاصلہ کم و بیش ہوجاتا تو زندگی کی بقا ممکن نہ ہوتی۔ زمین کا پگھلے ہوئے لاوے کو اپنے شکم میں لئے زندگی کی گہما گہمی کو برقرار رکھنا صرف حکمِ پروردگار سے ہی ممکن ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اگر زمین اپنے محور کے گرد 23.5 ڈگری پر جھکی نہ ہوتی تو زندگی بڑی دشوار ہوجاتی اگر یہ زاویہ بڑھ جاتا تو قطبین کی برف محض چند سالوں میں پگھل کر ہمیں خس و خاشاک کی طرح بہا لے جاتی۔ اسی طرح اگر یہ زاویہ کم ہوجاتا تو قطبین کا احاطہ بڑھتے بڑھتے یورپ کو بھی اپنی لپیٹ میں لے لیتا اور زندگی صرف خطِ استوا کے گرد منڈلاتی رہتی۔

دن اور رات کی تبدیلی، ہواؤں کا چلنا، موسموں کا بدل بدل کر آنا بھی کچھ زمین کی موجودہ پوزیشن کی وجہ سے ہے۔ زمین اپنے محور کے گرد 24 گھنٹے میں ایک چکر پورا کرتی ہے اگر یہ وقت 30 گھنٹے ہوجائے تو اتنی تیز ہوائیں چلیں کہ عذابِ الٰہی کی آمد کا یقین ہونے لگے۔ اگر یہ چکر بیس گھنٹے میں مکمل کرتی تو نباتات کو اپنی حیاتیاتی سرگرمیوں کے لئے "ٹائم آؤٹ" لینا پڑتا جسکا حصول یوں ممکن نہ تھا۔ معلوم ہوا کہ اللہ نے نہ صرف زمین کو بننے کا حکم دیا بلکہ سنورنے اور رام ہونے کا بھی جبھی تو اتنا متوازن ماحول میسر آیا۔

اربوں سال پہلے سے زمین مختلف ادوار سے گزرتی رہی۔ حکم پروردگار سے اس میں نباتات کے وسیع جنگلات ابھرے یوں ہوا میں آکسیجن کا موجود تناسب (20%) عمل میں آیا۔ بیکٹریا اور دیگر مائیکروب نے چٹانوں پر گزر بسر کرکے مٹی (Soil) کو جنم دیا اور حیوانات کی زندگی کے لئے راہیں ہموار کیں۔

اسی بننے سنورنے اور اصلاح پانے کو یوں فرمایا۔

ولا تفسدو فی الارض بعد اصلاحھا (اعراف آیت 56)

ترجمہ:۔ اور زمین میں فساد مت پھیلاؤ اس کی اصلاح کے بعد اصلاح میں زمین کے اور خواص سمیت زرخیزی کی جانب بھی واضح اشارہ ہے۔

جیسا کہ سورۃ الانبیاء میں حضرت ذکریا کی زوجہ محترمہ کو بانجھ سے زرخیز فرماتے ہوئے حضرت یحیٰ کی خوشخبری یوں دی۔

فَاسْتَجَبْنَا لَهُ وَوَهَبْنَا لَهُ يَحْيَىٰ وَأَصْلَحْنَا لَهُ زَوْجَهُ

ترجمہ:۔ اور ہم نے اس کی دعا قبول کی اور اسے یحیٰ عطا فرمایا۔ اور اس کے لئے اس کی بی بی سنواری (الانبیاء آیت 90)

چنانچہ فساد (آلودگی) کو منع فرماکر گویا زمین کے ساتھ ہونے والی اور زیادتیوں سمیت SOIL EROSION کی جانب بھی اشارہ فرما دیا۔

ایک اور جگہ ارشاد ہوا :۔

ترجمہ :۔ اور زمین کو ہم نے فرش کیا اور ہم کیا ہی خوب بچھانے والے ہیں۔

یعنی :۔ بچھائی اسی نے زمین کی بساط
ہر اک سالے میں ملا انضباط

زمین کو بچھانے اور رام کرنے میں وہ تمام احکامات آئے جو انسان کی بقا خوشحالی اور امن و سکون کے لئے ضروری تھے چاہے وہ نباتات کے جھنڈ ہوں یا حیوانات کے ریوڑ، ہوائے جانفزا ہو یا پانی کے دلفریب جھرنے، معدنیات کے ذخیرے ہوں یا توانائی کے ریلے ......

اسی بات کو دوسری جگہ یوں بیان فرمایا :۔

" وہ ہے جس نے تمہارے لئے زمین کو بچھونا کیا اور تمہارے لئے اس میں راستے کیے تاکہ راہ پاؤ اور جس نے آسمان سے پانی اتارا اور ایک اندازے سے اور اس سے مردہ شہر زندہ کردیا۔"

آسمان سے مقررہ مقدار میں پانی اتارے اور اس سے مردہ زمین کو

toobaa-elibrary.blogspot.com

زندہ کردینے کے متعلق قرآن پاک میں متعدد مرتبہ مذکور ہے۔ آج سے چودہ سو سال پہلے تک لوگ نہ جانتے تھے کہ مردہ زمین دراصل ان گنت بیکٹریا اور متعدد مائیکروب کا نہاں خانہ ہے جہاں یہ ننھی ننھی مخلوق عناصرِ قدرت سمیٹے خوابیدہ اور جامد ہے پھر جب پانی پڑا تو یہ گویا مردہ شہر کے شہری یک لخت اٹھ کھڑے ہوئے۔ بیکٹریا نے پانی سے نمو اور تحریک پاکر زمین (Soil) میں سرگرمیاں شروع کردیں۔ طرح طرح کے بیج جو زمین میں بے جان تھے ایک باندھے ہوئے حکم خداوندی کے تحت زمین کی گود سے گویا ابلنے لگے اور دیکھتے ہی دیکھتے مردہ زمین سبزے و اناج اور برگ و ثمر سے آراستہ ہو کر گویا بقیدِ حیات ہوگئی۔ یہ امر اس کی جانب بھی اشارہ ہے کہ یونہی ہم ریزہ ریزہ بلکہ خاک ہو کر دوبارہ اٹھائے جائیں گے۔

پانی کو روزی کا ذریعہ سورج کو اس کام کا معاون اور زمین کو ان گنت مخلوقات کا زچہ خانہ بنا کر کاروانِ حیات کو اللہ نے جس جانب چاہا ہانک دیا۔

ایک اور جگہ اس انداز سے فرمایا:۔

"زمین پھیلائی۔ (بیضوی شکل میں) اس میں اس کا پانی اور چارہ نکالا اور پہاڑوں کو جمایا تمہارے اور تمہارے چوپایوں کے فائدے کے لئے۔

کس خوبصورتی سے اللہ نے زمین کی بیضوی (ناشپاتی جیسی) صورت بنا کر کائنات میں منفرد اور متوازن مقام عطا فرمادیا۔ آگ کے گولے جیسی تپتی زمین کو یہ شکل مرحمت فرما کر اللہ نے پہلے پانی (سمندر وغیرہ کی صورت) کا ذخیرہ عطا فرمایا پھر پانی سے مختلف طرح کی نباتات کا وجود ہوا۔ پہاڑوں کو جمانے سے زمین کے استحکام کا نکتہ واضح فرمایا۔

زمین کے آتش فشاں جسے ہنڈیا کی طرح ابلتے ابلتے ہمیں فلک بوس عمارتیں تو کیا ایک خیمہ بنانے کی مہلت نہ دیتے تب ہم مینہ اور قرار کہاں سے پاتے۔ نباتات سے انسانوں اور چوپایوں کی خوراک سے اللہ نے خوراک کے تانے بانے (Food Chain) کی سادہ طریقہ سے وضاحت فرمادی۔ یہ ہے ربِ مطلق کا کام ....

دنیا کی چیزوں کو اللہ نے انسان کے لئے مسخر فرمادیا اس کا تذکرہ یوں فرمایا۔

"وہی ہے جس نے تمہارے لئے بنایا تمام جو کچھ زمین میں ہے"

ان میں انسانوں کا نباتات، حیوانات اور تمام موجوداتِ ارض کا تصرف شامل ہوگیا۔

ایک اور جگہ یوں ارشاد فرمایا:۔

"اور ہم نے زمین پھیلائی اس میں لنگر ڈالے (پہاڑوں کے) اور ہر شے خاص اندازے سے اگائی۔"

اس آیت میں بالخصوص نباتات کے توازن کا ذکر ہے واضح رہے کہ دنیا پر موجود نباتات کا ذخیرہ خوراک کے علاوہ ہوا میں آکسیجن اور کاربن ڈائی آکسائیڈ کے توازن کا بھی مظہر ہے۔ انسان کی آمد سے پہلے نباتات کے گھنے جنگل تھے جو آکسیجن بناتے تھے اب ایک نیا توازن عطا فرمایا۔

زمین کے آسمان سے علیحدہ ہو کر گیس مائع اور پھر بتدریج ٹھوس بننے کے عمل میں اربوں سال لگے۔ بھاری دھاتیں اندرونی حصوں میں ابھی بھی پگھلی ہوئی ہیں جبکہ سطح ارض پر چٹانیں طرح طرح کے عمل سے وجود میں آگئیں۔ ہائیڈروجن، نائٹروجن، کاربن، آکسیجن کے

toobaa-elibrary.blogspot.com

باہمی ملاپ سے امونیا، پانی کے بخارات، میتھین، کاربن ڈائی آکسائیڈ ہائیڈرجن کے مالیکیول اور ہائیڈروجن سائینائیڈ بنے۔ یہی زمین کی پہلی فضا کہلاتی ہے۔ زمین پر موجودہ کرۂ ہوائی جس میں آکسیجن، نائٹروجن اور دیگر عناصر مقررہ مقداروں میں ہیں اللہ کے حکم سے نباتات کی فراوانی سے رونما ہوا۔ حیات کی ابتدا پانی ہی سے ہوئی۔ زمین کے قدیم ترین باسیوں میں پروٹسٹا وغیرہ شامل تھے۔ آکسیجن کی فراوانی کے بعد تنفس والے جاندار بھی رونما ہونے لگے۔ یوں زمین کا بدن نباتات اور حیوانات کے خوبصورت امتزاج سے سجتا چلا گیا۔ اسی متوازن ماحول کو اللہ تعالیٰ بار بار قرآن پاک میں نئے انداز سے مذکور فرماتا ہے۔ قطبین سے لے کر خطِ استوا تک اور زمین کے چپے چپے پر حرارت اور نمی کا ایک حسین امتزاج ہے رات اور دن کی تبدیلی کے ساتھ ساتھ موسموں کی نیرنگی و رعنائی بھی دلفریب انداز میں دکھائی دیتی ہے۔ ٹنڈرا کے جنگلات سے لے کر گرم مرطوب جنگلوں تک زندگی ہر رنگ میں محوِ رقص دکھائی دیتی ہے۔ برف پوش ٹوپیوں (Ice Caps) سے لے کر تپتے ریگزار تک سبھی اپنا اپنا حسن بکھیرے دکھائی دیتے ہیں۔ یہی زندگی کی دلفریبی کا راز ہے۔ اسی نسبت سے جانداروں اور نباتات کی اقسام کا جال بچھا ہوا ہے۔

یہی نہیں بلکہ پہاڑ میدان، وادیاں، دریا، صحرا، چراگاہیں غرض روئے زمین پر، چٹانوں مٹی، ریت اور ان گنت عناصرِ قدرت کا ایک خوبصورت غلاف بچھا ہوا ہے۔ جسے دیکھ کر عقل دنگ رہ جاتی ہے۔ یہ اس قادرِ مطلق کا کام ہے جو اس نظام کو بنا کر حسن و خوبی سے چلا رہا ہے۔

اس سلسلے میں خاکسار کے چند اشعار ملاحظہ ہوں :-

ہلچل کہیں پہ بحرِ تلاطم نے دی مچا
صحرا ملے ہیں ایسے کہ نے آب نے گیاہ
دشت و جبل زمین پہ پھیلے ہیں جابجا
موجِ ہوا سے ناچتے ہیں پیڑ خوشنما

ایک اور جگہ ارشاد خداوندی یوں ہے :-

"وہی ہے جس نے زمین کو پھیلایا۔ اور اس میں لنگر اور نہریں بنائیں۔ ہر طرح کے پھل جوڑے جوڑے بنائے۔ رات سے دن کو چھپالیتا ہے۔ بیشک اس میں نشانیاں ہیں دھیان والوں کے لئے اور زمین کے مختلف قطعات ہیں اور ہیں پاس پاس اور باغ ہیں انگوروں کے اور کھیتی اور کھجور کے پیڑ تھالے سے اگے اور الگ الگ۔ سب کو ایک ہی پانی ملتا ہے اور پھلوں میں ہم ایک کو دوسرے سے بہتر کرتے ہیں۔ بیشک اس میں نشانیاں ہیں دھیان کرنے والوں کے لئے۔"

چلتے چلتے اس عاجز کے یہ اشعار ملاحظہ ہوں :-

پہاڑوں کا لنگر بنایا ہے تو نے
فلک کے دروں کو سجایا ہے تو نے
کہیں بوند کو بھی ترستے ہیں صحرا
کہیں آب حیواں بہایا ہے تو نے
کھلی ہیں کہیں ریگزاروں کی بانہیں
تو سبزہ کہیں لہلہایا ہے تو نے

حضرتِ انسان نے زمین اور اس کے ماحول کی باریکیاں اور پیچیدگیاں سمجھے بغیر سمندروں (جو زمین کا 3/4 حصہ ہیں) فضا اور زمین کے چپے چپے کو آلودگی کی نذر کردیا ہے۔ بالخصوص پچھلے دو سو سالوں

toobaa-elibrary.blogspot.com

میں صنعتی ترقی، شہروں کی جانب نقل مکانی اور آبادی کے بے تحاشا پھیلاؤ نے ماحول کو ابتری کا شکار کردیا ہے۔

معدنیات ہی کو لیجئے مجموعی طور پر زمین کی گود سے سالانہ $6x10^5$ ٹن معدنیات نکالی جاتی ہیں اتنی مقدار تو روئے زمین پر انسان کی آمد سے لے کر پوری انسانی تاریخ میں نہیں نکالی گئی تھیں۔ اس رفتار سے تو ہم اگلے 25 سال میں معدنیات سے تہی دامن ہوجائیں گے۔

ہر سال زمین پر ٹھوس غلاظتیں تیس ہزار ملین ٹن بکھیری جاتی ہیں گردوغبار کی مقدار 250 ملین ٹن ہے۔ کاربن ڈائی آکسائیڈ 146 ملین ٹن جبکہ N2O کی مقدار 53 ملین ٹن۔ انسانی سرگرمیوں کی بنا پر ہم ہر سیکنڈ میں فٹبال گراؤنڈ کے برابر جنگلات سے محروم ہورہے ہیں بھلا ماحول کیونکر بچے گا ۔ جہاں تک زہریلے کیمیاوی مادوں کا تعلق ہے تو ستر ہزار ٹن سالانہ صرف امریکہ میں استعمال ہوتے ہیں۔

اب جبکہ توانائی کی عالمی طلب $18.1 x 10^{19}$ ٹن کوئلے کے لگ بھگ سالانہ اور کوئلہ $7150 x 10^6$ ٹن سالانہ استعمال ہوتا چلا آرہا ہے یوں آلودگی اور بھی بڑھے گی۔

ہر روز سو کے لگ بھگ جانداروں کی اقسام ماحول کی آلودگی کے سبب ناپید ہورہی ہیں۔ کاربن ڈائی آکسائیڈ کی افراط سے گلوبل وارمنگ کے خدشات بڑھ رہے ہیں اگر برف کے ذخائر پگھل جائیں تو سمندر 200 فٹ اونچے ہوجائیں تب حیات کہاں جائے گی۔

کرۂ ارض کے اوپر اوزون بھی ماحول کی آلودگی سے متاثر ہورہی ہے جس کے اثرات فصلوں انسانوں و دیگر جانداروں پر مرتب ہورہے ہیں۔ اوزون کی کسمپرسی پر میں نے کبھی یوں شعر کہا تھا۔

اوزون کو فضا میں کیا خود ہی بے لباس
اب خود ہی اس کو دیکھ کر شرما رہا ہوں میں

انسان کیڑا مار دواؤں کی طاقت کو دوسو گنا بڑھا کر بھی ایک ادنیٰ مکھی کو (جو بہ حکمِ خدا قوتِ مدافعت پیدا کرسکتی ہے) مار نہیں سکتا اللہ کے بنائے ہوئے نظام کے خلاف بھلا کیا لڑے گا، اگر ایسا ہی ہے تو مکھی جیسی قوت مدافعت کسی لیبارٹری میں تیار کرلے تو جانیں ......

جب یہ ممکن نہیں تو اللہ کے معاملات میں دخل اندازی بلکہ تخریب کاری گناہِ کبیرہ نہیں تو اور کیا ہے ....

ماحول کو دیکھتے ہوئے کسی بدیسی نے کیا خوب کہا ہے :-

"We can only control the biosphere by obeying it."

(ہم اطاعت سے مراد اطاعتِ خداوندی لیتے ہیں۔)

اگر زمین اور اہلِ زمین پر آلودگی کے ستم ہائے گوناگوں نہ روکے گئے تو دارِ فانی کا یہ معصوم اور دلربا سیارہ دوزخ کے درجۂ اول میں تبدیل ہو کر ہمیں عذابِ روح و جاں میں مبتلا کردے گا اور محشر میں رسوائی کا سبب بھی بنے گا۔

اب بھی خود کو سنوار لو دانشؔ
ورنہ محشر میں ہوگی رسوائی

شاید یہی خوفِ رسوائی دامنِ ماحول کو تار تار ہونے سے روک سکے ....

toobaa-elibrary.blogspot.com

توازن میں جب تک ہے یہ سلسلہ
اسی میں ہے اہلِ زمیں کا بھلا
زمیں پہ نہ بندو مچاؤ فساد
نہ ماحول پہ یوں نکالو عناد

لے سانس بھی آہستہ ....

کسی شاعر نے ماحول کے توازن اور اس کی نزاکت کو دیکھتے ہوئے برسوں پہلے کہا تھا۔

لے سانس بھی آہستہ کہ نازک ہے بہت کام
آفاق کی اس کارگہِ شیشہ گری کا

شیشہ گری کا یہ سلسلہ اللہ کا وضع کردہ ہے۔ دنیا ایک میخانہ ہے جہاں کانچ کی سی نزاکت ملتی ہے جبھی تو ماحول اور توازن کے کسی شیدائی نے بنی نوع انسان سے یوں کہا تھا۔

زندگی کی رہ میں چل لیکن ذرا بچ بچ کے چل
یہ سمجھ لے کوئی مینا خانہ بارِ دوش ہے

تخلیقِ کائنات کے ہر ہر پہلو میں توازن کو مرکزی حیثیت حاصل ہے ننھی منی سی زمین اور اس کے مٹھی بھر نظامِ شمسی سے دور کائنات کی گھما گھمی کا ایک لامتناہی سلسلہ جاری ہے جس کا ادراک ابھی بنی نوع انسان کے بس کی بات نہیں ہے۔ جوں جوں ہماری چشمِ مشاہدہ قدرت کے نہاں خانوں پر پڑ رہی ہے نئے نئے حیرت کدے تصورِ انساں میں جنم لیتے جارہے ہیں۔ کسی سہانی رات اگر آپ نیلگوں آسمان کے فراخ سینے پر جھلمل جھلمل کرتے ان گنت ستاروں کو دیکھیں تو رومانی دنیا میں کھو جانے کے بجائے قدرت کی صناعی پر غور کریں جس نے آسمان کو بغیر ستون کے اور ستاروں کو بغیر کسی سہارے کے خلاؤں کی بساط میں

toobaa-elibrary.blogspot.com

سنبھال رکھا ہے۔ ہماری کائنات کے تمام گہوارے ایک منظم طریقے پر باہم سہارے لئے ہوئے ہیں۔ انگنت کہکشاؤں کے سفر میں ایک سیارہ دوسرے سے ہرگز نہیں ٹکراتا بلکہ ان کے ٹکرانے کے امکانات اتنے کم ہیں جتنے کہ چند شہد کی مکھیوں کے روئے زمین پر .... کائناتِ تخلیق کے ایک درجہ پر تھم بھی نہیں گئی۔ نئی نئی دنیائیں اور نئے نئے گلی کوچے خلاؤں کی وسعتوں میں ہمہ وقت جنم لیتے جارہے ہیں۔ جیسا کہ قرآن میں مذکور ہے

وَالسَّمَآءَ بَنَيْنٰهَا بِاَيْدٍ وَّاِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ (الذریت آیت 47)

ترجمہ :۔ اور ہم نے آسمان کو ہاتھوں سے بنایا اور ہم اسے وسعت دینے والے ہیں۔

یوں پردہ ہستی پر پھیلتی ہوئی کائنات متحرک توازن میں ہے۔ جہاں ہماری زمین، سورج، چاند، ستارے سبھی مقررہ راہوں پر گردشوں میں محو ہیں۔ جس طرح کائنات کا ایک توازن اور نظام ہے اسی طرح زمین پر ماحول کا بھی ایک توازن ہے۔ فضائے جانفزا ہو یا پانی کے جھرنے، مٹی کی جانفشانی ہو یا عناصر کی دوڑ دھوپ، درختوں کے خوبصورت آنچل ہوں یا جانداروں کے ریوڑ، انسانوں کے ہجوم ہوں یا بیکٹریا کی محفلیں سبھی کچھ ایک باقاعدہ نظام کے تحت توازن میں ہے۔ اگر زمین کا وزن اور اس کا درجہ حرارت قریبی سیاروں سے مختلف نہ ہوتا تو ہمیں اور سیاروں کی طرح زمین پر آکسیجن نہ ملتی اگر سورج سے ہمارا فاصلہ 93 ملین میل سے کم و بیش ہوتا تو ہماری زندگی شاید زندگی نہ ہوتی بلکہ کسی اور نام سے شہرِ خموشاں میں جاگزیں ہوتی ...... گردشِ ارضی میں اگر 23.5ڈگری کا جھکاؤ نہ ہوتا تو ہم خوبصورت اور رنگین

موسموں کے انتظار میں قطبین کی برف پر سر رکھ کر یا صحرائے گوبی میں جاں بہ لب ہو کر کبھی کے اللہ کو پیارے ہوجاتے .... جس طرح ہوا میں آکسیجن، نائٹروجن اور دیگر گیسوں کا حسین امتزاج ہے اسی طرح دنیا میں نباتات، حیوانات اور انسانوں کا ایک متوازن نظام ہے ہم نے اسے ٹھیک طور پر سمجھا ہی نہیں۔ آئیے دیکھتے ہیں کہ نظامِ حیات میں توازن کی کیا اہمیت ہے۔

سورج کی جڑواں بہن، زمین جب خوشی یا مجبوری سے اس سے علیحدہ ہوئی تو آگ کا گولا تھی اس کے انگ انگ میں جوالا مکھی کا سا سماں تھا پھر جوں جوں زمین سرد ہوتی گئی عناصرِ قدرت گدرانے لگے۔ آکسیجن کی بجائے مضر گیسوں کے مرغولے فضا میں شوقِ آوارگی پورا کرتے تھے۔ رفتہ رفتہ پانی کا وجود، نباتات کی ریل پیل کے ساتھ ساتھ زمین پر پہاڑ اور طرح طرح کے لبادے چٹانوں کی صورت ابھرے۔ ایک وقت ایسا بھی آیا کہ آکسیجن نے پودوں کے وجود سے پھوٹ پھوٹ کر فضا میں اپنا روپ اس قدر نکھار لیا کہ توازن شیشۂ دل کی طرح بس ٹھیس کا انتظار کرنے لگا۔ ایسے میں آکسیجن کی زیادتی حیات کو خطرات سے لاحق کر سکتی تھی چنانچہ نباتات کے جھنڈ اور دیوقامت درخت ناپید ہونے لگے۔ جانداروں کی دنیا طشتِ زمین پر زیادہ نمو پانے لگی جس کا انحصار آکسیجن پر ہی تھا۔ یوں نباتات اور حیوانات کا تناسب بڑھا۔ حضرتِ انسان کی آمد نے پہلے پہل تو نباتات، حیوانات کے تناسب کو زیادہ نہ بگاڑا مگر گزشتہ دو سو سال سے صنعتی آلودگی، دیگر انسانی سرگرمیوں اور آبادی کے دباؤ سے یہ تناسب یا توازن بگڑ گیا ہے۔ اب جنگلات بہت تیزی سے تباہ ہورہے ہیں ان میں جنگلی حیات روبہ وفات

toobaa-elibrary.blogspot.com

ہورہی ہے۔ صحراؤں کا وجود بڑھتا جارہا ہے۔ زمین زرخیزی کھوتی جارہی ہے یوں انسانی آبادی بڑھنے کے ساتھ ساتھ درختوں اور جانداروں کی دنیا سکڑتی جارہی ہے بھلا یہ عدم توازن نہیں تو اور کیا ہے۔

آلودگی تو اب ماحول کے توازن کو یوں بگاڑ رہی ہے کہ کرۂ ارض کا گویا شیرازہ بکھرنے کو ہے۔ ہوا، پانی اور مٹی (Soil) جیسے ناگزیر وسائل قدرت تباہ ہورہے ہیں۔ انسان فطری ماحول سے نکل کر مصنوعی ماحول میں ڈھلتا جارہا ہے اور اس کے ساتھ اس کا پیکرِ حیات بھی تلخیوں میں ڈھل رہا ہے۔ یوں تو کرۂ ارض جلد دوزخ کا سا سماں پیش کریگا اور ہم فیصلے کے دن سے پہلے ہی عذابِ الٰہی میں گرفتار ہوجائیں گے۔

آیئے دیکھتے ہیں ماحول اور اس کے اہم عناصر کے بارے میں توازن کے حوالے سے قرآن پاک میں کیا مذکور ہے۔

کرۂ ارض پر توازن کی بات سے پہلے آیئے سورہ الدھر کی درج ذیل آیت پڑھتے ہیں جس میں جنت کے باسیوں کے لئے چاندی کے جھلملاتے برتنوں میں ساقی ایک خاص اندازے پر پیمانے رکھیں گے۔

قَوَارِيرَا۟ مِن فِضَّةٍ قَدَّرُوهَا تَقْدِيرًا (الدھر آیت 16)

ترجمہ :۔ کیسے شیشے چاندی کے، ساقیوں نے انہیں پورے اندازے پر رکھا ہوگا۔

اللہ کے نزدیک موزونیت اور توازن کا بڑا درجہ ہے آیئے توازن کے حوالے سے یہ آیت بھی دیکھتے ہیں۔

إِنَّا كُلَّ شَيْءٍ خَلَقْنَٰهُ بِقَدَرٍ (لقمر آیت 49)

ترجمہ :۔ بے شک ہم نے ہر چیز ایک اندازے سے پیدا فرمائی۔

اس میں نباتات، حیوانات، آب و ہوا اور سو سے زیادہ عناصر (Elements) سمیت ہر اس شے کا ذکر کیا جو ابھی ہم سے مستور ہے۔ اب یہ آیت بھی ملاحظہ ہو۔

وَكُلُّ شَيْءٍ عِندَهُۥ بِمِقْدَارٍ (الرعد آیت 8)

ترجمہ :۔ اور ہر چیز اس کے پاس ایک اندازے سے ہے۔

گردشِ لیل و نہار اور گردشِ دوراں کی موزونیت و توازن کو یوں دیکھئے۔

اَلشَّمْسُ وَالْقَمَرُ بِحُسْبَانٍ (الرحمٰن آیت 5)

ترجمہ :۔ سورج اور چاند حساب سے ہیں۔

سورج اور چاند کی گردشوں اور اس کے اسرار و رموز پر ضخیم کتابیں موجود ہیں۔ اگر حکم خداوندی سے نظامِ کائنات اور خصوصاً ہمارا نظامِ شمسی ہمارے تابع نہ ہوتا تو خورشید کُن افق کے پار کہیں بھی جاسکتا تھا مگر ایسا نہیں ہے یہ قادرِ مطلق کا نظام ہے .....

توازن اور خاص اندازے کے بارے میں درج ذیل آیت پڑھ کر خالق کائنات کی جھوم جھوم کر حمدوثناء کیجئے۔

وَخَلَقَ كُلَّ شَيْءٍ فَقَدَّرَهُۥ تَقْدِيرًا (الفرقان آیت 2)

ترجمہ :۔ اس نے ہر شے پیدا کرکے ٹھیک اندازے پر رکھی۔

نباتات کے توازن پر یہ آیت گویا سند ہے:۔

وَأَنۢبَتْنَا فِيهَا مِن كُلِّ شَيْءٍ مَّوْزُونٍ (الحجر آیت 19)

ترجمہ :۔ اور اس (زمین) میں ہر شے اندازے سے اگائی۔

آج سائنسدان کہتے ہیں کہ پودے سورج سے توانائی لے کر سالانہ 243 بلین ٹن

toobaa-elibrary.blogspot.com

Primary Production دیتے ہیں۔ یہ ہے فطرت کا توازن بالخصوص نباتات کے لئے یہ آیت نازل فرمائی۔ اب یہ آیت بھی دیکھتے چلیے۔

اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ (سورہ اعراف آیت 55)

ترجمہ :۔ اللہ کو حد سے بڑھنے والے پسند نہیں۔

عدم توازن کو اللہ نے اس اندازے میں فرمایا کہ ناراضگی کا اظہار ہوتا ہے۔ اندازے سے ہر شے کو کنٹرول کرنے کے بارے میں اچھوتے انداز میں یوں فرمایا۔

وَلَوْ بَسَطَ اللّٰهُ الرِّزْقَ لِعِبَادِهٖ لَبَغَوْا فِی الْاَرْضِ وَلٰكِنْ يُّنَزِّلُ بِقَدَرٍ مَّا يَشَآءُ اِنَّهٗ بِعِبَادِهٖ خَبِيْرٌۢ بَصِيْرٌ۔ (الشوریٰ آیت 27)

ترجمہ :۔ اور اگر اللہ اپنے سب بندوں کا رزق وسیع کر دیتا تو زمین میں فساد پھیلاتے لیکن وہ اندازے سے اتارتا ہے جتنا چاہے بیشک وہ اپنے بندوں سے بے خبر نہیں ہے۔

پانی جیسی ناگزیر نعمت کے توازن کو یوں فرمایا۔

وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءًۢ بِقَدَرٍ (المومنون آیت 17)

ترجمہ :۔ اور ہم نے آسمان سے پانی ایک اندازے پر اتارا۔

کہتے ہیں کہ کرۂ ارض پر کل 326،000 مکعب میل یا 1،360،000 مکعب کلو میٹر پانی ہے۔

آج دنیا کے سائنسدان واٹر بجٹ برائے کرۂ ارض کو دیکھ کر اللہ کی حکمت پر حیران ہوتے ہیں۔ باب آبِ حیواں کے کرشمے میں اس آیت پر مفصل بحث کی گئی۔ اب یہ آیت بھی ملاحظہ ہو۔

وَالَّذِیْ نَزَّلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءًۢ بِقَدَرٍ (الزخرف آیت 11)

ترجمہ :۔ اور وہ جس نے آسمان سے پانی اتارا ایک اندازے پر۔

سائنسداں متفق ہیں کہ مقررہ مقدار میں بارش (Precipitation) ہوتی ہے (یعنی کرۂ ارض کے کل پانی کا 0.031 فی صد) اس طرح پانی کا بجٹ اس زمین کے لئے مقررہ مقدار تک ہے۔ اب ہر شے کے اندازے کے لئے یوں فرمایا۔

وَاِنْ مِّنْ شَیْءٍ اِلَّا عِنْدَنَا خَزَآئِنُهٗ وَمَا نُنَزِّلُهٗۤ اِلَّا بِقَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ

(الحجر آیت 21)

ترجمہ : اور کوئی شے نہیں جس کے ہمارے پاس خزانے نہ ہوں اور ہم اسے معلوم اندازے سے اتارتے ہیں۔

یہاں خوشی غمی عزت ذلت رزق زندگی اور موت غرض ہر ہر خزانے کا ذکر آگیا۔ اللہ کے خزانے سے نعمت ہائے خداوندی ڈھیرے ڈھیرے بقدرِ حکمت اترتی ہیں جہاں تک پانی کا تعلق ہے تو کرۂ ارض پر موجود پانی کا صرف 0.031 فیصد ابرو باراں کے طور پر چکر لگاتا ہے جبکہ 97.5 فیصد سمندروں میں ٹھاٹھیں مارتا رہتا ہے۔ یہ حکمتِ خداوندی ہے اور اس کا متوازن نظام جو انسان کو ورطۂ حیرت میں ڈال دیتا ہے۔ مزے کی بات یہ ہے کہ بارش اور ابر پاروں کے جسم کا 90% حصہ سمندروں میں براہِ راست یا جلد آجاتا ہے بقیہ آہستہ آہستہ خشکی کے جسم و جاں سے جانبِ بحر رستا رہتا ہے ....

توازن کو برقرار رکھنے کے لئے سورہ رحمٰن کی یہ آیت بھی پڑھیے۔

وَوَضَعَ الْمِيْزَانَ۔ اَلَّا تَطْغَوْا فِی الْمِيْزَانِ (الرحمٰن آیت 7،8)

toobaa-elibrary.blogspot.com

ترجمہ :۔ اور میزان رکھی کہ میزان میں بے اعتدالی نہ کرو۔

عدم توازن سے باز رکھنے کے لئے جگہ جگہ ارشاد باری تعالیٰ ہے مثلاً ایک ار جگہ یوں فرمایا:۔

وَلَا تُفْسِدُوْا فِي الْأَرْضِ بَعْدَ إِصْلَاحِهَا (اعراف آیت 56)

ترجمہ :۔ اور زمین میں فساد مت پھیلاؤ اس کی درستگی کے بعد واضح رہے کہ دورِ حاضر میں آلودگی فساد کی ایک قسم ہے۔

اس سے ملتی جلتی متعدد آیات قران میں جگہ جگہ موجود ہیں اس طرح یہ فرمان کئی بار قرآن میں مذکور ہے۔ ہر شے توازن میں پیدا فرما کر اور توازن رکھنے کا حکم دے کر اللہ نے آلودگی سے باز رہنے کا حکم دیا ہے۔ ماحول کے متعدد عناصر اور ہمارے گرد پھیلی ہوئی چیزیں بیکار نہیں ہیں چنانچہ ارشاد ہوا:۔

وَمَا خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا إِلَّا بِالْحَقِّ (الحجر آیت 85)

ترجمہ :۔ اور ہم نے آسمان و زمین میں جو کچھ ان کے درمیان ہے عبث پیدا نہ فرمایا۔

آج سائنسداں متفق ہیں کہ نباتات و حیوانات سبھی کچھ زمین کے باطے ایک دوسرے سے ملے ہوئے ہیں۔ جو باتیں کبھی مافوق الفطرت لگتی تھیں اب طفلِ مکتب کو بھی معلوم ہیں۔ مثلاً یہ کہ پودوں کی جانوں کا انحصار جانداروں کی سانسوں پر ہے۔ جانداروں کے تنفس سے کاربن ڈائی آکسائیڈ نکلتی ہے جو پودوں کی دشتِ جاں پر نچھاور ہو کر انہیں راہِ حیات میں رواں دواں رکھتی ہے اسی طرح جانداروں کی جان

پودوں میں ہے کیونکہ آکسیجن ان کے رنگ برنگے جسم و جاں سے نکل کر جانداروں کو نیرنگیٔ حیات بخشتی ہے۔ یوں پودوں اور حیوانات کا ایک توازن ہے جو برقرار رہتا ہے اور اسی طرح آکسیجن اور کاربن ڈائی آکسائیڈ بھی توازن میں رہتی ہیں۔ ایک ادنیٰ سی سنڈی کی نسل اگر رک جائے تو اس پر پلنے والے پرندے قحط کا شکار ہو کر مرجائیں۔ سائنسداں آج خوراک کے تانے بانے پر ریسرچ کر کے حیران ہیں کہ کس خوبصورتی اور نفاست سے تمام جاندار و نباتات ایک دوسرے سے خوراک کے تانے بانے سے ملے ہوئے ہیں۔ ٹنڈرا کے جنگلات کے ننھے ننھے پودے ہوں یا چھانگا مانگا کے گھنے درخت، چیڑ اور دیودار کے دیو قامت اور چوبدار درخت ہوں یا نرم و نازک گھاس، نازک سا بیکٹریا ہو یا ڈائنو سار نما درندے، ننھی سی مچھلی ہو یا خونخوار چیتا نازک بدن تتلی ہو یا برگ ہائے گل سبھی خوراک کے تانے بانے میں زمین کی گود میں ایک دوسرے سے ملے ہوتے ہیں۔ کسی کو گھر بیٹھے خوراک ملتی ہے مثلاً پودے اپنی جگہ پر ساکت ہیں مگر کھاتے پیتے اور جیتے ہیں جبکہ چیتے کو میلوں بھاگ کر اور خون پسینہ بہا بہا کر خوراک ملتی ہے۔ غرض زندگی کو تحریک دینے اور زندہ رہنے کے لئے خوراک کے تانے بانے نے نباتات و حیوانات سبھی کو زیرِ دام رکھا ہوا ہے۔ جس طرح اس سے رہائی ممکن نہیں اسی طرح ماحول کے توازن سے فرار ممکن نہیں۔ اگر ماحول میں توازن نہ رہا (جس کی مثالیں عام ہیں) تو زندگی تلخیٔ ایام میں ڈھل جائیگی۔ اگر تتلی، بھنورے اور بلبل گلستان چھوڑدیں تو کوے، چیل گدھ آ بسیرا کرتے ہیں یہیں سے جانفزا ماحول میں ابتری کی المناک کہانی شروع ہوتی ہے۔ انسان نے شہر بسا کر فطرت کا قدرتی

toobaa-elibrary.blogspot.com

ماحول بگاڑ دیا ہے۔ اب جنگلات یوں ناپید ہو رہے ہیں جیسے ہماری شرم و حیا ایک ایک شجرِ سایہ دار کی جگہ بلند و بالا عمارت کھڑی ملتی ہے۔ لہلہاتے کھیت کی جگہ ریگزار جنگل کی جگہ گنجان آبادی یوں ماحول بیوہ کے سہاگ کی طرح اجڑتا جارہا ہے۔

جس طرح مخصوص خطوں میں مخصوص قسم کے نباتات اور جنگلات ہوتے ہیں اس طرح انہی کے مطابق حیوانات کی تقسیم ہے، اگر نباتات کا وجود ملتا ہے تو ان کی چھاؤں اور حدود میں پلنے والی جنگلی حیات بھی ملنے لگتی ہے۔اس طرح آبی حیات میں توازن کے لئے پانی کی مخصوص PH اور دیگر عناصر کی خاص مقدار ضروری ہے اگر یہ توازن بگڑ جائے تو آبی حیات پانی میں رہ کر بھی ماہی بے آب کی طرح تڑپ تڑپ کر جان دے دیتی رہے، یورپ کی ان گنت جھیلیں جو مردہ ہیں اسی عدم توازن کا شاخسانہ ہیں۔

ہوا، پانی، زمین اور خوراک کے تانے بانے عدم توازن کے سبب ہمارے لئے عذابِ جان بنتے جارہے ہیں۔ ناچیز نے توازن کے پہلو کو یوں بیان کرنے کی جسارت کی ہے۔

توازن میں جب تک یہ ماحول تھا
بڑی جانفزا تھی زمیں کی فضا
صبا چھو کے جاتی کلی کا بدن
تو کھلتے ہی جاتے چمن در چمن
کہیں بوند امرت کی پڑتی نہیں
جھلستی ہے بارش سے اب تو زمیں
ترنم بہت آبشاروں میں تھا

عجب ولولہ سا بہاروں میں تھا
کبھی نیلا امبر نہ تھا ملگجا
دریدہ نہیں تھی زمیں کی قبا

ماحول اب عدم توازن سے یوں ہوگیا ہے۔

زیاں چمنیوں کی گھٹاؤں میں ہے
دھواں اب تو تازہ ہواؤں میں ہے
زمیں اب تو سونا اگلتی نہیں
خزاں کی رتوں کو بدلتی نہیں
سموم عناصر کی بہتات ہے
سمندر نہیں جامِ سقراط ہے
بہت مہرباں اپنے کہسار تھے
کہ آلودگی سے نہ بیزار تھے
کبھی نام کو نہ تھے گرد و غبار
کبھی زندگی یوں نہ تھی اشکبار
یہ مٹی یہ پانی یہ آب و ہوا
بشر نے اسے کیا سے کیا کردیا

توازن کی بحالی کے لئے فقط کتابِ الٰہی سے رجوع کافی ہے ....

ہم نے دیکھا کہ خوراک کے تانے بانے میں تمام جاندار اور نباتات ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں آیئے خوراک اس کے ممکنہ ذرائع اور ان پر انحصار کرنے والوں کے بارے میں قرآن میں کیا کیا مذکور ہے پھر دیکھتے ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

ارشاد خداوندی ہے "اور اللہ نے آسمان سے روزی کا سبب پانی اتارا۔" (الجاثیہ آیت 5)

آیئے پانی سے متعلق آیات کو پھر دیکھتے ہیں۔

وَالَّذِیْ نَزَّلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءًۢ بِقَدَرٍ (الزخرف آیت 11)

ترجمہ: اور وہ جس نے آسمان سے پانی اتارا ایک اندازے پر

اسی طرح دوسری جگہ فرمایا

وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءًۢ بِقَدَرٍ۔ (المومنون آیت 17)

ترجمہ :۔ اور ہم نے آسمان سے پانی اتارا ایک اندازے پر

پھر یہ آیت بھی دیکھیں (خوراک کے پہلے درجہ 1st Trophic level) کے لئے

وَاَنْۢبَتْنَا فِیْهَا مِنْ كُلِّ شَیْءٍ مَّوْزُوْنٍ (الحجر آیت 19)

اور اس (زمین) میں ہر شے اندازے سے اگائی۔(سورج کی روشنی کا ایک فی صد حصہ پودے خوراک بناتے ہیں)

کتنی واضح صورتحال ہے کہ اللہ نے پانی کو روزی کا سبب فرمایا۔ وہ پانی جو آسمان سے اترتا ہے۔ پھر پانی کی مقدار کے بارے میں فرمایا کہ "ایک مقررہ مقدار" ہے۔نیز یہ فرمایا کہ خوراک کا پہلا درجہ (First Trophic level) بھی مناسب مقدار میں وہی اگاتا ہے یوں خوراک کا ذریعہ اور خود خوراک (رزق) مقررہ مقداروں میں ہیں۔ بھلا پھر رزق کے حصول کے لئے کیوں مارا ماری ہے۔ جس طرح رزق مقررہ مقدار میں ہے اسی طرح اللہ کے نظام میں اتنا توازن ہے کہ نباتات اور حیوانات کی تمام اقسام (Species) بآسانی اپنا اپنا مقدر بھر

رزق لے کر بقیدِ حیات رہ سکتی ہیں۔

جب ہر کسی کو رزق دینے کا وعدہ اللہ کا ہے تو پھر ہم نہ جانے کیوں لاکھوں جانداروں کو آلودگی کی دلدل میں دھکیل کر موت کے گھاٹ اتار رہے ہیں۔ اسی طرح لاکھوں انسان ہر سال بھوک پیاس اور آلودہ پانی پی کر مر جاتے ہیں ۔ آلودگی تو عدم توازن کا اولین نام ہے معمولی سی ناگواری کو اہلِ دل دل کا میل کہتے ہیں ماحول کا میل وہ آلودگی ہے جو اکیسویں صدی کا سب سے بڑا چیلنج ہے کرۂ ارض کے باسیوں کے لئے۔ اللہ نے رزق کی تقسیم، پانی کی آسمان سے ترسیل سمیت تمام جانداروں اور نباتات کو توازن عطا فرما کر یوں فرمایا کہ

وَوَضَعَ الْمِیْزَانَ اَلَّا تَطْغَوْا فِی الْمِیْزَانِ (الرحمٰن آیت 7۔8)

اور ہم نے میزان رکھ دی اس میزان کو بے اعتدال مت کرو۔

ماحول تو نازک آبگینے کی طرح طشتِ زمین کے ڈولتے اور تھرکتے کناروں پر نیرنگئ حیات دکھا رہا ہے اگر اس آبگینے کو بنی نوع انسان کے ہاتھوں ذرا بھی ٹھیس لگ گئی تو یہ چکنا چور ہوجائے گا اور ہم کرۂ ارض کے انگ انگ سے اس کی کرچیاں چنتے چنتے قیامت کے دلخراش اور ہولناک لمحوں سے ہمکنار ہوجائیں گے۔۔۔۔۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

یہ پانی یہ مٹی یہ بادِ صبا
توازن ہے سب میں تھرکتا ہوا

توازن کو گر ڈگمگاؤ گے تم
خود ہی کو خسارے میں پاؤ گے تم

دھوپ اور چھاؤں

ہم اہلِ مشرق خوش نصیب ہیں کہ رات کے مہیب اندھیروں اور جان لیوا سناٹوں کے بعد سورج ہماری ہی سمت سے ابھرتا ہے اور کرۂ ارض کے طول و عرض میں روشنی، توانائی اور زندگی کی نیرنگیاں بکھیرتا رہتا ہے۔ مغرب میں غروبِ آفتاب بھی حکمتِ خداوندی کا مظہر ہے اگر رات نہ ہوتی تو نیند اور آرام کا تصور ختم ہوجاتا۔ اس ٹھوس حقیقت کے باوجود کہ سورج اطاعت، فرماں برداری اور فرض شناسی کا بہترین نمونہ ہے جو کئی بلین سالوں سے اپنے فرائض میں کسی بھی کوتاہی کا مرتکب نہیں ہوا ہم اللہ کا شکر ادا نہیں کرتے۔ ہماری زمین سے تقریباً 93 ملین میل دور واقع سورج جو اللہ نے ہم پر تسخیر کیا ہے وہ کام کرتا ہے جس کا تصور انسان کو ورطۂ حیرت میں ڈال دیتا ہے۔ فضائے آسمانی میں ہر ہر رنگ و روپ میں بکھرے ہوئے ابرپارے سورج ہی کے پاور اسٹیشن سے جنم لیتے ہیں۔ کرۂ ارض کے تین چوتھائی حصے میں پھیلے ہوئے آبی ذخیرے چھاتیوں سے پانی کے گوہرِ جانفزا کو بخارات کی صورت اچھال کر سورج سے دوستی اور ہمسفری کا عہد نبھاتے رہتے ہیں۔ یوں گردشِ آب کا وہ لطیف نظام رواں دواں ہے جو روئے زمین اور زیرِ زمین پانی کی صورت ہم دیکھتے ہیں۔ بستی صحرا، دشت و جبل سبھی جگہ پانی دوشِ ہوا پر اڑ کر پہنچا ہے۔ اتنی کثیر مقدارِ آب کو لے جانے کے لئے تو روئے زمین پر موجود چھ بلین انسان اور ان گنت چوپائے بھی ناکافی ہوتے۔ مگر بھلا ہو سورج کا کہ اللہ کی اطاعت میں یہ فریضہ وہ قرنوں سے ادا کرتا چلا آرہا ہے۔ آیئے شکر

toobaa-elibrary.blogspot.com

خداوندی ادا کرنے اور سورج کو سلوٹ کرنے کے ساتھ ساتھ دیکھتے ہیں کہ پروردگار سورج کے بارے میں کیا فرماتا ہے :۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے کہ :۔

اَلشَّمْسُ وَالْقَمَرُ بِحُسْبَانٍ (الرحمٰن آیت 5)

ترجمہ :۔ سورج اور چاند حساب سے ہیں۔

یہ آیت اپنے اندر بے حد وسیع معنی رکھتی ہے اور نظامِ شمسی پر دلیل ہے۔

اب یہ آیت بھی ملاحظہ ہو :۔

هُوَالَّذِيْ جَعَلَ الشَّمْسَ ضِيَآءً وَّالْقَمَرَ نُوْرًا (سورہ یونس آیت 5)

ترجمہ :۔ وہی ہے جس نے سورج کو جگمگاتا اور چاند کو چمکتا بنایا۔

سورج محض روشنی کا منبع نہیں ہے بلکہ ہم اس کتاب کے باب "لقمہ تر کے تعاقب" میں دیکھتے ہیں کہ روئے زمین پر نباتات اور ہر ذی روح کی خوراک کا ذریعہ سورج ہے جو پانی کے امتزاج اور مٹی (Soil) کے گدرانے سے خوراک کے ہر طبقے کو جنم دیتا ہے اور بقائے حیات کا ضامن ہے۔ نیچے کی آیت میں اسی پر غور کے لئے فرمایا گیا ہے :۔

وَسَخَّرَ لَكُمُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمُ مُسَخَّرٰتٌ بِاَمْرِهٖ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ (النحل 12)

ترجمہ :۔ اور اس نے مسخر کئے رات اور دن اور سورج اور چاند اور ستارے اس کے حکم کے باندھے ہیں بے شک اس آیت میں نشانیاں ہیں عقلمندوں کے لئے۔

اب یہ آیات بھی ملاحظہ ہوں۔

وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ كُلٌّ فِيْ فَلَكٍ يَّسْبَحُوْنَ (الانبیاء آیت 33)

ترجمہ :۔ سورج اور چاند اور باقی تمام کرّے اپنے اپنے مدار میں تیرتے جاتے ہیں۔

وَسَخَّرَ لَكُمُ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ دَآئِبَيْنِ۔ (ابراھیم آیت 33)

ترجمہ :۔ اور سورج اور چاند مسخر کردیئے مقررہ قوانین میں جکڑے ہوئے۔

لَا الشَّمْسُ يَنْۢبَغِيْ لَهَآ اَنْ تُدْرِكَ الْقَمَرَ وَلَا الَّيْلُ سَابِقُ النَّهَارِ وَكُلٌّ فِيْ فَلَكٍ يَّسْبَحُوْنَ (یٰسین آیت 40)

ترجمہ :۔ سورج کو نہیں پہنچتا کہ چاند کو پکڑے اور نہ رات دن پر سبقت لے جائے اور ہر ایک اپنے اپنے دائرے میں تیر رہا ہے۔

وَمَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا لٰعِبِيْنَ (سورہ النبیاء آیت 16، الدخان آیت 38)

ترجمہ :۔ اور ہم نے آسمان اور زمین اور جو ان کے درمیان ہے عبث نہ بنائے۔

مندرجہ بالا چاروں آیات میں زمین کے علاوہ سورج کو بالخصوص اور ارض و سما کے درمیان کی تخلیقات کو بے حد کارآمد فرمایا گیا ہے۔ سورج اپنے پروردگار کے حکم کا باندھا ہے۔ کائنات کا نظام کتنا عظیم اور بے عیب ہے کہ تمام سیاروں کی گردشیں اتنی محفوظ ہیں۔ جیسے دارِ فانی میں شہد کی چند مکھیاں باہم کبھی نہ ٹکرا سکیں بلکہ اس سے بھی محفوظ تر .....

سورج کی روشنی کا ایک فیصد پودے اور تمام نباتات خوراک کے مفید روپ میں بدلتے ہیں اور یوں رزق کے باقی طبقات (Trophic

toobaa-elibrary.blogspot.com

(levels) بنتے چلے جاتے ہیں رات اور دن کی بدلی موسموں کے تغیر، خطِ استوا سے ٹنڈرا تک نباتات حیوانات کی اقسام کا فرق غرض لوگوں کے رنگ و روپ سبھی کچھ کتنے منظم طریقے سے بدلتے جاتے ہیں۔ یہ اللہ رب العزت کی حکمتیں ہیں .... جہالت کے اندھیرے سے نکل کر آگہی کے سائے میں آتے ہوئے یہ بھی پڑھیے

وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِّمَّا خَلَقَ ظِلٰلًا (انحل آیت 81)

ترجمہ :۔ اور اللہ نے تمہیں اپنی بنائی ہوئی چیزوں سے سائے دیئے۔

سرابوں کے تعاقب میں جانے والے مسافروں اور صحرا نوردوں سے پوچھیں سایہ کتنا اہم ہے اگر روشنی، پانی یا ہوا کی طرح ہر جگہ در آتی تو ہم مکان بنانے کا تصور بھی نہ کرتے اللہ نے ہمیں سائے عطا فرما کر بے حد کرم کیا ہے۔ سورج کی سائنسی اہمیت کو ذہن میں رکھ کر اس آیت پر غور فرمایئے

قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ جَعَلَ اللّٰهُ عَلَيْكُمُ الَّيْلَ سَرْمَدًا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مَنْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ يَاْتِيْكُمْ بِضِيَاۗءٍ اَفَلَا تَسْمَعُوْنَ (القصص آیت 71)

ترجمہ :۔ بھلا بتاؤ اگر اللہ تم پر قیامت تک رات رکھے تو اللہ کے سوا کون ہے جو تمہیں روشنی لادے تو کیا تم سنتے نہیں۔

اوپر کی آیت میں بیان کا انداز وہی ہے جو پانی کو کھارا کرنے، پانی کو غائب کرنے، کھیتی کو روند دینے کے متعلق دھمکی آمیز لہجے میں کتاب میں درج ہے۔

بھلا غور تو کریں اگر قیامت تک رات ہی رات رہے اور ہم سورج کی ایک ایک تارِ کرن کو کائنات کے مہیب اندھیروں میں ڈھونڈنے لگیں تو ہم پر کیا بیتے گی یہ لہلہاتی کھیتیاں سر دھنتے شجر، چہچہاتے طیور چوکڑیاں بھرتے چرندے، خشکی اور زمین میں بسنے والی لاکھوں طرح کی مخلوقات بھلا پردۂ حیات پر کہاں دکھائی دیتیں۔

اللہ کا جتنا شکر ادا کریں یقیناً کم ہے کہ اس نے کئی بلین سال قدیم آگ کے دہکتے گولے کی اصلاح فرما کر اسے دلفریب سیارے میں تبدیل کردیا جو وسیع و عریض کائنات میں ذرے کے برابر گویا جنت ہے......
اس سلسلے میں ناچیز کے چند اشعار پیش خدمت ہیں۔

کیا منقسم اس نے تارِ کرن کو
اجالا زمانے کے رتیرہ بدن کو
بڑھائے شب و روز اس نے گھٹا کے
اشارے ہیں یہ خالقِ دوسرا کے

*****

یہ سلسلہ دن رات کا
یہ دھوپ یہ موجِ ہوا
ہر شے پہ قابو ہے ترا
اے خالقِ ارض و سما
اے مالکِ ارض و سما

*****

رکھا اس نے طاقِ فلک میں چراغ
تو چھلکے ہیں کرنوں سے جگ کے ایاغ

toobaa-elibrary.blogspot.com

وہ قوسِ قزح وہ گھٹاؤں کے تال
چھماچھم برستی ہوئی برشگال
سجائے ہیں جس نے درختوں کے تاج
اگایا اسی نے زمیں سے اناج

قرآن پاک کی آیات کے سادہ اندازہ میں ترجمے کے بعد ضروری ہے کہ سائنسی بنیادوں پر انہی باتوں کو دیکھا جائے تاکہ پردۂ احساس پر ان کے نقوش اور گہرے ہوسکیں اور ہم اپنے اردگرد کی دنیا کو بہتر طور پر سمجھ سکیں۔ موسموں کا بدلنا، لیل و نہار کا باری باری آنا قطبین سے خطِ استوا تک درجۂ حرارت اور ماحول کا فرق، خشکی اور تری میں زندگی کی روانی سبھی کچھ سورج، چاند اور زمین اللہ کے حکم پر پابندی کا مظہر ہیں۔

رات اور دن کی بدلی کو ہم بہت سرسری سی بات سمجھ کر نظر انداز کردیتے ہیں اگر غور کیا جائے تو واقعی رات اور دن نعمتِ لازوال ہیں۔ مجھے فنی تربیت کے لئے فن لینڈ جانے کا اتفاق ہوا۔ جہاں مئی کے مہینے میں فقط دن ہی دن رہتا تھا یوں ہم سب ساتھی وہاں کی Silver Nights سے پریشان رہتے تھے یوں لگتا تھا کہ سورج افق کا راستہ بھول کر ہمارے گھر کی دہلیز پر دھرنا مار کر بیٹھ گیا ہے۔ نیند کی آغوش میں جانے کے لئے گھر گھر گہرے رنگ کے پردے آویزاں کرنے پڑتے تھے۔) دنیا کے جس خطے میں ہم ایشیائی لوگ بستے ہیں وہاں زندگی خاصی پُر رونق، دلچسپ اور اعتدال پر ہے۔ زمین سورج کو محور بنا کر 1805 میل فی سیکنڈ کی رفتار سے گھومتی ہے جبکہ اپنے ہی محور کے گرد چکر تقریباً 24 گھنٹے میں مکمل کرتی ہے۔ یوں رات اور دن کی تبدیلی کے ساتھ ساتھ موسموں کے تغیر عمل میں آتے ہیں۔ اللہ کا کتنا

کرم ہے کہ اس قدر تیز رفتار سیارے پر بیٹھے ہم کتنا سکون اور اطمینان محسوس کرتے ہیں۔

ہمارے کرۂ ارض سے باہر خلاؤں میں اَنگنت اجرامِ فلکی اپنے اپنے دائروں میں مخصوص راستوں پر تیر رہے ہیں۔ سورج سے ہمارا فاصلہ کتنے اعتدال پر ہے کہ زندگی رواں دواں ہے اگر یہ فاصلہ کم و بیش ہوتا تو زندگی کی بقا کے لئے کس کی دہلیز پر جاکر بھیک مانگتے ؟

سورج دراصل ہمارے ماحول کا محور ہے جس طرح یہ زمین ہماری تمناؤں اور آرزوؤں کا محور ہے۔ سورج کی روشنی حرارت کا عظیم ذخیرہ زمین کی جانب لے کر آتی ہے۔ خلاء فضا اور زمین سے انعکاس کے بعد خطۂ ارض کے مختلف حصوں میں سورج کی روشنی کی مختلف مقداریں زمین جذب کرتی ہے۔ یوں روئے زمین پر موجود تمام نباتات اپنی اپنی استطاعت کے مطابق اس روشنی کی موجودگی میں Photosynthesis کے عمل سے خوراک بناتی ہیں۔ زمین (Soil) نمی اور تمازت کے حسین امتزاج سے نباتات جو خوراک بناتی ہیں وہی تو روئے زمین پر موجود تمام جاندار استعمال کرتے ہیں۔ ایک اندازے کے مطابق پودوں کو ملنے والی شمسی توانائی کا صرف ایک فیصد حصہ پودے استعمال کرتے ہیں بقیہ کسی نہ کسی طرح واپس فضا میں لوٹ جاتا ہے۔ یہی ایک فیصد حصہ تمام جانداروں (بشمول چھ بلین انسان) کی خوراک اور زندگی کی بقا کے لئے کافی ہے۔ پودوں پر چلنے والی حقیر سی سنڈی ہو یا فاختہ، گائے بیل، بکری ہو یا خونخوار درندہ سبھی ایک دوسرے سے خوراک کی زنجیر (Food Chain) میں بندھے ہوتے ہیں۔ جیسے ہمارے ہاتھ، پاؤں، ناک کان وغیرہ پوست کے لبادے میں جکڑے رہتے ہیں۔ چرندے، پرندے، درندے اور تو اور

toobaa-elibrary.blogspot.com

انسان اسی نظام خوراک سے توانائی حاصل کرتے ہیں۔ چنانچہ سورج نظامِ شمسی میں زندگی کی بقا اور دوام کے لئے کلیدی حیثیت رکھتا ہے۔ روئے زمین پر ناکارہ مادے اور بیکار چیزیں بیکٹیریا کے عمل سے سورج کو گواہ بنا کر دوبارہ کارآمد بن جاتی ہیں اور نباتات کی جانب لوٹ جاتی ہیں تاکہ ایک بار پھر ہماری خوراک کا ذریعہ بن سکیں یوں خوراک کی ایک سرگرم ترین نباتات اور حیوانات کے اسٹیشنوں پر ہوا، پانی، حرارت کے میڈیم سے گزرکر یوں رکتی چلتی رہتی ہیں کہ کاروانِ حیات نہیں رکتا۔

قرآن پاک میں زمین پر رنگا رنگ مخلوقات کا ذکر اس لحاظ سے اہم ہے کہ اس میں نباتات و حیوانات کی کئی ملین (تقریباً 80 ملین) اقسام کا اجمالی جائزہ شامل ہے۔ قطب شمالی سے خطِ استوا اور پھر قطب جنوبی تک سورج سے وضع شدہ حرارت کے خطوں اور پھر نمی کے تناسب اور موسم کی دلفریبوں سے کیسے کیسے حیوانات کے ریوڑ جنم لیتے ہیں چنانچہ اسی طرح ٹنڈرا کے جنگلات اور خطِ استوا کی نباتات کے رنگ کتنے اچھوتے اور منفرد اور ایک دوسرے سے مختلف ہیں۔ سورہ الرحمٰن میں اللہ تعالیٰ نے نباتات کی مختلف اقسام کی جانب اشارہ فرما کر کس خوبصورتی سے کفرانِ نعمت سے باز رہنے کی تلقین فرمائی ہے۔

قرآن پاک میں جگہ جگہ سورج اور اس کی توانائی سے رزق کی تقسیم کا نظام اللہ نے بڑی خوبصورتی سے ارشاد فرمایا ہے سورج پر تو ہم اپنی کمند نہ ڈال سکے اور نہ ہی اس پر ہمارا بس چلتا ہے۔ ورنہ ارضِ مکدر کی طرح آلودگی کے ہاتھوں وہ بھی "شمسِ مکدر" بن جاتا البتہ سورج کی راہ میں اہلِ زمین (بشر) نے آلودگی کے پہاڑ لاکھڑے کئے ہیں۔ اوزون کی دبیز تہہ کو نقصان پہنچا کر ہم نے سورج کی دلفریب اور زندگی

کی نیرنگیوں سے بھرپور شعاعوں کو اپنے لئے باعث زحمت بنالیا ہے۔ سمندروں سے سورج اپنے فرائض منصبی کے تحت بادلوں کے سفینے ہوا میں اچھالتا ہے تاکہ زمین پر پانی، نباتات اور بالآخر خوراک کا قحط و کال نہ ہو ہم بس کہ سمندروں کو جامِ سقراط بنانے پر تلے ہوئے ہیں اور تو اور بادلوں کے سنگ ہواؤں میں سلفر ڈائی آکسائیڈ، CFC گیسوں سمیت زہر بھر رہے ہیں تاکہ تیزابی بارش ابرِ رحمت کو زحمت بنا سکے یورپ کی ہزاروں جھیلیں گواہ ہیں کہ ایک طویل عرصے سے مچھلیوں کی ہلچل اور آبی پرندوں کی دلفریب اڑانوں کو ترستی ہیں۔ رہی خوراک کی بات تو شمسی توانائی کے تانے بانے میں رخنا اندازی کر کے ہم نے نباتات حیوانات غرض خوراک کی زنجیر (Food Chain) کی ہر ہر کڑی میں آلودگی کا زہر گھولنا شروع کردیا ہے۔ دودھ ہو یا پنیر، پھل ہوں یا سبزیاں فصلیں ہوں یا جانداروں کا گوشت، مچھلیاں ہوں یا آبی ذخیرے آلودگی کا زہر ہر جگہ موجود ہے یوں ہم نے سورج کی متبرک اور شائستہ سرگرمیوں میں آلودگی کے وہ سایے پھیلا دیئے ہیں کہ راہِ حیات دھندلانے لگی ہے۔

آخر میں سورہ القصص میں مذکور آیت کا ترجمہ دوبارہ دیکھتے ہیں۔

ترجمہ :۔ بھلا اگر اللہ تم پر قیامت تک رات ہی رات رکھے تو اللہ کے سوا کون ہے جو تمہیں روشنی دے تو کیا سنتے نہیں۔ بھلا اگر خدا تم پر قیامت تک دن ہی دن رکھے تو اللہ کے سوا کون ہے جو تمہیں رات دے جس میں آرام کرو کیا تمہیں سوجھتا نہیں ؟

اگر واقعی کبھی شام کے اندھیرے میں چھپتا ہوا سورج افق کے ادھر پھیلی ہوئی بیکراں کائنات کے کسی اور حصے میں روٹھی ہوئی دخترِ

toobaa-elibrary.blogspot.com

دہقاں کی طرح نکل جائے تو ہم کیا کریں گے۔ لیپ لینڈ سمیت دنیا کے کچھ حصے ایسے ہیں جہاں مہینوں سورج دکھائی نہیں دیتا (پھر بھی لوگ اللہ کو نہیں مانتے)۔ دنیا بھر کے ماہرین ان علاقوں کی شاموں کو صبح دلنواز میں نہیں بدل سکتے۔------

آبِ حیواں کے کرشمے

خالقِ کائنات نے ہمارے تصرف میں اس قدر نعمتیں کردی ہیں کہ انکے شمار کے لئے دنیا کے کمپیوٹر اور اشرف المخلوقات کے دماغ ہیچ ہیں۔ اس نے پتھروں میں لعل و گہر اور سیم و زر بھردیئے درختوں کو زمین میں ساکت رکھا مگر پھر بھی ان کی خوراک زمین، ہوا اور طرح طرح سے بہم پہنچا کر بقیدِ حیات رکھا ہے۔ جانداروں کو رزق درختوں سے قطع نظر چل پھر کر لینے کا حکم دیا کیونکہ وہ پیٹ کے بل، دو ٹانگوں پر چار ٹانگوں پر وغیرہ وغیرہ پر چلتے ہیں یا پھر فضائے آسمانی میں اڑتے ہیں اور تو اور آبِ رواں میں تیرتے ہیں یوں کسی سیانے نے کہا کہ حیات دلفریب پتھروں میں سوتی ہے، پھولوں میں خواب دیکھتی ہے اور انسان میں جاگتی ہے۔ یہ بات بالکل درست معلوم ہوتی ہے۔ زندگی کی دلفریبیوں کو رواں دواں رکھنے کے لئے پانی جیسی نعمت ناگزیر ہے جبھی تو اس معصوم سیارے کا بیشتر حصہ پانی سے لبریز ہے۔ زمین، مٹی کا وہ پیالہ ہے جو پانی سے نہ صرف لبریز ہے بلکہ اس کی بساط سے بھی زیادہ آبی ذخیرہ موجود ہے اور دستِ قدرت اسے چھلکنے سے روکے ہوئے ہے۔ نباتات ہوں یا عالم حیوانات سبھی کا دارومدار پانی پر ہے پانی زندگی کا ایندھن ہے یہ جسم کا اٹوٹ انگ ہے جبھی تو کسی بدیسی نے کہا تھا۔

"The Cradle of Life is certainly. the ocean."

ایک اور بدیسی نے اپنے اردگرد پھیلی ہوئی دلفریبیوں اور نیرنگئ حیات کو پانی کے ذریعے رواں دواں دیکھ کر یوں قوتِ گفتار دکھائی تھی۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

"Everything originated in water and Everything is sustained by water."

کہتے ہیں کہ انسان نے ذوقِ تجسس اور عقلِ سلیم کے بل بوتے پر عالم کو فتح کیا ہے اور تہذیب کے کارواں کو بامِ ثریا تک پہنچایا ہے یہ بات درست ہے کیونکہ گدھے اور کوے سمیت حیوانوں نے ترقی نہیں کی۔ کوا غلیل اور بندوق دیکھ کر بھاگ جاتا ہے کیونکہ اسے جان کا خطرہ محسوس ہوتا ہے بلکہ یوں کہنا چاہیے اسے معلوم ہے کہ غلیل سے پتھر اور بندوق سے گولی نکلتی ہے مگر وہ پتھر کی ماہیت اور گولی کے بارود تک اپنی عقل کے ڈورے نہیں ڈال سکتا یہ انسان ہی ہے جو تجسس کی کڑیاں ملاتا ہے سوچ بچار اور تحقیق سے آگے بڑھتا ہے جبھی تو ترقی کی راہ پر شادمان و کامران ہے سائنسدانوں نے یہ بات بڑی عرق ریزی کے بعد معلوم کی کہ زندگی کے لئے پانی ناگزیر ہے اور یہ کہ جانداروں کا وجود پانی کا مرہونِ منت ہے (مشیت ایزدی سے) قرآن پاک میں صدیوں پہلے اللہ تعالیٰ نے فرمایا تھا کہ ہر جاندار کو پانی سے پیدا فرمایا گیا ہے۔ آپ نے یہ بھی پڑھا ہوگا کہ آفرینش سے پہلے اللہ کا عرش پانی پر تھا۔ اگر ہم پہاڑوں اور خاموش پتھروں کو چھوڑ دیں (کیونکہ وہ تو پہلے ہی سے صرف اللہ کی تسبیح کرتے ہیں) تو دنیا میں پائی جانے والی 80 سے 100 ملین کے لگ بھگ جانداروں کی اقسام پانی کی مرہونِ منت ہیں۔ اگر پانی نہ ہوتا تو فضائے بسیط میں پرندوں کے غول تیرتے ہوئے نظر نہ آتے، تتلی اور بھنورے پھولوں کے گرد کیسے منڈلاتے۔ مرغزاروں پر موت طاری ہوجاتی غرض رنگوں اور آوازوں کے جادو کی دنیا شہرِ خموشاں میں سمٹ کر دم توڑ دیتی اور یہ خوبصورت سیارہ فقط قبرستان بن کر

قیامت کے انتظار میں عاشقِ مضطرب کی طرح سوئے فلک تک رہا ہوتا۔ مگر ایسا نہیں ہے وسیع و عریض کائنات میں ہماری ننھی سی زمین تو گویا ایک حقیر سا ذرہ ہے مگر اس پر اللہ کی مہربانیاں اور نعمتیں نہ جانے کب سے گویا برس رہی ہیں۔ قریبی سیاروں پر جاکر دیکھ لیا کہ وہاں یہاں جیسی زرخیز مٹی، پانی اور ہوا کے ذخیرے ناپید ہیں۔ کاش جتنی مشقت کے بعد ہم نے چاند پر قدم رکھا اگر اسی قدر توانائی زمین، پانی اور اردگرد کے ماحول پر صرف ہوتی تو ہم اتنے تہی دامن نہ ہوتے جتنے آج ہیں۔ پانی ہی کو لیجئے اگر ہمیں اس نعمتِ عظمیٰ کا صحیح ادراک ہوجائے تو محض فلش (Flush) کے لئے روزمرہ کے پانی کا 40 فیصد کبھی فضلات کے ساتھ نہ بہاتے ......

ایک مرتبہ شقیق بلخیؒ کی خدمت میں ہارون الرشید خلیفۂ وقت نے حاضری دی اور پندو نصیحت طلب کی۔ آپ نے فرمایا کہ کیا خلیفہ بے آب و گیاہ صحرا میں گھر کر اور پیاس کی شدت سے مغلوب ہو کر ایک گھونٹ پانی کے بدلے آدھی سلطنت سے دستبردار ہونے کو تیار ہے تو ہارون الرشید نے بلا تامل اثبات میں جواب دیا تھا۔ پانی واقعی ایسی نعمت ہے کہ اس پر آدھی تو کیا پوری سلطنت قربان کی جاسکتی ہے۔ قریب المرگ انسان کو اگر مرتے دم اللہ یاد آجائے تو خوش نصیبی ہے ہم نے تو مرتے دم لوگوں کو پانی مانگتے یا پھر ماں کو پکارتے ضرور سنا ہے ......

اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیمؑ کو حکم دیا تھا کہ معصوم حضرت اسماعیلؑ کو بی بی ہاجرا کے ساتھ خانہ کعبہ کے قریب صفا اور مروہ کی سنگلاخ پہاڑیوں پر چھوڑ کر چلے جائیں۔ چنانچہ بے آب و گیاہ سرزمین پر آب

toobaa-elibrary.blogspot.com

زمزم جاری ہوا۔ پرندوں کے غول پانی کی تلاش میں اُمڈ آئے پھر انسان رفتہ رفتہ یوں آباد ہوگئے کہ خانۂ خدا کے گرد فرشتوں سے زیادہ انسانی ہجوم نظر آنے لگا۔ یوں اللہ نے پانی جاری فرما کر ذریعۂ حیات پر استدلال فرمادیا۔ آیئے دیکھتے ہیں کہ پانی جس کے بغیر ہم ماہیٔ بے آب کی طرح تڑپتے ہیں کیا شے ہے۔

پانی کے موضوع پر ان گنت کتابیں ہیں مختصر یہ کہ پانی دو آئن H^+ اور OH^- سے مل کر بنتا ہے۔ حیات کی بنیادی اکائی یا اس کا نمائندہ ایک سالمہ ہے جسے سائنسدان اپنی مشکل زبان میں DNA کہتے ہیں۔ جدید سائنس نے ثابت کیا ہے کہ یہ سالمے اپنا H^+ آئن پانی ہی سے حاصل کرتے ہیں۔ یوں پانی سے وہ بنیاد تیار ہوتی ہے جس سے زندگی کی عمارت اپنی بنیادوں پر کھڑی رہنے کے قابل ہوتی ہے۔ زندگی کی دوڑ میں یہ بنیادی اصول کار فرما ہے کہ جسیمے (Organisms) صرف H^+ آئن کے ذریعے اپنی حرکت اور مصروفیاتِ جہاں برقرار رکھتے ہیں۔ زندگی جتنی خوبصورت اور قیمتی ہے اتنی ہی نازک بھی چنانچہ H^+ اور OH^- آئن کے برقی رویے حیاتِ نوبہار کو طرح طرح تراشتے ہیں اور اس میں نیرنگیٔ جہاں کو اور بھی نکھارتے ہیں۔ پانی دراصل وہ زرمبادلہ یا جیب خرچ ہے جسے مختلف جسیمے حاصل کرکے اپنی بقا کو یقینی بناتے ہیں۔ ابھی تک اشرف المخلوقات حیات کے تانے بانے میں پانی کے کردار سے پوری طرح واقف نہیں ہے۔ مثلاً یہ کہ پانی جسم میں سات سے چودہ دن تک رہتا ہے چنانچہ ایک خاص وقت کے بعد پانی کے سالمے ضائع ہوجاتے ہیں نہ جانے کیوں ....

دورِ حاضر کے انسان نے چاند اور زمین کے باہمی فاصلے کو سینٹی

میٹر کی حد تک ٹھیک ٹھیک ناپ لیا ہے بھلا پھر یہ کیسے ممکن تھا کہ ہمیں اپنے گرد پھیلے ہوئے ٹھوس مائع اور بخارات کی صورت میں آبی ذخیرے اور ان کا ظرف معلوم نہ ہو۔ آبی ذخیروں کی تفصیل اور دستِ قدرت کی صناعی اتنی عجیب اور عیب سے پاک ہے کہ انسان کو ورطۂ حیرت میں ڈال دیتی ہے۔ پانی کسی عیار حسینہ کی طرح تھرکتا، کودتا اور رقص کرتا ہوا فضاؤں، سمندروں اور خشکی کے گہواروں میں رواں دواں ہے کہ انسان مبہوت تماشائی کی طرح فقط اپنا دہن کھولے ادھر اُدھر دیکھ رہا ہے ....

ہم دیکھتے ہیں کہ پانی کا 97% حصہ سمندروں میں ٹھاٹھیں مار رہا ہے جسے پینے کے لئے ہمیں کانِ نمک بننا پڑے گا۔ چلتا پھرتا انسان اتنا نمک کھاکر بلکہ پی کر بھی نمک حرامی سے باز نہیں آئے گا یہی وجہ ہے کہ ہمیں سمندروں کی بجائے دستِ قدرت نے دریاؤں، نہروں اور زیرِ زمین پانی کے وافر ذخیرے عطا کردیئے ہیں۔ نمکین و کھاری پانی کے بعد پانی کا دوسرا بڑا ذخیرہ قطبین کی برف اور گلیشیرز وغیرہ ہیں یوں زمین کے دونوں سروں پر وہ خوبصورت برفانی ٹوپیاں (Ice Caps) ہیں جنہیں دیکھ کر منہ میں پانی آجاتا ہے مگر یہ ذخیرۂ آب جو کل پانی کا 2.41 فیصد ہے بس ہاتھی کے دکھانے والے دانتوں کے مترادف ہے۔ اگر ہاتھی کے دانت دیکھ کر انسان ڈرجاتا ہے تو ان ذخیروں کو دیکھ کر ٹھٹھر جاتا ہے۔

دنیا بھر سے کل پانی کی نہایت قلیل مقدار (0.031%) بصورتِ بارش بحروبر پر برستی ہے۔ مزے کی بات یہ ہے کہ خود سمندر جہاں سے بادلوں کے سائبان بہ کثرت جنم لیتے ہیں اس بارش کا بیشتر حصہ (0.024%

toobaa-elibrary.blogspot.com

) خود وصول کر کے خشکی پر بسنے والوں کے لئے 0.007% حصہ چھوڑتے ہیں۔ یہ تمام تقسیم اس قادر مطلق کی ہے جس نے بے ستون آسمان اور لامتناہی کائنات کو نہ صرف تخلیق کیا بلکہ نظامِ ہستی رواں دواں رکھا ہوا ہے۔

بادی النظر میں قابلِ نوش پانی کی مقدار اونٹ کے منہ میں زیرے کے مترادف معلوم ہوتی ہے مگر ایسا نہیں ہے۔ جاپانی سروے کے مطابق آبِ نوش کی مقدار فی کس 500 ملین لیٹر بنتی ہے۔ اگر روئے زمین پر موجود ہر شخص سو سال زندہ رہے (دھرتی کی خیر ہو....) تو دو لیٹر یومیہ فی کس کے حساب سے یہ مقدار 73،000 لیٹر ہوگی یوں پانی کی قلت کا دور دور کوئی اندیشہ نہیں ہے۔ یہ ہماری بے حسی ناقص حکمتِ عملی اور خود غرضی ہے کہ دنیا کی تقریباً آدھی آبادی کو پینے کا صاف پانی دستیاب نہیں ہے۔ دورِ حاضر میں بنی نوع انسان نے ندی نالوں اور دریاؤں کو تو خاکِ پا سمجھ کر نظرانداز کر دیا ہے، جبکہ پانی کے عظیم ذخیروں یعنی سمندروں کی سالمیت پر آلودگی کے بھرپور حملے کیے ہیں۔ ایک اندازے کے مطابق دنیا کے سمندروں میں $1.4x10^{36}$ ٹن پانی موجود ہے۔ ہر سال زمین پر دندناتے دریا $2x10^{14}$ ٹن پانی اور $4.5x10^{11}$ ٹن غلاظتیں بہا کر سمندروں کو مکدر بناتے رہتے ہیں۔ ہم انسان بھی ابرپاروں کے آبائی گاؤں، بارشوں کے قائم استاد ذخیروں کو طرح طرح کی آلودگیوں سے ناکارہ بنا رہے ہیں۔ صنعتی فضلات ہوں یا ٹھوس آلودگیاں، آبِ نکاس ہو یا تیل کی ندیاں ہم سمندروں کو کچرا دان بنا رہے ہیں۔ جاپان کے جزیرے مینا ماٹا میں پارے کی آلودگی سے مچھلیوں، مچھیروں اور دیگر جانداروں کی موت سے کون واقف نہیں ہے۔ ہم

آلودگی پھیلا کر سمندروں میں موجود اپنے آبی ذخیروں کے ساتھ ساتھ ان گنت آبی حیات کو بھی موت کے گھاٹ اتار رہے ہیں۔ کیڈمیم کی آلودگی سے اٹائی اٹائی کی نامانوس بیماری بھی آبی حیات کے لئے المیہ سے کم نہیں ہے۔ آبی ذخیروں میں تیل اور پیٹرولیم کے پھیلاؤ سے دنیا بھر میں لاکھوں آبی پرندے، مچھلیاں اور دیگر آبی حیات صفحۂ ہستی سے وقتاً فوقتاً مٹتے رہتے ہیں۔ اب تو تیزابی بارش نے دریاؤں، جھیلوں اور دیگر خوبصورت آبی ذخیروں کو بھی تباہ و برباد کرنا شروع کر دیا ہے یورپ کی بیشتر جھیلیں آبی حیات کو ترس رہی ہیں۔

سویڈن، ناروے، فن لینڈ میں آبی آلودگی کے باعث صرف مخصوص مقدار میں مچھلی کھانے کی اجازت ہے۔ مختلف قسم کی مچھلیوں میں Biomagnification کے عمل سے آلودگی ہزاروں گنا بڑھ جاتی ہے۔ یوں ہم پانی کے ساتھ ساتھ منفرد قسم کی غذاؤں اور بہترین پروٹین سے بھی محروم ہوتے جارہے ہیں۔ پاکستان کے سمندری حصوں میں بھی صورتحال تسلی بخش نہیں ہے۔ کچھ تجزیئے شاملِ کتاب ہیں تاکہ آلودگی کو دورِ حاضر کا فیشن سمجھنے والے فکرِ فردا کریں۔ آبی حیات کے حوالے سے یہ کرشمہ کیا کم ہے کہ پانی برف بنتے ہوئے پھیلتا ہے یوں یخ بستہ خطوں میں برف کے نیچے بھی اس کے ذخیرے منجمد نہیں ہوتے ورنہ مچھلیاں اور دیگر جاندار جم کر پولکا آئس کریم بن جاتے۔ جہاں تک پینے کے پانی کی آلودگی کا تعلق ہے تو خود ریاست ہائے متحدہ امریکہ کی متعدد ریاستوں میں زیرِ زمین پانی آلودہ ہے۔ دریاؤں اور سطح زمین پر موجود پانی کی نسبت زیرِ زمین پانی کی آلودگی زیادہ خطرناک اور دیرپا ہے۔ اس سے چھٹکارا پانے میں صدیاں بیت جاتی ہیں۔ مملکتِ

toobaa-elibrary.blogspot.com

خداداد (پاکستان) میں زیادہ تر آبادی کا انحصار زیرِ زمین پانی پر ہے جبکہ کراچی میں آبادی کا انحصار سطح زمین پر موجود پانی (Surface Water) پر ہے۔ پاکستان میں آبِ نوش ایک سنگین مسئلہ ہمارے ہاں صرف 61% شہری اور 14% دیہی آبادی کو صاف پانی دستیاب ہے۔ ہماری دیہاتی خواتین پینے کے پانی کے حصول پر اپنی 15% توانائی صرف کرتی ہیں اتنی توانائی سے تو ہم ملک کا گوشہ گوشہ روشن کرسکتے ہیں ....

کتنے دکھ کی بات ہے کہ دنیا میں پانی ہی پانی ہے مگر کئی بلین انسان آبِ نوش کو ترستے ہیں۔ ایک سروے کے مطابق ہر سال دنیا بھر میں 25 ملین انسان آلودہ پانی کے سفاک ہاتھوں موت کے گھاٹ اترجاتے ہیں جبکہ بدنامِ زمانہ بیماری یعنی ملیریا سے صرف 7 ملین افراد ہلاک ہوتے ہیں۔ اتنی کثیر آبادی کی موت کے ذمہ دار بہرحال ہم انسان ہی تو ہیں فرشتے پارسا ہیں اور شیاطین ابھی اتنی ذلت پر نہیں اترے کہ یہ کارِبد کریں۔ انسان خود ہی شیطان کی پیروی میں یہ سب کچھ کیئے جارہا ہے۔ روئے زمین پر موجود دیگر جانداروں کا تو ذکر ہی بیکار ہے ہم تو آبی آلودگی پھیلا کر ہر گھنٹے میں ایک ہزار معصوم بچوں کو موت کے گھاٹ اتار دیتے ہیں۔ فرعون نے تو خوفِ حضرتِ موسیٰ سے مغلوب ہو کر صرف اولادِ نرینہ کو قتل کیا تھا ہم تو بلا تخصیص یہ گھناؤنا جرم مردوزن، جانوروں اور نباتات کے ساتھ نہ جانے کب سے کرتے آرہے ہیں .... ایک اندازے کے مطابق آبی آلودگی سے ہر سال 800 ملین لوگ بیمار ہوتے ہیں ہم ان کی عیادت کی بجائے رہگزارِ کدورت پر اور بھی تیزگام ہوتے جارہے ہیں۔ کیمیاوی مادہ ہو یا کیڑے مار دوائیں، صنعتی فضلات ہوں یا بڑے شہروں میں آبِ نکاس ہم ان

بیماریوں کو جنم دے رہے ہیں جن کے نام حضرت آدمؑ نے آفرینش میں سنے بھی نہ ہوں گے۔ فرشتے نہ جانے ان بیماریوں کو کیونکر تحریر میں لاتے ہونگے ....

کہتے ہیں کہ کسی یہودی عورت کو انعامِ الٰہی صرف اس لئے ملے گا کہ اس نے پیاسے کتے کو پانی پلایا تھا ہم انسان تو انسان و حیوان اور نباتات کے لبوں سے آبِ نوش چھین کر تشنگی بڑھا رہے ہیں اور عذابِ آخرت بھی۔۔۔۔ ہمیں تو بچپن میں پڑھی ہوئی فاطمہ بنت عبداللہ کی وہ عظیم اور قابلِ تقلید کہانی نہیں بھولتی جو کہانی نہیں بلکہ ٹھوس حقیقت ہے جس میں زخمی مسلمان پانی پانی پکارتے ہیں اور پھر ایک دوسرے کی پیاس کو ترجیح دیتے ہوئے تمام کے تمام پیاسے شہید ہوجاتے ہیں۔ اگر دنیا میں ایسے لوگوں کی تعداد بڑھ جائے تو ہم پرند و چرند اور ہر ہر جاندار کو نہ صرف اپنی پیاس پر ترجیح دیں گے بلکہ آلودگی کے زہر سے آبی ذخیروں کو ناکارہ بھی نہیں بنائیں گے۔

صنعتی ترقی، توانائی زراعت، خوشحالی کے لئے شہروں کی جانب نقل مکانی، کیمیاوی کھاد، کیڑے مار دواؤں وغیرہ وغیرہ کا دانش مندانہ اور متوازن استعمال دورِ حاضر کے لئے ناگزیر ہے۔ زندگی کے بدلتے ہوئے تقاضوں کے مطابق آلودگی جنم ضرور لیتی ہے مگر اس کا مناسب سدِباب ہی انسان کی برتری اور دانش مندی کا مظہر ہے۔

پانی کے معاملے میں فضول خرچی نے بھی ہمیں بدحال کردیا ہے۔ فضول خرچی کرنے والوں کو اللہ نے قرآن پاک میں شیطان کے بھائی کہا ہے۔ پانی کے معاملے میں فضول خرچی بلکہ شاہ خرچی کا اندازہ اس بات سے کیا جاسکتا ہے کہ 1960ء میں ایک امریکی کی روزانہ پانی کی

toobaa-elibrary.blogspot.com

کھپت 1500 گیلن تھی اب 2000ء تک بھی 2700 گیلن ہوجائیگی۔ جبکہ ہم جیسے پسماندہ اور آئی ایم ایف، سی ٹی بی ٹی اور مارِ امریکہ کے ڈسے ہوئے ملک میں ایک شریف شہری کو 40 گیلن یومیہ مل جائے تو فرطِ جذبات میں ایٹمی دھماکے کرنے پر تُل جاتا ہے ......

پانی کی آبروریزی، نعمتِ آب کی ناشکری اور آبی آلودگی کی بہت باتیں ہوگئیں آیئے اب دیکھتے ہیں کہ پانی اور اس کے کردار کے بارے میں قرآن پاک میں کیا کیا مذکور ہے۔

انسان کا علم بہت محدود ہے مشاہدے کی کھڑکی اتنی چھوٹی ہوتی ہے کہ بس کائنات کی جانب بال برابر کھلی ہے چنانچہ ہم پانی کے بارے میں بہت کم جانتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے صدیوں پہلے قرآن پاک میں پانی کو جانداروں کی تخلیق سے متعلق یوں بیان فرمایا تھا۔

وَاللّٰهُ خَلَقَ كُلَّ دَآبَّةٍ مِّنْ مَّآءٍ (النور آیت 45)

ترجمہ : اور اللہ نے ہر چلنے والا (جاندار) پانی سے بنایا۔

ایک اور جگہ یوں اشاد ہوا۔

وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَآءِ كُلَّ شَيْءٍ حَيٍّ اَفَلَا يُؤْمِنُوْنَ (الانبیاء آیت 30)

ترجمہ : اور ہم نے ہر جاندار شے کو پانی سے بنایا تو کیا وہ ایمان لائیں گے۔

پانی دنیا میں ہم سے پہلے موجود تھا۔ حیات کے گہوارے بھی تھے انسان نے اتنی قدیم اور بکثرت پائی جانے والی ناگزیر نعمت پر بہت تحقیق کی مگر حاصل یہ ہے کہ حال ہی میں معلوم ہوا کہ کچھ جاندار کھولتے پانی میں بھی زندہ رہتے ہیں۔ کھولتا پانی تجربہ گاہ یا باورچی خانے

میں محدود ہوتا ہے بھلا ہم کرۂ ارض پر پھیلے ہوئے آبی ذخیروں کے بارے میں کتنا کم جانتے ہوں گے۔ سورج سے بادل بننے، بارش سے نباتات کے فروغ پر یہ آیات ملاحظہ ہوں :-

وَّجَعَلْنَا سِرَاجًا وَّهَّاجًا وَّاَنْزَلْنَا مِنَ الْمُعْصِرٰتِ مَآءً ثَجَّاجًا۔ لِّنُخْرِجَ بِهٖ حَبًّا وَّنَبَاتًا وَّجَنّٰتٍ اَلْفَافًا۔ (النباء آیت 13،14،15،16)

ترجمہ :۔ اور اس میں ایک نہایت چمکتا ہوا چراغ رکھا۔ اور پھر بدلیوں سے زور کا پانی اتارا کہ اس سے پیدا فرمائیں اناج اور سبزہ اور گھنے باغ۔ اناج اگانا سہل ہے تو زمین کو زندہ کرنے کی بات یوں دیکھیے۔

وَاللّٰهُ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّسْمَعُوْنَ۔ (النحل آیت 65)

ترجمہ :۔ اور اللہ نے آسمان سے پانی اتارا تو اس سے زمین کو زندہ کردیا مرنے کے بعد۔ بے شک اس میں نشانی ہے ان کے لئے جو کان رکھتے ہیں۔

ایک اور جگہ یوں ارشاد ہوا۔

وَالَّذِيْ نَزَّلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً بِقَدَرٍ فَاَنْشَرْنَا بِهٖ بَلْدَةً مَّيْتًا كَذٰلِكَ تُخْرَجُوْنَ۔ (الزخرف آیت 11)

ترجمہ :۔ اور وہ جس نے آسمان سے پانی اتارا۔ ایک اندازے سے اور ہم نے اس سے ایک مردہ شہر زندہ فرما دیا یونہی تم نکالے جاؤ گے۔

ماہرین نے بعد تحقیق کے کہا ہے کہ بیکٹیریا اور زمین میں موجود دیگر حیات کے جینیاتی کوڈ پانی سے متحرک ہوجاتے ہیں اور بیج اگنے لگتے ہیں۔ ہم بھی یوں ہی دوبارہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

زندہ ہو جائیں گے جیسے مردہ شہر زندہ ہو جاتا ہے۔

پھر یہ آیات بھی دیکھیے۔

وَاَنۡزَلۡنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً طَهُوۡرًا لِّنُحۡیِۦَ بِهٖ بَلۡدَةً مَّیۡتًا وَّ نُسۡقِیَهٗ
مِمَّا خَلَقۡنَاۤ اَنۡعَامًا وَّاَنَاسِیَّ كَثِیۡرًا۔ (الفرقان آیت 49۔48)

ترجمہ :۔ ہم نے آسمان سے پانی اتارا پاک کرنے والا تاکہ اس سے ہم زندہ کردیں کسی مردہ شہر کو اور اسے پلائیں اپنے بنائے ہوئے چوپایوں اور انسانوں کو۔

حضرتِ انسان بارش کو سورج کے بل بوتے پر بس بخارات بننے اور اس کے دوبارہ پانی بننے (Condensation) پر منتج کرتے ہیں جبکہ پروردگار نے بڑے سادہ اور واضح الفاظ میں بارش کے پانی اور اس سے زندگی کی بقا کو سمجھایا ہے۔ امریکہ کے محقق ونسن جے شیفر کے مطابق پانی کے نہایت چھوٹے اور خالص (نمکیات سے پاک) قطرے منفی 40°c پر بھی نہیں جمتے مگر پانی ناخالص ہو تو صفر ڈگری سینٹی گریڈ پر جم جاتا ہے اب ماہرین اس نظریے پر متفق ہورہے ہیں کہ بادل عام بخارات نہیں ہوتے بلکہ کائناتی دھول (Cosmic dust) کے لطیف آنچل میں لپٹ کر ننھے ننھے قطروں کی صورت اختیار کرلیتے ہیں جنکی تعداد ایک مکعب سینٹی میٹر بادل میں ایک ارب کے لگ بھگ ہوتی ہے۔ پھر یہ قطرے تکثیفی مرکز کے گرد بڑے ہو کر بارش کی صورت سائبیریا جیسے سرد اور جیکب آباد جیسے گرم خطوں میں جاگرتے ہیں۔ بارش بننے کا عمل انتہائی پیچیدہ مساوات اور حساب سے ہوتا ہے یہی وجہ ہے کہ اب سائنسدان بادل کو عام بخارات نہیں کہتے اگر بادل محض بخارات کا نام ہوتا تو آج ہم بارش کے نرم و نازک قطروں سے لطف اٹھانے کی

بجائے برف کے بڑے بڑے بلاکوں اور دیوہیکل پتھروں سے بچنے کے لئے سر چھپاتے پھرتے۔ جب سے یورپ پر تیزابی بارش (Acid rain) کا ناگوار چھڑکاؤ خود ان کے اعمالِ بد کے باعث شروع ہوا ہے اللہ کے بنائے ہوئے بارش کے نظام کی جانب توجہ بڑھتی جارہی ہے۔۔۔۔

اوپر کی آیات میں کس خوبصورتی سے اناج اگنے، مردہ شہر زندہ ہونے کی بات فرمائی گئی ہے۔ یہی نظامِ ہستی کی وہ کڑی ہے جس سے نباتات، حیوانات اور ہر ہر شے کو توانائی اور زندگی ملتی ہے۔ پانی پر حیات کا براہ راست اور پودوں وغیرہ یا دیگر جانداروں کی صورت بالواسطہ انحصار اچھوتے رنگ میں بیان ہوا ہے۔ پھر یہ آیت بھی پڑھیے :۔

وَتَرَى الۡاَرۡضَ هَامِدَةً فَاِذَاۤ اَنۡزَلۡنَا عَلَیۡهَا الۡمَآءَ اهۡتَزَّتۡ وَرَبَتۡ
وَ اَنۡۢبَتَتۡ مِنۡ كُلِّ زَوۡجٍۢ بَهِیۡجٍ (الحج آیت 5)

ترجمہ :۔ اور تو زمین کو دیکھے مرجھائی ہوئی۔ پھر جب ہم نے اس پر پانی اتارا تروتازہ ہوئی اور ابھر آئی۔ اور ہر بارونق جوڑا اگا لائی۔ ٹنڈرا سے خطِ استوا تک نباتات کا ایک جال بچھا ہوا ہے۔ پودے درخت، پھول پھل اور طرح طرح کی رنگ برنگ نباتات اگی ہیں۔ انسان ان کی اقسام گنتے گنتے زندگی کے دن گزار دے مگر ختم نہ ہوں۔

پھر یہ آیات بھی جھوم جھوم کر پڑھیے۔

هُوَ الَّذِیۡۤ اَنۡزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً لَّـكُمۡ مِّنۡهُ شَرَابٌ وَّمِنۡهُ شَجَرٌ فِیۡهِ تُسِیۡمُوۡنَ۔ یُنۡۢبِتُ لَـكُمۡ بِهِ الزَّرۡعَ وَالزَّیۡتُوۡنَ وَالنَّخِیۡلَ وَالۡاَعۡنَابَ وَمِنۡ كُلِّ الثَّمَرٰتِ اِنَّ فِیۡ ذٰلِكَ لَاٰیَةً لِّقَوۡمٍ یَّتَفَكَّرُوۡنَ۔ (النحل

toobaa-elibrary.blogspot.com

آیت 11_10)

ترجمہ :۔ وہی ہے جس نے آسمان سے پانی اتارا اس سے تمہارا پینا ہے۔ اور اس سے درخت ہیں جن سے چراتے ہو اس پانی سے تمہارے لئے کھیتی اگاتا ہے اور زیتون اور کھجور اور انگور اور ہر قسم کے پھل۔ بیشک اس میں نشانیاں ہیں دھیان کرنے والوں کو۔

آب نوش کے ساتھ ساتھ نباتات پر بالخصوص بحث فرما کر آبِ رواں اور ابرِ رحمت کی افادیت کو مزید اجاگر فرمایا ہے حیرت کدۂ دہر میں کھوئے کھوئے یہ بھی پڑھیے :۔

اَلَمۡ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ اَنۡزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَسَلَكَهٗ يَنَابِيۡعَ فِى الۡاَرۡضِ ثُمَّ يُخۡرِجُ بِهٖ زَرۡعًا مُّخۡتَلِفًا اَلۡوَانُهٗ ثُمَّ يَهِيۡجُ فَتَرٰىهُ مُصۡفَرًّا ثُمَّ يَجۡعَلُهٗ حُطَامًا۔ اِنَّ فِىۡ ذٰلِكَ لَذِكۡرٰى لِاُولِى الۡاَلۡبَابِ۔ (الزمر آیت 21)

ترجمہ :۔ کیا تو نے نہ دیکھا کہ اللہ نے آسمان سے پانی اتارا۔ پھر اس سے زمین میں چشمے بنائے پھر اس سے کھیتی نکالتا ہے کئی رنگ کی پھر سوکھ جاتی ہے تو تو دیکھے کہ پیلی پڑجاتی ہے۔ پھر اسے ریزہ ریزہ کردیتا ہے بیشک اس میں دھیان کی بات ہے عقلمندوں کو۔

لہلہاتی کھیتیاں پُر رونق سبزہ زار اور ہری بھری چراگاہیں اللہ کی نشانیاں ہیں جیسا کہ نیچے مذکور ہے :۔

الَّذِىۡ جَعَلَ لَكُمُ الۡاَرۡضَ مَهۡدًا وَّ سَلَكَ لَكُمۡ فِيۡهَا سُبُلًا وَّاَنۡزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَخۡرَجۡنَا بِهٖۤ اَزۡوَاجًا مِّنۡ نَّبَاتٍ شَتّٰى.

كُلُوۡا وَارۡعَوۡا اَنۡعَامَكُمۡ اِنَّ فِىۡ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّاُولِى النُّهٰى۔ (طٰہٰ آیت 53)

ترجمہ :۔ وہ ہے جس نے زمین کو تمہارے لئے بچھونا بنایا۔ اس میں تمہارے لئے چلتی ہوئی راہیں رکھیں اور آسمان سے پانی اتارا تو ہم نے اس سے طرح طرح کے سبزے کے جوڑے اگائے تم کھاؤ اور اپنے مویشیوں کو چراؤ بیشک اس میں نشانیاں ہیں عقلمندوں کے لئے۔

نباتات پر انسانوں اور تمام جانداروں کے رزق کو منحصر فرما کر اللہ نے اپنی وحدانیت، الوہیت اور ربوبیت کی مہر ثبت کردی ہے۔ چشم حیرت جھپکنے سے پہلے یہ آیت بھی ملاحظہ فرمائیں۔

الَّذِىۡ جَعَلَ لَكُمُ الۡاَرۡضَ فِرَاشًا وَّالسَّمَآءَ بِنَآءً وَّاَنۡزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَخۡرَجَ بِهٖ مِنَ الثَّمَرٰتِ رِزۡقًا لَّكُمۡ۔ (بقرہ آیت 22)

ترجمہ :۔ اور جس نے زمین کو تمہارے لئے بچھونا اور آسمان کو عمارت بنایا اور آسمان سے پانی اتارا تو اس سے پھل نکالے تمہارے کھانے کو (بطور رزق)

انسان کے رزق کی جانب اشارہ کرکے یوں فرمایا

فَلۡيَنۡظُرِ الۡاِنۡسَانُ اِلٰى طَعَامِهٖۤ اَنَّا صَبَبۡنَا الۡمَآءَ صَبًّا ثُمَّ شَقَقۡنَا الۡاَرۡضَ شَقًّا. فَاَنۡۢبَتۡنَا فِيۡهَا حَبًّا وَّعِنَبًا وَّقَضۡبًا وَّزَيۡتُوۡنًا وَّنَخۡلًا وَحَدَآئِقَ غُلۡبًا۔ وَّفَاكِهَةً وَّاَبًّا۔ مَّتَاعًا لَّكُمۡ وَلِاَنۡعَامِكُمۡ۔ (عبس آیت 24 سے 32)

ترجمہ :۔ تو آدمی کو چاہیے اپنے کھانے کو دیکھے کہ ہم نے اچھی طرح

toobaa-elibrary.blogspot.com

پانی ڈالا۔ پھر زمین کو خوب چیرا تو اس میں اگایا۔ اناج اور انگور اور چارہ اور زیتون اور گھنے باغیچے اور میوے اور دوب تمہارے فائدے کو اور تمہارے چوپایوں کے۔

(زمین چیرنے سے مراد چٹان سے SOIL بننے کا صدیوں پر محیط عمل بھی ہوسکتا ہے) ہم کتنے اکڑ اکڑ کر کئی وقت کھانا کھاتے ہیں مگر کبھی اللہ کی مہربانیوں اور جودوکرم پر غور نہیں کرتے کاش ہم شاخِ زیتون ہی سے سبق سیکھ لیتے۔

پانی سے مردہ زمین کو زندہ کرنے اور خوراک کے تانے بانے کو خاکسار کے اشعار کی صورت میں یوں ملاحظہ فرمایئے۔

برسے کچھ ایسے جھرنے بادل کے تن بدن سے
گدرا گئی یہ مٹی خورشید کی کرن سے
ابھرے زمین پہ پھر سے آثار زندگی کے
نمناک سرزمیں پہ سبزے کی دلکشی کے
نخل و رمان و خرما ہرگام پر سجا ہے
مردہ زمین کو تو نے پھر سے جنم دیا ہے

سورج کی روشنی اور بارش سے خوراک کے دلفریب نظام کو یوں دیکھئے۔

رکھا اس نے طاقِ فلک میں چراغ
تو چھلکیں ہیں کرنوں سے جگ کے ایاغ
وہ قوسِ قزح وہ گھٹاؤں کے تال
چھما چھم برستی ہوئی برشگال
سجائے ہیں جس نے درختوں کے تاج
اگایا اسی نے زمیں سے اناج

درج ذیل آیت تو بے حد اہم ہے۔ "Water Cycle" کے حوالے سے

ولقد صرفنہ لیذ کرو افابی اکثرالناس الا کفور (الفرقان آیت 50)

ترجمہ: اور بے شک ہم نے ان میں (پانی کے) پھیرے رکھے تاکہ وہ دھیان کریں۔ تو بہت لوگوں نے ناشکری کی۔

پانی اور اس پر تحقیق کے ماہرین اس آیت کو پڑھ کر دنگ رہ جاتے ہیں دورِ حاضر میں جہاں تمام عناصر مثلاً کاربن، آکسیجن، نائٹروجن، سلفر، فاسفورس وغیرہ کے چکر (Cycles) ہیں وہیں پانی کے چکر بھی بے حد حیرت انگیز ہیں۔ زمین میں دھنسے ہوئے درخت ہوں، نازک نازک پودے یا سبزہ، حیوانات ہوں یا انسان سبھی کو عناصرِ قدرت کی ضرورت ہوتی ہے تاکہ زندگی کا دامن ہاتھ سے نہ چھوٹ جائے اسی طرح پانی سمندروں دریاؤں، ابرپاروں، قطبین کی برف، گلیشیرز، زیرِ زمین پانی فضا میں نمی، جانداروں کے جسم و جاں وغیرہ میں مقید ہے۔ یہ پانی جگہ جگہ سفر میں رہتا ہے۔ اسے مثلِ سیماب قرار نہیں اپنے آبائی وطن (سمندر) کی جانب ہر جگہ سے جاتا ہے۔ زیرِ زمین پانی صدیوں میں سمندر میں جاکر دم لیتا ہے اور پھر تازہ دم ہو کر بخارات کی صورت دوشِ ہوا پر سوار ہو کر نئی منزلوں کی جانب چل پڑتا ہے۔ یوں ہمارے جسم و جاں میں موجود پانی نہ جانے کبھی کسی منہ زور ڈائنوسار کے جسم کا حصہ رہا ہوگا جو اب ہمارے مقدر میں ہے۔ اگلی نسل میں نہ جانے کس کے شاملِ جان ہوجائے گا۔ پانی کی یہ دوڑ دھوپ اور سفرِ مسلسل اللہ کا قائم کردہ وہ نظام ہے جو قرنوں سے جاری ہے انسان فقط خاموش تماشائی ہے اس حیرت کدۂ حیات میں .....

سمندروں میں کل پانی کا 97.5% ہے۔ جبکہ بقیہ 2.5 فیصد کا

toobaa-elibrary.blogspot.com

80 فی صد حصہ Ice Caps یا گلیشیر میں ہے۔ یوں پینے کا پانی اشکِ بلبل کی مانند زمین اور اس پر بسنے والوں کو ملتا ہے۔

آیئے دیکھتے ہیں مختلف ذخائر کا پانی کس رفتار سے اپنی جنم بھومی یا مادرِ وطن کی گود میں جابستا ہے۔

آبی ذخیرہ	کل مقدارِ آب	عارضی قیام کی مدت
بحرِ تلاطم	97.5%	1000 سال
برف کے پہاڑ	2%	ایک ہزار سال سے دس لاکھ سال تک
فضائی مسکن	0.001%	محض دس دن
زیرِ زمین پانی	0.5%	دس سے سو سال
دلکش جھیلیں	0.175%	بقدرِ نصیب
مٹی کی نمی	0.11%	چند ماہ
آبِ جو/ منہ زور دریا	0.0001%	فقط چند یوم

یوں لگتا ہے ایک ہی پانی کہیں گدھا گاڑی اور کہیں بُراق سے محوِ سفر ہے یہ ہیں قدرت کے آبی پھیرے ابر پاروں کی بدولت پانی اپنا اگلا سفر انہی منزلوں کی جانب مسلسل کرتا رہتا ہے۔ مثلِ سیماب پانی کو قرار نہیں ہوتا۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ کل پانی کا صرف 0.031 فیصد بادلوں کی صورت تیزی سے گردش کرتا ہے۔ اس کا 90 فیصد واپس سمندروں میں مل جاتا ہے بقیہ پانی آہستہ آہستہ سوئے بحر چلتا ہے یہ ہے نظامِ قدرت!

اب اس آیت کا جواب دیں (میری جرأت کہاں۔۔۔)

اَفَرَءَيْتُمُ الْمَآءَ الَّذِىْ تَشْرَبُوْنَ ءَاَنْتُمْ اَنْزَلْتُمُوْهُ مِنَ الْمُزْنِ اَمْ نَحْنُ الْمُنْزِلُوْنَ لَوْ نَشَآءُ جَعَلْنٰهُ اُجَاجًا فَلَوْلَا تَشْكُرُوْنَ (

الواقعہ آیت : 68، 69، 70)

ترجمہ:۔ بھلا بتاؤ وہ پانی جو تم پیتے ہو کیا تم نے اسے بادل سے اتارا یا ہم ہیں اتارنے والے۔ ہم چاہیں تو اسے کھاری کردیں پھر کیوں نہیں شکر کرتے۔

بلاشبہ سمندروں کا پانی جو پہلے ہی کھاری ہے اگر اللہ بادلوں کو حکم دے کہ اپنے ساتھ نمک بھی لے اڑیں تو ہم بارش کے بدلے کھیوڑہ کی نمک کی کانوں کو اپنے سروں پر بصورتِ سنگ گرتا ہوا پاتے۔

اب استغفار پڑھتے ہوئے یہ آیت بھی پڑھیئے

وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً بِقَدَرٍ فَاَسْكَنّٰهُ فِى الْاَرْضِ وَاِنَّا عَلٰى ذَهَابٍ بِهٖ لَقٰدِرُوْنَ۔ (المومنون آیت 18)

ترجمہ:۔ اور ہم نے آسمان سے پانی اتارا ایک اندازے پر۔ پھر اسے زمین میں ٹھہرایا اور بے شک ہم اس کے لے جانے (غائب کردینے) پر قادر ہیں۔

کرۂ ارض کے کل پانی کا 0.031% ہی بادلوں کے ذریعے گردش کرتا ہے۔ ہم نے دیکھا کہ پانی کی تقسیم بے حد منظم طریقہ پر ہے۔ آسمان سے پانی مخصوص مقدار ہی میں زمین کے خطوں پر گرتا ہے اور اللہ نے تنبیہ فرمائی کہ اگر یہ پانی کسی سہانے سمے (جب تم آبی آلودگی پھیلانے میں بے حد منہمک ہو) غائب ہوجائے تو تم کیا کرو گے ذرا تصور تو کریں تمام نظامِ حیات کے تانے بانے اور زندگی کی خوبصورت

toobaa-elibrary.blogspot.com

عمارت ریت کا ڈھیر نہیں بن جائیگی۔۔۔۔

کہتے ہیں کہ دنیا میں اب تک دس ارب کے لگ بھگ انسان رہے ہیں۔ اگر یہ سب مل کر بھی تاقیامت گریہ و زاری کریں تو اتنا اشکِ رواں جمع نہ کرسکیں گے جتنی مقدار میں آبِ نوش کو ہم آلودہ اور ناکارہ کرچکے ہیں۔ گزشتہ پر استغفار مانگ کر اگر آبی ذخیروں کو ان کے قدرتی راستے پر چھوڑ دیا جائے تو دمِ آخرت بھلائی کی امید کی جاسکتی ہے۔۔۔۔

درختوں کے آنچل

کرۂ ارض پر ایک طویل عرصہ ایسا بھی گزرا ہے جب یہاں کی فضا فضائے جانفزا نہیں تھی۔ کاربن، ہائیڈروجن، آکسیجن، اور نائٹروجن کے عناصر کے باہمی ملاپ سے پانی، امونیا، میتھین کاربن ڈائی آکسائیڈ اور ہائیڈروجن آکسائڈ کی اجارہ داری تھی زندگی کی راہیں ہموار کرنے کے لئے فاسفورس بھی شاملِ کارواں ہوگئی۔ یوں فضا میں آزاد آکسیجن برائے نام تھی۔ چونکہ ایسا کرۂ ارض جہاں آکسیجن نام کو تھی زندگی کی بقا کے لئے موزوں نہیں تھا لہٰذا اللہ تعالیٰ نے پانی کی فراوانی کردی کوئی ڈیڑھ ارب سال میں گھنے جنگلات سے زمین اٹ گئی۔ یوں جنگلات کے وجود نے سورج کی روشنی میں کاربن ڈائی آکسائیڈ کو خوراک کے طور پر استعمال کرکے آکسیجن کو فضا میں بہم پہنچانے کا عمل عرصہ دراز تک جاری رکھا۔ یہاں یہ بات بلا مبالغہ کہی جاسکتی ہے کہ اگر Photos ynthesis کا عمل پودے جاری نہ رکھتے تو حیوانات کی دنیا، دنیا میں نظر نہ آتی۔ اس بات کو یوں بھی کہا جاسکتا ہے کہ اگر سورج کی روشنی نہ ہوتی تو روئے زمین پر حیات نہ ہوتی کیونکہ پودے بھی تو اپنی زندگی کا سامان اور عوامل کے ساتھ ساتھ سورج کے بل بوتے ہی پر حاصل کرتے ہیں۔ بہرحال آج جو بہارِ جانفزا ہم دیکھ رہے ہیں اس میں قرنوں سے سرگرم عمل نباتات کا اہم کردار ہے۔ نباتات کا کام یہیں ختم نہیں ہوگیا کہ انہوں نے فضا کو آکسیجن کی دولت سے بالا کردیا اور بس بلکہ یہ انسانی سرگرمیوں سے پیدا ہونے والی کاربن ڈائی آکسائیڈ کو جذب کرکے ہمہ وقت ماحول کو بہتر بناتے رہتے ہیں۔ اگر Co_2 فضا میں بڑھتی رہتی تو گلوبل وارمنگ سے وہ دور آجاتا جب یخ بستہ پہاڑ اور

toobaa-elibrary.blogspot.com

قطبین کی برف پگھل کر دنیا میں طوفانِ نوح کا سا سماں پیش کردیتی۔

اب جبکہ چھ بلین انسانوں کا ہجوم کارخانوں کی چمنیوں سمیت ہر ہر عمل سے فضا میں Co2 بڑھا رہا ہے تو جنگلات اور پودوں کا کردار اور بھی اہم ہوچکا ہے۔ ایک اندازے کے مطابق فضا میں ہر سال صرف ایندھن جلانے سے $4.1x10^{6}$ ٹن سالانہ کاربن ڈائی آکسائیڈ اچھالی جارہی ہے۔ پودوں کے فوٹو سینتھیسس کے عمل سے جہاں آکسیجن دستیاب ہوتی ہے وہیں۔ امونیا، میتھین وغیرہ کے ذخائر بھی پانی سے مل کر آکسیجن بناتے ہیں حتیٰ کہ فضا میں آکسیجن کا تناسب 20% ناٹروجن % 79 اور کاربن 0.03% کے لگ بھگ ہوگیا۔ چونکہ گھنے جنگلات کا وجود اس وقت اپنا جواز کھو چکا تھا لہٰذا ان دیوقامت جنگلات کو اللہ نے صفحہ ہستی سے ناپید کردیا تاکہ ماحول کا توازن بگڑ نہ جائے اس کے ساتھ ہی جانداروں کی وہ نسلیں جو ان جنگلات پر منحصر تھیں کسی حد تک ناپید ہوگئیں۔ جانداروں اور پودوں کی نئی نئی اقسام نے کاروانِ حیات کو آگے بڑھانا شروع کیا۔

روئے زمین پر زندگی کی بقا کے لئے آبی چکر Hydro Cycle سمیت کاربن، ناٹروجن، آکسیجن کا چکر بڑا اہم ہے۔ دورِ حاضر میں ہم دیکھتے ہیں کہ حیوانات کاربن ڈائی آکسائیڈ خارج کرتے ہیں جو پودے حاصل کرکے سورج کی روشنی میں زندہ رہتے ہیں اور ہمیں آکسیجن فراہم کرتے ہیں۔ ناٹروجن کا توازن بھی حیوانات، پودوں میں مختلف قسم کے بیکٹیریا کے عمل کے ساتھ ساتھ روئے زمین پر جاری رہتا ہے۔ سورج کی روشنی اور پانی مل کر زمین کو گدراتے ہیں یوں نباتات کا سلسلہ چلتا رہتا ہے۔ آئیے دیکھتے ہیں نباتات کے بارے میں قرآن پاک میں کیا مذکور

ہے۔

سورہ النبا کی یہ آیت روئے زمین پر نباتات کے وجود پر گویا واضح دلیل ہیں۔

وَجَعَلْنَا سِرَاجًا وَّهَّاجًا وَّاَنْزَلْنَا مِنَ الْمُعْصِرٰتِ مَآءً ثَجَّاجًا لِّنُخْرِجَ بِهٖ حَبًّا وَّنَبَاتًا وَّجَنّٰتٍ اَلْفَافًا۔

ترجمہ :۔ اور اس میں ایک نہایت چمکتا ہوا چراغ (سورج) رکھا پھر بدلیوں سے زور کا پانی اتارا کہ اس سے پیدا فرمائیں اناج اور سبزہ اور گھنے باغ۔ (النبا آیت 13 سے 16)

ہم جانتے ہیں کہ سورج کی روشنی اور پانی مل کر مٹی (Soil) کو اس قابل کرتے ہیں کہ زمین گویا سونا اگلتی ہے۔ سورج کو دیکھ کر ہم اہلِ مشرق صرف یہی نہیں کہتے کہ یہ ہماری جانب سے طلوع ہوا بلکہ اس کی افادیت کو سائنسداں برسوں سے مانتے ہیں۔ حرارت کی شعاعوں کو زمین کی گود اور نباتات کے آنچل اپنی اپنی بساط کے مطابق خوراک اور جانداروں کے لئے قابلِ خورونوش، توانائی میں تبدیل کرتے ہیں اس بات کو قرآن نے اوپر بیان کیا ہے کہ اللہ نے سورج اور پانی کے باہمی امتزاج سے ہر طرح کا سبزہ اناج اور گھنے باغات یوں پیدا فرمادیئے کہ زمین جنت نظیر لگتی ہے۔ سورہ النباء کی یہ آیات خوراک کے تانے بانے سمجھنے کے لئے گویا بنیادی حیثیت رکھتی ہیں۔ سورج کی روشنی کا ایک فیصد پودے استعمال کرکے بقائے حیات کے لئے وہ کام کرتے ہیں کہ عقل حیران رہ جاتی ہے۔ رزق کا یہ نظام اللہ کے مقررہ طریقوں پر نہ جانے کب سے جاری و ساری ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

آیئے چند آیات کا مطالعہ ہو جائے۔

وَتَرَى الْأَرْضَ هَامِدَةً فَإِذَا أَنزَلْنَا عَلَيْهَا الْمَاءَ اهْتَزَّتْ وَرَبَتْ وَأَنبَتَتْ مِن كُلِّ زَوْجٍ بَهِيجٍ۔ (الحج آیت - 5)

ترجمہ :۔ اور تو زمین کو دیکھے مرجھائی ہوئی پھر جب ہم نے اس پر پانی اتارا تروتازہ ہوئی اور ہر بارونق جوڑا اگا لائی۔

وَأَنزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَأَخْرَجْنَا بِهِ أَزْوَاجًا مِّن نَّبَاتٍ شَتَّىٰ۔

ترجمہ: اور آسمان سے پانی اتارا تو اس سے ہم نے طرح طرح کے سبزے کے جوڑے اگائے۔ (طٰہٰ آیت 53)

نباتات اور ہر شے کے جوڑے بنانے کی بات یوں بھی فرمائی۔

وَالْأَرْضَ فَرَشْنَاهَا فَنِعْمَ الْمَاهِدُونَ وَمِن كُلِّ شَيْءٍ خَلَقْنَا زَوْجَيْنِ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُونَ ○ (الزریت آیت 49،48)

ترجمہ :۔ اور زمین کو ہم نے فرش کیا اور ہم کیا ہی اچھا بچھانے والے ہیں۔ اور ہم نے ہر شے کے دو جوڑے بنائے تاکہ تم دھیان کرو۔

أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللَّهَ أَنزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَأَخْرَجْنَا بِهِ ثَمَرَاتٍ (فاطر آیت 27)

ترجمہ :۔ کیا تو نے نہ دیکھا کہ اللہ نے آسمان سے پانی اتارا تو ہم نے اس سے پھل نکالے رنگ برنگ۔

پانی سے قسم قسم کے پھل سرد اور گرم ممالک کے اعتبار سے اپنے اپنے ذائقے، تاثیر اور شکل و صورت کے اعتبار سے بے انتہا ہیں انسان قدرت کی صناعی پر عش عش کر اٹھتا ہے اب یہ آیت بھی

پڑھتے چلیئے۔

وَمَا ذَرَأَ لَكُمْ فِي الْأَرْضِ مُخْتَلِفًا أَلْوَانُهُ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً لِّقَوْمٍ يَذَّكَّرُونَ۔ (النحل آیت 13)

ترجمہ :۔ اور وہ جو تمہارے لئے زمین میں پیدا کیا رنگ برنگ بیشک اس میں نشانی ہے یاد کرنے والوں کو۔

اس میں نباتات و حیوانات سبھی کی جانب اشارہ فرمایا ہے انسانوں اور دیگر جانداروں کے رزق کو یوں فرمایا۔

وَالْأَرْضَ بَعْدَ ذَٰلِكَ دَحَاهَا۔ أَخْرَجَ مِنْهَا مَاءَهَا وَمَرْعَاهَا وَالْجِبَالَ أَرْسَاهَا مَتَاعًا لَّكُمْ وَلِأَنْعَامِكُمْ۔ (النزعٰت آیت 30، 31، 32، 33)

ترجمہ :۔ اور اس کے بعد زمین بچھائی۔ اس میں سے اس کا پانی اور چارہ نکالا اور پہاڑوں کو جمایا تمہارے اور تمہارے چوپایوں کے فائدے کو۔

پھر نباتات کو دوسرے انداز سے یوں مذکور کیا۔

وَالْأَرْضَ مَدَدْنَاهَا وَأَلْقَيْنَا فِيهَا رَوَاسِيَ وَأَنبَتْنَا فِيهَا مِن كُلِّ زَوْجٍ بَهِيجٍ۔ (ق آیت 7)

ترجمہ :۔ اور زمین کو ہم نے پھیلایا۔ اور اس میں لنگر ڈالے اور اس میں ہر جا بارونق جوڑا اگایا۔

یخ بستہ فضاؤں سے کھولتے خطوں اور صحراؤں تک ہر ہر قسم کی نباتات درج فرماویں۔

اب یہ آیات ملاحظہ ہوں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَالْاَرْضَ مَدَدْنٰهَا وَاَلْقَيْنَا فِيْهَا رَوَاسِيَ وَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا مِنْ كُلِّ شَيْءٍ مَّوْزُوْنٍ۔ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا مَعَايِشَ وَمَنْ لَّسْتُمْ لَهٗ بِرٰزِقِيْنَ۔ (الحجر آیت 20_19)

ترجمہ :۔ اور ہم نے زمین پھیلائی اور اس میں لنگرے ڈالے اور اس میں ہر شے اندازے سے اگائی اور اس میں تمہاری روزیاں اور وہ کر دیئے جنہیں تم رزق نہیں دیتے۔

نباتات مناسب مقدار میں پیدا فرمائیں۔ رزق کا انتظام کر دیا ان کے لئے بھی جن کا رزق ہم نہیں دیتے نہ جانے کون کون ہیں وہ!۔ پھر یوں بھی فرمایا......

وَاَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَخْرَجَ بِهٖ مِنَ الثَّمَرٰتِ رِزْقًا لَّكُمْ۔ (بقرہ آیت 22)

ترجمہ:۔ اور آسمان سے پانی اتارا تو اس سے پھل نکالے تمہارے رزق کو۔

طشتِ زمیں سے نباتات کی صورت رزق کو کس سادگی سے بیان فرما دیا ہے۔ طرح طرح کے پھلوں کے بارے میں یہ آیت پڑھ کر اور بھی جھومیے اور اللہ کی تسبیح کیجئے۔

وَاَنْهٰرًا وَمِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ جَعَلَ فِيْهَا زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ۔ (الرعد آیت 3)

ترجمہ :۔ اور نہریں بنائیں اور زمین میں ہر پھل دو دو طرح کے بنائے۔

نباتات تو مر کر بھی کام آتی ہیں اب کوئلے اور پیٹرول کے بارے میں یوں اشارہ فرمایا ہے۔

وَالَّذِيْ قَدَّرَ فَهَدٰى وَالَّذِيْٓ اَخْرَجَ الْمَرْعٰى۔ فَجَعَلَهٗ غُثَآءً اَحْوٰى۔ (الاعلیٰ آیت 3،4،5)

ترجمہ:۔ اور جس نے اندازے پر رکھ کر راہ دی اور جس نے چارہ نکالا پھر اسے خشک سیاہ کوڑے میں بدل دیا۔

ترکی نژاد ڈاکٹر بلوک نور باقی نے سیاہ کوڑے کو بڑے فصیح و بلیغ انداز میں پیٹرول سے تشبیہ دی ہے یہ کہ سبزہ مرنے کے بعد میں انسان کے کتنا کام آتا ہے۔ اگر یہاں کوڑے کو کوئلہ کہا جائے تو بھی بے جا نہ ہوگا۔

درج ذیل آیت بھی قابلِ غور ہے :۔

وَفِي الْاَرْضِ قِطَعٌ مُّتَجٰوِرٰتٌ وَّجَنّٰتٌ مِّنْ اَعْنَابٍ وَّزَرْعٌ وَّنَخِيْلٌ صِنْوَانٌ وَّغَيْرُ صِنْوَانٍ يُّسْقٰى بِمَآءٍ وَّاحِدٍ وَّنُفَضِّلُ بَعْضَهَا عَلٰى بَعْضٍ فِي الْاُكُلِ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ (الرعد آیت)

ترجمہ : اور زمین کے مختلف قطعات ہیں پاس پاس اور باغ ہیں انگوروں کے، اور کھیتی اور کھجور کے پیڑ ایک تھالے سے اگے اور ہیں الگ الگ سب کو ایک ہی پانی دیا جاتا ہے۔ اور پھلوں میں ہم ایک دوسرے کو بہتر کرتے ہیں بیشک اس میں نشانیاں ہیں عقلمندوں کے لئے۔

ہر ہر خطے میں نباتات کی اقسام پر یہ آیت گویا عظیم دلیل ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اب سورۃ الرحمٰن میں یہ بھی دیکھیے:-

فِيهَا فَاكِهَةٌ وَّالنَّخْلُ ذَاتُ الْأَكْمَامِ۔ وَالْحَبُّ ذُو الْعَصْفِ وَالرَّيْحَانُ۔ (الرحمٰن آیت 11،12)

ترجمہ:- اس (زمین) میں میوے اور غلاف والی کھجوریں، اور بھوسے کے ساتھ اناج اور خوشبو والے پھول۔

سورہ رحمٰن میں جہاں اور بے حد خصوصیات ہیں وہاں اللہ نے نباتات کی ہر ہر قسم کو الگ الگ بیان فرما کر کفرانِ نعمت سے باز رہنے کی تاکید فرمائی ہے۔ بھلا ہم اللہ کا شکر اس کی شان کے مطابق کہاں ادا کرسکتے ہیں۔ بس اپنی سی عاجزی، انکساری اور شکرگزاری پھلوں سے لدی ڈال کی طرح جھک کر کرتے رہنا چاہیے۔

اب اللہ پوچھتا ہے:-

أَفَرَأَيْتُمُ النَّارَ الَّتِي تُورُونَ ءَأَنتُمْ أَنشَأْتُمْ شَجَرَتَهَا أَمْ نَحْنُ الْمُنشِئُونَ (الواقعہ آیت 71_72)

ترجمہ:- بھلا بتاؤ جو آگ تم جلاتے ہو کیا تم نے اس کا پیڑ پیدا کیا یا ہم ہیں پیدا کرنے والے۔

ایک اور جگہ یوں فرمایا:-

الَّذِي جَعَلَ لَكُم مِّنَ الشَّجَرِ الْأَخْضَرِ نَارًا فَإِذَا أَنتُم مِّنْهُ تُوقِدُونَ۔ (یٰسین آیت 80)

ترجمہ:- جس (اللہ) نے ہرے پیڑ میں سے آگ پیدا فرمائی جبھی تم اس سے سلگاتے ہو۔

ان آیات پر بھی غور کیجیے۔

أَفَرَأَيْتُم مَّا تَحْرُثُونَ ءَأَنتُمْ تَزْرَعُونَهُ أَمْ نَحْنُ الزَّارِعُونَ لَوْ نَشَاءُ لَجَعَلْنَاهُ حُطَامًا فَظَلْتُمْ تَفَكَّهُونَ۔ (الواقعہ آیت 65/63)

ترجمہ:- بھلا بتاؤ جو بوتے ہو کیا تم اس کی کھیتی بناتے ہو یا ہم ہیں بنانے والے ہم چاہیں تو اسے روند کر رکھ دیں پھر تم باتیں بناتے رہ جاؤ۔

مندرجہ بالا آیات جو سورہ واقعہ اور سورہ یٰسین سے ماخوذ ہیں ان میں اللہ نے بڑی گہری بات کہی ہے۔ یہاں درخت سے لکڑی یا آگ کا تصور بہرحال موجود ہے۔ ہرے پیڑ سے آگ کی جانب اشارہ کرنا دراصل آکسیجن کی فراہمی ہے جو درخت کاربن ڈائی آکسائیڈ کے بدلے ہماری دشت جان کو بہم پہنچاتے ہیں اور آگ جلانے میں بھی معاونت کرتے ہیں۔

سورہ واقعہ میں کھیتی کو روند دینے کی بات اللہ کا خاص انداز ہے جس کی بنا پر ہم جیسے ناشکروں کو راہ راست پر لانے کی بات ہوتی ہے اگر واقعی چشم زدن میں کھیتیاں خاکستر اور شجر سوختہ اور پتے ریختہ ریختہ ہوجائیں تو ہم اللہ کے سوا کس کی جانب متوجہ ہوںگے۔

اگر خوراک کے تانے بانے (Food Chain) کی پہلی سیڑھی (First Trophic level) یعنی نباتات ہی نہ رہیں تو ہم جیسے گنہ گار بس من و سلویٰ کی آس میں حیاتِ ناپائیدار کے دن گنتے رہیں گے۔

آئیے ذرا اپنے معصوم کرۂ ارض پر دیکھتے ہیں کہ نباتات کی بساط کتنی ہے اور ہم اس کے ساتھ کیا سلوک روا رکھے ہوئے ہیں۔

زمین پر کہساروں، ریگزاروں، آبی ذخیروں، شہری آبادی دیگر سرگرمیوں کے لئے وقف زمین کو چھوڑ کر نہایت ہی قلیل حصہ (30%)

toobaa-elibrary.blogspot.com

قابلِ کاشت ہے جس کا نصف ابھی کاشت کیا جاتا ہے۔ اناج غلہ اور فصلیں نباتات کی مجموعی پیداوار کا صرف 7.7 فیصد ہیں۔ ہم ان فصلوں سے بھی محروم ہوتے جارہے ہیں۔ زیرِ کاشت رقبے پر کیمیاوی کھاد کے استعمال، کیڑے مار دواؤں اور سیم و تھور کی وجہ سے فصلوں میں بتدریج کمی ہوتی جارہی ہے یہ بڑا پیچیدہ مسئلہ ہے ماہرین کا خیال ہے کہ فی الحال روئے زمین پر غلے کی کمی نہیں ہے یوں چھ بلین کے لگ بھگ لوگ بھر پیٹ روٹی کھا سکتے ہیں۔ مگر غلط حکمت عملی کی بنا پر لاکھوں انسان بھوک سے متاثر ہوتے ہیں اور سالانہ 42 ملین ہلاک ہوجاتے ہیں اب جبکہ دنیا کی آبادی 23 سے 39 سال میں دوگنی ہوجائے گی تو خوراک کا مسئلہ اور بھی سنگین ہوجائیگا اگر ہم بڑھتی ہوئی آبادی کی خوراک کے لئے کیمیاوی کھاد وغیرہ استعمال کریں گے تو ماحول کی آلودگی کا جادو اور سر چڑھ کر بولے گا ایسے میں ہمیں کاشت کاری کے لئے زیادہ جگہ اور بہتر طور طریقے استعمال کرنے ہوں گے تاکہ قحط سے قطب شمال سے جنوبی تک کرۂ ارض ایتھوپیا اور سوڈان جیسا سماں نہ پیش کرے۔

قدرتی چراگاہوں اور جنگلات کا کردار ماحول کے لئے بے حد اہم ہے جنگلات کو تو ماہرین نے آکسیجن کی فیکٹریاں اور دنیا کے پھیپھڑے کہا ہے اب ماحول کی آلودگی کی وجہ سے ہر سال جنگلات صفحہ ہستی سے تیزی سے مٹ رہے ہیں۔ کہتے ہیں کہ روئے زمین پر موجودہ جانداروں کی ستر فیصد سے زائد اقسام گرم مرطوب جنگلات میں بسی ہوئی ہیں یوں ہم جنگلات پر ستم ڈھاکر گوناگوں جانداروں کی نسلیں ہی ختم کررہے ہیں۔

اس وقت تک بنی نوع انسان کو پودوں کی 250،000 اقسام

معلوم ہیں جیسا کہ قرآن پاک میں مذکور ہے کہ سورج کو مسخر کرکے توانائی کا ذریعہ بنایا ہے چنانچہ پودے سورج کی روشنی ہی میں فوٹو سینتھیسس کے عمل سے غذا تیار کرتے ہیں۔ ایک اندازے کے مطابق کرۂ ارض پر موجود نباتات 155 x10 ٹن سالانہ آرگینک مادہ تیار کرتی ہے جن میں سے 56 فیصد خشکی کے پودے بناتے ہیں۔ ان پودوں کے باورچی خانے کی تفصیل دلچسپی سے خالی نہیں ہے۔

Tropical Rain Forest-Primary	Net productivity	Mean	Unit
" " "	/1000 - 3500 /	g/m2/year	2000
tundra	140 100 - 400 /		
Grassland tropical	200 -2000	//	700
Grass land (Temperate)	150 - 100	//	500
Desert (Dry)	0 - 10	//	3
(ice)	0 - 1	//	0
Fresh Water (Marsh)	800 - 4000	//	2000
Fresh Water(lake/Stream	100 - 1500	//	500
Ocean (Reef)	800 - 4000	//	2000

یوں ٹنڈرا کے یخ بستہ خطے، گرم مرطوب جنگلات اور صحراؤں کے وجود اپنی اپنی بساط کے مطابق زندگی کو رواں دواں رکھنے کے لئے کرۂ ارض کو خوراک کے ذخیرے مہیا کرتے ہیں۔ موسم کو اعتدال پر رکھنے، فضا کو صاف کرنے، روزگار کے مواقع دینے کے ساتھ ساتھ طرح طرح کی ادویات اور گوناگوں فوائد نباتات کے ادنیٰ کاموں میں آتے ہیں۔ جنگلات کی لکڑیاں کاٹنا ہمارا محبوب مشغلہ بن چکا ہے۔ اقتصادی حالات

toobaa-elibrary.blogspot.com

سے قطع نظر، جنگلات کے ختم ہونے کے نقصانات زیادہ سنگین ہوتے ہیں۔ دنیا کی آدھی آبادی کے ایندھن کا انحصار لکڑی پر ہے جن میں سے 80 فیصد پسماندہ علاقوں کی بات ہے۔ تنزانیہ گیمبیا وغیرہ میں تو 99 فیصد انحصار جنگلات کی لکڑی پر ہے۔

جنگلات پر یوں ستم ہوتے دیکھ کر کسی گورے نے ترس کھا کر یوں کہا تھا۔

"Forests have past and present but no future."

سچ ہی تو ہے اگر جنگلات کے ساتھ یہی سلوک روا رہا تو 2085ء تک ہم Tropical Forest سے بالکل محروم ہوجائیں گے۔

ایک اندازے کے مطابق دنیا کے رقبے کا صرف سات فیصد Tropical rain forest ہیں جہاں جانداروں کی بیشتر اقسام بستی ہیں۔ اب جبکہ جنگلات سے محرومی (Deforestation) کی رفتار ایک فٹبال گراؤنڈ فی سیکنڈ ہوچکی ہے تو آپ خود سوچیں کہ دنیا مثلِ دلِ مضطر ویرانہ نہ بنے گی تو اور کیا ہوگی اسی بنا پر جانداروں کی ناپید ہونے کی رفتار بھی 100اقسام کے لگ بھگ روزانہ تک پہنچ چکی ہے۔ اہلِ جنوں کا کہنا ہے کہ اگر Tropical جنگلات کا 70% سے زائد حصہ ختم ہوگیا تو ہمارے ماحول کا شیرازہ مشتِ خاک کی طرح بکھر جائے گا اور ہم گم گشتہ ماحول کی تلاش میں ملکِ عدم میں جا پہنچیں گے۔

بنی نوع انسان نے اللہ تعالیٰ کے بار بار کے احکامات کے باوجود مظاہرِ قدرت اور اللہ کی شش جہات میں پھیلی ہوئی نشانیوں پر غور نہیں کیا ورنہ وہ اپنے ہی ہاتھوں نباتات سمیت وسائلِ قدرت کو آلودگی کے زہر سے بھر کر غیر دانشمندانہ فعل نہ کرتا یہ سب کچھ تکبر اور

ناشکری کے زمرے میں آتا ہے۔ کسی نے کیا خوب کہا ہے۔

We have measured the distance to the moon to an accuracy of centimeters but have not explored the wonders of our own planet's species.

اگر ہم گرم چائے یا کافی کی چسکیاں لیتے ہوئے کبھی یہ سوچ لیں کہ یہ بھی تو کسی پودے سے حاصل ہوتی ہیں تو شاید درختوں کی قدر و قیمت پر نظرثانی کی نوبت آجائے۔ جس رفتار سے ہم جنگلات کو تباہ کررہے ہیں اور دوسری طرف فضا اور ماحول میں CO_2 سمیت دیگر زہر گھول رہے ہیں تو ہمیں Tree for everyone کی بات پر جلد عمل کرنا ہوگا۔ یورپ اور ترقی یافتہ ممالک میں تو اب یہ تناسب Hundred trees for everyone تک پہنچ چکا ہے ایسا نہ ہو کہ ہمارے اعمالِ خبیثہ کے باعث ہر کسی کو شداد کی جنت کے برابر درخت لگا کر کرۂ ارض کو مرنے سے بچانا پڑے۔۔۔۔۔

سوال یہ ہے کہ جب درخت کی ایک قسم (Species) سرے سے ختم ہی ہوگئی ہے تو ہم جذبۂ شجرکاری سے مغلوب ہو کر بھلا زمین میں کیا لگائیں گے اللہ تعالیٰ نے قرآن میں جگہ جگہ نباتات کے لشکر کو خوبصورت جوڑوں سے تشبیہ دی ہے۔ سم و تھور، صنعتی فضلات، شہروں کی وسعت، توانائی کا بے دریغ استعمال سبھی عناصر نے مل کر ایک طرف تو قابلِ کاشت رقبے کو گھٹانا شروع کردیا ہے اور ساتھ ہی ساتھ جنگلات ختم ہورہے ہیں۔ نیز پچھلے کئی سال میں صنعتوں کے جال نے آلودگی کے سبب پودوں اور ان سے حاصل ہونے والے خوراک کے تانے بانے (Food Chain) کو متاثر کردیا ہے۔ یہ انتہائی تشویشناک

toobaa-elibrary.blogspot.com

ہے اناج اور غلے کی مد میں اتنا کہنا بہت ہے کہ اب بھی اناج کی کمی نہیں ہے اور چھ بلین انسانوں کا روز خوراک حاصل کرسکتا ہے۔ یہ غلط حکمتِ عملی اور ہماری معاشرتی پیچیدگیاں ہیں (بشمول سیاسی ہتھکنڈے) کہ خوراک کا بحران ہے۔ رہی جنگلات کی بات تو ان میں ایک عظیم دنیا بسی ہوئی ہے جو ہماری نظرِ تغافل کا شکار ہورہی ہے۔ آیئے ایک جنگل (Deciduous Forest) کے ایک مربع کلومیٹر رقبے میں مشاہدے کا جال پھیلا کر دیکھتے ہیں وہاں کیا کیا ملتا ہے۔

Rain = 70 --- 100 mm/year

Large trees = 75,000

Tree seedings = 786,00

shrubs = 281, 000

Soft stemmed plants = 345,000,00

Invertibrates = 2,688,000,000

Birds = 768

Hawk = 2-5

Mountain lion = 0.2

صرف 90-1970ء میں دنیا سے 200 ملین ہیکٹر رقبے کے جنگلات ہماری شرم و حیا کی طرح ختم ہوگئے ہیں۔

ماہرین کے مطابق متوازن ماحول میں 13.4% Tropical forest ہونے تھے مگر اب 5.9 فیصد سے بھی کم ہیں عام جنگلات 36 فیصد کی بجائے 28 فیصد Semidesert 10 فیصد کی بجائے 15 فیصد ہوچکے ہیں۔

صحراؤں کا وجود 11.4 فیصد کی بجائے سترہ فیصد ہورہا ہے۔ جنگلات کی سب سے عمدہ اور قابل قدر قسم Tropical کہلاتی ہے۔ انسانی سرگرمیوں کے نتیجے میں یہ جنگلات grassland اور صحراؤں میں بدلتے جارہے ہیں امریکہ میں جنگلات کا رقبہ 30 فیصد ہے اس کے لگ بھگ افریقہ میں صحراؤں کا رقبہ ہے۔

مختلف اقسام کے جنگلات ان میں نمی کا تناسب، پودوں اور جانداروں کے بارے میں تفصیل بے حد دلچسپ ہے۔ فطرت کے ماحول کا لباس اتنا خوش نما اور دیدہ زیب ہے کہ عقل دنگ رہ جاتی ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

رکھا اس نے طاقِ فلک میں چراغ
تو چھلکیں ہیں کرنوں سے جگ کے ایاغ
سجائے ہیں جس نے درختوں کے تاج
اگایا اسی نے زمیں سے اناج

جسم و جاں کے کشکول

کاش ہم حیوان کو حیوان ہی سمجھ لیتے تو آج دنیا اور اس کا ماحول بہت مختلف ہوتا۔ ہم تو انسان کو بھی حیوان بلکہ اس سے بدتر سمجھتے ہیں جبھی تو انسان انسان سے خوفزدہ ہو کر ہرن کی طرح ادھر ادھر چھپتا پھر رہا ہے ہمیں تو پیاسے کتے کو پانی پلانے کا عمل بھی دشوار لگ رہا ہے بھلا ہم روئے زمین پر بے زبان جانوروں کی بقا کو یقینی کیسے بنا سکتے ہیں۔ یہ تو وہی خالقِ کائنات اور ربِ ذوالجلال ہے جس نے معمولی مکھی کو ہماری زہر بھری دواؤں سے زندہ بچ رہنے کے لئے نئی نئی مدافعتی توانائیاں بخشی ہیں۔ اس وقت دنیا میں کم و بیش سو ملین کے لگ بھگ جانداروں کی اقسام (Species) ہیں۔ انسان ان میں سے فقط 1.6 ملین کے بارے میں تھوڑی سی شُدبُد رکھتا ہے۔ اتنی کم علمی اور جہالت کے باوجود فرعونِ وقت کی طرح ان جانداروں کو اولادِ زرینہ سمجھ کر صفحۂ ہستی سے مٹا رہا ہے۔ زمین کا دسترخوان انسانوں کا بچھایا ہوا تو نہیں ہے یہ تو اس ربِ کائنات کا ہے جس نے ہر جاندار کو خود روزی دینے کا وعدہ کیا ہے۔

چنانچہ ارشادِ باری تعالیٰ ہے :

ترجمہ: اور زمین پر چلنے والا کوئی ایسا نہیں جس کی روزی اللہ کے ذمہ نہ ہو وہ جانتا ہے کہاں ٹھہرے گا اور کہاں سپرد ہوگا چنانچہ قرآن میں مذکور ہے کہ :۔

ومامن دابة فی الارض الا علی اللہ رزقھا ویعلم

toobaa-elibrary.blogspot.com

مُسْتَقَرَّهَا وَمُسْتَوْدَعَهَا (سورہ ھود آیت 6)

ایک اور جگہ یوں ارشاد ہوا :۔

وَكَاَيِّنْ مِّنْ دَآبَّةٍ لَّا تَحْمِلُ رِزْقَهَا اَللّٰهُ يَرْزُقُهَا وَاِيَّاكُمْ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ۔ (العنکوت آیت 60)

ترجمہ :۔ اور زمین پر کتنے ہی چلنے والے ہیں کہ اپنی روزی ساتھ نہیں رکھتے اللہ ہی روزی دیتا ہے انہیں اور تمہیں اور وہی سنتا جانتا ہے۔

دنیا میں مخلوق پھیلانے کے بارے میں یوں فرمایا :۔

وَالْاَرْضَ وَضَعَهَا لِلْاَنَامِ (الرحمٰن آیت 10)

ترجمہ :۔ اور زمین رکھی مخلوق کے لئے۔

مستقبل میں جھانکنے والے یہ آیت بھی پڑھتے چلیں:۔

سُبْحٰنَ الَّذِىْ خَلَقَ الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا مِمَّا تُنْۢبِتُ الْاَرْضُ وَمِنْ اَنْفُسِهِمْ وَمِمَّا لَا يَعْلَمُوْنَ (یٰسین آیت 36)

ترجمہ :۔ پاکی ہے جس نے سب جوڑے بنائے ان چیزوں سے جنہیں زمین اگاتی ہے اور خود ان سے اور ان چیزوں سے جن کی انہیں خبر نہیں۔

ان آیات میں دنیا کی تمام مخلوقات (Species) کی بات مکمل کردی نباتات ہوں یا حیوانات مائیکروب یا انسان وغیرہ۔

اب یہ آیت بھی ملاحظہ ہو۔

وَالَّذِىْ خَلَقَ الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا وَجَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الْفُلْكِ وَالْاَنْعَامِ مَا تَرْكَبُوْنَ (الزخرف آیت 12)

ترجمہ :۔ وہ جس نے سب جوڑے بنائے اور تمہارے لئے کشتیوں اور

چوپایوں سے سواریاں بنائیں۔

کرہ ارض دراصل انسانوں سمیت ہر ہر چیز کا مشترکہ گھر ہے یہاں کا دکھ سکھ سب کا مشترک ہے۔ جس طرح بنی نوع انسان نے حیوانوں سمیت کرۂ ارض کی ہر شے کو اپنی سرگرمیوں (بشمول آلودگی) سے تباہ کردیا ہے تو وہ خود بھی اس عذاب سے بچ کر کہاں جائے گا وسیع کائنات میں اللہ نے زمین کی چیزیں ہم پر وقت مقررہ تک مسخر کردیں ہیں لہٰذا اس گھر سے فرار ممکن نہیں۔چنانچہ کسی بدیسی کا کہنا ہے۔

"This we know earth does not belong: to man, man, belong to earth. All things are connected like the blood which unite our family. Whatever befalls earth befalls the sons of earth. Man does not weave the web of life he is merely a strand in it. what ever he does to web, he does to himself."

چنانچہ جانداروں کی نسل کشی ہو یا جنگلات کی تباہی، موسم کی بے جا تبدیلی ہو یا اوزون کی چادر و چار دیواری میں مداخلت سب کا خمیازہ خود ہمیں ہی بھگتنا ہوگا۔

جانداروں کی پیدائش اور مشقت پر اللہ تعالیٰ نے بڑے واشگاف انداز میں یوں فرمایا ہے۔

اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا خَلَقْنَا لَهُمْ مِّمَّا عَمِلَتْ اَيْدِيْنَآ اَنْعَامًا فَهُمْ لَهَا مٰلِكُوْنَ وَذَلَّلْنٰهَا لَهُمْ فَمِنْهَا رَكُوْبُهُمْ وَمِنْهَا يَاْكُلُوْنَ۔ وَلَهُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ وَمَشَارِبُ اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ۔ (یسین آیت 71

toobaa-elibrary.blogspot.com

(73،72،

ترجمہ : کیا انہوں نے نہ دیکھا کہ ہم نے اپنے ہاتھ کے بنائے ہوئے چوپائے ان کے لئے پیدا کیے تو یہ ان کے مالک ہیں۔ اور ان کے لئے نرم کردیا تو کسی پر سوار ہوتے ہیں کسی کو کھاتے ہیں اور ان کے لئے ان میں کئی طرح کے نفع ہیں۔ اور پینے کی چیزیں تو کیا شکر نہ کریں گے۔

(اگر شکر کرتے تو یوں آبی حیات اور جانداروں کو لقمۂ اجل نہ بناتے۔ خشکی اور تری کا ماحول برباد نہ کرتے۔)

بلا شبہ صرف پالتو جانوروں کی افادیت پر ضخیم کتابیں لکھی جاسکتی ہیں۔ اب یہ آیت بھی ملاحظہ ہو۔

وَاَنْزَلَ لَكُمْ مِّنَ الْاَنْعَامِ ثَمٰنِيَةَ اَزْوَاجٍ (الزمر آیت 6)

ترجمہ :۔ اور تمہارے لئے چوپایوں میں سے آٹھ جوڑے اتارے۔

جانوروں کے قسم قسم کے رنگوں اور بھانت بھانت قسموں کے بارے میں یوں فرمایا ہے :۔

وَمِنَ النَّاسِ وَالدَّوَآبِّ وَالْاَنْعَامِ مُخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ كَذٰلِكَ (فاطر 28)

ترجمہ :۔ اور آدمیوں، اور جانوروں اور چوپایوں کے رنگ یونہی طرح طرح کے ہیں۔

روئے زمین پر جانوروں اور انسانوں کے رنگوں کا اختلاف اللہ کی نشانیوں میں سے ہے۔دنیا میں Species پر اتنا مواد موجود ہے کہ اللہ کی پناہ پھر بھی بہت سی مخلوقات ہم سے اوجھل ہیں۔ اللہ کی نشانیاں یوں بھی دیکھیں۔

وَمِنْ اٰيٰتِهٖ خَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَثَّ فِيْهِمَا مِنْ دَآبَّةٍ

وَهُوَ عَلٰى جَمْعِهِمْ اِذَا يَشَآءُ قَدِيْرٌ (الشوریٰ آیت 29)۔

ترجمہ :۔ اور اللہ کی نشانیوں میں سے آسمانوں اور زمین کی پیدائش اور جو چلنے والے اس میں پھیلائے اور وہ ان کے اکٹھا کرنے پر جب چاہے قادر ہے۔

یوں بڑے لطیف انداز میں حیات بعد الموت اور آخرت کی گھڑیوں کی جانب اشارہ فرمایا:

اِنَّ فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لَاٰيٰتٍ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ۔ وَفِىْ خَلْقِكُمْ وَمَا يَبُثُّ مِنْ دَآبَّةٍ اٰيٰتٌ لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ۔ (الجاثیہ آیت 4،3)

ترجمہ :۔ بے شک آسمانوں اور زمین میں نشانیاں ہیں ایمان والوں کے لئے۔ اور تمہاری پیدائش میں اور جو جو جانور وہ پھیلاتا ہے۔ ان میں نشانیاں ہیں یقین والوں کے لئے۔

بالخصوص اونٹ کے لئے یوں فرمایا :۔

اَفَلَا يَنْظُرُوْنَ اِلَى الْاِبِلِ كَيْفَ خُلِقَتْ۔ (الغاشیہ آیت 17)

ترجمہ :۔ تو کیا اونٹ کو نہیں دیکھتے کیسا بنایا گیا۔

اونٹ کی خصوصیات بہت ہیں چارہ کھاتا ہے مگر ہماری خاطر صحرا میں آب و گیاہ جگہ رہتا ہے وغیرہ وغیرہ۔

ہم دیکھتے ہیں کہ دنیا کے مختلف خطوں میں آب و ہوا اور محل وقوع کی بنا پر جانوروں کے رنگ ان کی نسلیں اور قدوقامت مختلف ہیں۔

اللہ نے اپنی گوناگوں مخلوقات کو لشکر کا نام دے کر یوں فرمایا ہے۔

وَلِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ (الفتح آیت 7)

toobaa-elibrary.blogspot.com

ترجمہ :۔ اور اللہ ہی کے لئے ہیں آسمانوں اور زمین کے سب لشکر۔

ہر نسل (Species) ایک لشکر ہے۔ ابرہہ کے لشکر کی تباہی کے لئے پرندوں کا لشکر اللہ ہی نے بھیجا تھا۔

اب یہ آیت بھی ملاحظہ ہو :۔

وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِي الْاَرْضِ وَلَا طٰٓئِرٍ يَّطِيْرُ بِجَنَاحَيْهِ اِلَّآ اُمَمٌ اَمْثَالُكُمْ (الانعام آیت 38)

ترجمہ :۔ اور نہیں کوئی زمین میں چلنے والا نہ کوئی پرندہ کہ اپنے پروں پر اڑتا ہے مگر تم جیسی امتیں۔

یوں زمین پر چلنے والے اور فضا میں اڑنے والے سبھی شاملِ ذکر ہوگئے ہیں اللہ نے جانداروں کو امتیں تو کہیں اپنا لشکر فرمایا ہے۔ غرض ہر لشکر ہر امت انسان کے لئے مسخر فرمادی۔ چنانچہ فرمایا:۔

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ سَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِي الْاَرْضِ (الحج آیت 65)

ترجمہ :۔ کیا تو نے نہ دیکھا کہ اللہ نے تمہارے بس میں کردیا جو کچھ زمین میں ہے۔

زندگی کی گہما گہمی کے لئے چوپایوں اور جانداروں کے بارے میں تو اللہ نے بار بار طرح طرح سے اشارات فرمائے ہیں مثلاً

وَالْاَنْعَامَ خَلَقَهَا لَكُمْ فِيْهَا دِفْءٌ وَّمَنَافِعُ وَمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ. وَلَكُمْ فِيْهَا جَمَالٌ حِيْنَ تُرِيْحُوْنَ وَحِيْنَ تَسْرَحُوْنَ۔ وَتَحْمِلُ اَثْقَالَكُمْ اِلٰى بَلَدٍ لَّمْ تَكُوْنُوْا بٰلِغِيْهِ اِلَّا بِشِقِّ الْاَنْفُسِ۔ اِنَّ رَبَّكُمْ

لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ. وَّالْخَيْلَ وَالْبِغَالَ وَالْحَمِيْرَ لِتَرْكَبُوْهَا وَزِيْنَةً. وَيَخْلُقُ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ (النحل آیت 5 سے 8)

ترجمہ :۔ اور چوپائے پیدا کئے۔ ان میں تمہارے لئے گرم لباس اور فائدے ہیں ان میں سے کھاتے ہو۔ اور تمہارا ان میں تجمل (جمال) ہے جب انہیں شام کو واپس لاتے ہو اور جب چرنے کو چھوڑتے ہو۔ اور وہ تمہارا بوجھ اٹھا کر لے جاتے ہیں ایسے شہر کی طرف جہاں نہ پہنچتے مگر ادھ موئے ہوکر بے شک تمہارا رب نہایت مہربان رحم والا ہے۔ اور گھوڑے اور خچر اور گدھے کہ ان پر سوار ہو اور زینت کے لئے اور وہ پیدا کریگا جنکی تمہیں خبر نہیں۔

ان آیات میں چوپایوں کے ان گنت فائدے بتائے گئے ہیں۔ ریوڑوں کے جمال، چراگاہوں کے دلکش منظر اور سہانے سے سبھی کچھ بیان ہوئے۔ آج بھی سیاچن اور پُرپیچ و یخ بستہ راہوں پر ہم چوپایوں کی سواری کے بغیر نہیں جاسکتے۔ نیز خدائے مہربان نے اور بھی (پردۂ غیب سے) طرح طرح کے اسباب اور نئی مخلوقات پیدا کرنے کا وعدہ کیا ہے۔ ہمارا علم تو اتنا محدود ہے کہ اب تک خود اپنے بارے میں کچھ نہیں جانتے۔ بہرحال جانداروں کی دنیا (Animal Kingdom) میں نئے اضافے کی نشاندہی اور نئی نئی سواریوں کی بات کی ہے جیسے پہلے جہاز وغیرہ نہ تھے اب نئی نئی ایجادات ہورہی ہیں۔

جاندار کے بارے میں ایک اور زاویے سے یہ آیت ملاحظہ فرمایئے۔

وَاِنَّ لَكُمْ فِي الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً نُسْقِيْكُمْ مِّمَّا فِيْ بُطُوْنِهٖ مِنْ بَيْنِ فَرْثٍ وَّدَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَآئِغًا لِّلشّٰرِبِيْنَ (النحل آیت 66)

toobaa-elibrary.blogspot.com

بے شک تمہارے لئے چوپایوں میں عبرت ہے ہم تمہیں پلاتے ہیں۔ ان کے پیٹ سے گوبر اور خون کے بیچ سے خالص دودھ جو سہل اترتا ہے پینے والوں کو۔

یوں دودھ دینے والے یا مالیہ کی جانب واضح اشارہ فرمایا ہے۔ دودھ سے دہی بنانے میں بیکٹیریا چاہے اپنی جان گنوا بیٹھے ہم ناشکری میں صرف یہ کہتے ہیں کہ دہی کھٹا ہے۔دن رات ہمارے وجود میں آنے سے اربوں سال پہلے بھی بیکٹریا دار فانی میں ہمارے لئے راہ ہموار کرنے پر مامور رہے اور اب بھی خدمت کرتے چلے آرہے ہیں مگر ہم شکر ادا کرنے کی طرف مائل نہیں ہوتے۔

حیوانات اور نباتات (جو ایک دوسرے کے بغیر مرجائیں) کے درمیان بھی تو بیکٹیریا اور مائیکروب پل کا کام کررہے ہیں پس اگر یہ نہ ہو تو توانائی اور خوراک کے تانے بانے کچے دھاگے کی طرح ٹوٹ جائیں اور حیات کسی محروم دوشیزہ کی چوڑیوں کی طرح ٹوٹ کر ریزہ ریزہ ہوجائے۔

پرندوں کے بارے میں خصوصیت سے ساتھ ارشاد باری تعالیٰ ہے :۔
کیا انہوں نے پرندے نہ دیکھے کے آسمان میں فضا میں حکم کے باندھے انہیں کون رکھتا ہے اللہ کے سوا۔
اب یہ آیت بھی ملاحظہ ہو:۔

وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِّنْ بُيُوْتِكُمْ سَكَنًا وَّجَعَلَ لَكُمْ مِّنْ جُلُوْدِ الْاَنْعَامِ بُيُوْتًا تَسْتَخِفُّوْنَهَا يَوْمَ ظَعْنِكُمْ وَيَوْمَ اِقَامَتِكُمْ وَمِنْ اَصْوَافِهَا وَاَوْبَارِهَا وَاَشْعَارِهَآ اَثَاثًا وَّمَتَاعًا اِلٰى حِيْنٍ (النحل آیت 80)

ترجمہ:۔ اللہ نے تمہیں گھر دیئے رہنے کو اور چوپایوں کی کھال سے کچھ گھر بنائے کہ۔جو تمہیں ہلکے پڑتے ہیں تمہارے سفر کے دن اور منزلوں پر ٹھہرنے کے دن۔ اور ان کی اون اور بیری اور بالوں سے گرہستی کا سامان اور برتنے کی چیزیں ایک وقت تک۔

چنانچہ یوں بھی فرمایا:۔

وَاِنَّ لَكُمْ فِي الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً نُسْقِيْكُمْ مِّمَّا فِيْ بُطُوْنِهَا وَلَكُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ كَثِيْرَةٌ وَّمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ وَعَلَيْهَا وَعَلَى الْفُلْكِ تُحْمَلُوْنَ (المومنون آیت 22_21)

ترجمہ :۔ بے شک تمہارے لئے چوپایوں میں عبرت ہے۔ ہم تمہیں پلاتے ہیں ان سے جو انکے پیٹ میں ہے۔ اور تمہارے لئے ان میں بہت فائدے ہیں اور ان سے تمہاری خوراک ہے اور ان پر اور کشتی پر سوار ہوتے ہو۔

جانوروں سے عبرت لینے کی بجائے ہم انہیں عبرت سکھارہے ہیں پس جبھی تو دنیا بھر سے جانداروں کی تقریباً 40 سے 140 قسمیں روزانہ ناپید ہورہی ہیں۔ یہ عمل قدرتی طور پر ناپید ہونے سے ہزاروں گنا زیادہ ہے ایسا سلوک تو قرون اولیٰ میں ڈائنوسارز کے ساتھ بھی نہ ہوا تھا۔

آبی آلودگی سے ہم لاکھوں آبی حیات کو چشم زدن میں مار دیتے ہیں اور تو اور اب دودھ بھی خالص نہیں ملتا (پانی کی ملاوٹ سے قطع نظر اب تو دودھ میں بھی زہریلے مادے اور زہریلی دھاتیں آلودگی کے باعث خوراک کی زنجیر Food Chain میں آچکی ہیں۔

اوپر کی آیت میں اللہ نے شمسی توانائی سے پودوں کی خوراک

toobaa-elibrary.blogspot.com

کے بعد کی تفصیل صرف خوراک کہہ کر اشارتاً فرمادی ہے۔ درج ذیل آیت تو حیوانات کی اقسام پر گویا آخری دلیل ہے آئندہ آنے والی نامعلوم نسلوں کی بھی نشاندہی یوں ہوگئی ہے۔

وَاللّٰهُ خَلَقَ كُلَّ دَآبَّةٍ مِّنْ مَّآءٍ فَمِنْهُمْ مَّنْ يَّمْشِيْ عَلٰى بَطْنِهٖ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّمْشِيْ عَلٰى رِجْلَيْنِ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّمْشِيْ عَلٰٓى اَرْبَعٍ يَخْلُقُ اللّٰهُ مَا يَشَآءُ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔ (النور آیت 45)

ترجمہ :۔ اللہ نے زمین پر ہر چلنے والا پانی کے ذریعے پیدا فرمایا کوئی پیٹ کے بل چلتا ہے۔ ان میں کوئی دو پاؤں پر اور کوئی چار پاؤں پر اللہ بناتا ہے جو چاہے۔ بیشک اللہ سب کچھ کرسکتا ہے۔

ایک جگہ یوں ارشاد ہوا :۔

وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا مَعَايِشَ وَمَنْ لَّسْتُمْ لَهٗ بِرٰزِقِيْنَ (الحجر آیت 20)

ترجمہ :۔ اور اس (زمین) میں تمہاری روزیاں کردیں اور کردیئے جنہیں تم رزق نہیں دیتے۔

اللہ بے شک جو چاہتا ہے بناتا ہے۔ روئے زمین پر لاکھوں نسلیں ایسی ہیں کہ انسان ان کو جانتا تک نہیں۔ آیت الحجر میں ایسے ہی جانداروں کی جانب اشارہ ہے :۔ اللہ اپنے کارخانۂ قدرت سے انہیں جس شکل میں چاہتا ہے بناتا ہے اور جنہیں چاہتا ہے صفحۂ ہستی سے غائب کردیتا ہے روئے زمین پر بسنے والی مخلوقات میں سے 98% ناپید

ہوچکی ہیں۔ انسان صحراؤں کی وسعت بڑھا کر جنگلات کو ختم کرکے، شہروں کو وسعت دے کر غرض آلودگی کا ہر حربہ آزما کر اب جانداروں کی متعدد نسلوں کو خود ہی مٹاتا جارہا ہے۔

زمین پر پھیلائے گئے جاندار نہ تو بے کار ہیں نہ ہی تعداد میں فضول۔ اللہ تعالیٰ نے زمین پر نباتات، حیوانات، بیکٹیریا غرض ہر ہر شے کی مناسب مقدار مقرر فرمائی ہے۔ اگر ایک طرح کی جڑی بوٹی فالتو سمجھ کر ختم کردی جائے تو اس پر پلنے والی کوئی جاندار شے بھی قحط کا شکار ہو کر ختم ہوسکتی ہے لہٰذا کوئی شے بھی نکمی یا فالتو نہیں ہے بچپن میں ہم نے صحیح پڑھا تھا۔

نہیں ہے چیز نکمی کوئی زمانے میں
کوئی برا نہیں قدرت کے کارخانے میں

بچپن میں ہم نے کیڑے مکوڑوں، بلبل تتلی اور بھنورے کو نہ مارنے کا عزم کرتے ہوئے یہ نظم میں پڑھی تھی جو اب تک یاد ہے

Hurt no living thing
Lady bird nor butterfly
Nor moth with dusty wing
Nor Dancing gnat nor beetle fat
Nor harmless worm that creeps

کیا آپ نے کبھی سوچا کہ دودھ دینے والے جاندار اگر صرف اپنے بچے کی ضرورت کے مطابق دودھ دیتے تو ہم اور آپ کہاں سے اس نعمت کو حاصل کرتے اکثر جاندار اپنے بچوں کی ضرورت سے 3 گنا سے 30 گنا زیادہ دودھ دیتے ہیں۔ کیچوے زمین میں ایسی کھاد بناتے ہیں

toobaa-elibrary.blogspot.com

جو دنیا کی کوئی فیکٹری نہیں تیار کرسکتی اگر آپ کو موسم بہار کی ایک سہانی صبح اربوں پھولوں کے Pollination کی ادنیٰ سی ذمہ داری دے دیں تو آپ بوکھلا کر خودکشی کرلیں۔ ننھی منی تتلیاں، بھنورے، سنڈیاں اور مائیکروب کتنی تن دہی سے اپنے اپنے کام میں مصروف ہیں۔ آخر ابرہہ کے لشکر کو بھی تو پرندوں ہی نے کھایا ہوا بھس بنادیا تھا وہاں ہم اور آپ تو بیت اللہ کی حفاظت کو نہ پہنچے تھے ...... جانداروں کی بات چلی ہے تو الو کا ذکر ضروری ہے۔

کہتے ہیں کہ الو کی ایک قسم بڑی خاموشی سے بیٹھی رہتی ہے اس کی آنکھوں سے خاص روشنی نکل کر چڑیا کو خودبخود اس کے سامنے لقمہ تر بننے کے لئے اکساتی ہے۔ جبکہ غریب Pelican کو کئی گھنٹے مشقت کے ساتھ دلدل میں کھڑے رہنے پر ہی کوئی مچھلی دستیاب ہوتی ہے۔ دنیا کے گرم مرطوب جنگلوں کے دس کلومیٹر رقبے میں اتنے جاندار رہتے ہیں جتنے پورے یورپ میں نہیں ملتے بھلا ہم میں سے کون انہیں روزی رسنے اور دیکھ بھال کرنے جاتا ہے۔ ہمارا کام تو بس یہ ہے کہ ان کو اکیلا چھوڑ دیں جبھی تو فطرت کے متوالے کہتے ہیں۔ جانداروں کے بارے میں کہ "Leave them alone" جہاں تک دنیا میں جانداروں کے عدم توازن کا خدشہ ہے تو یہ کام اس کا ہے جس نے ہمیں اور انہیں اربوں سال کی شعلہ فشاں زمین کی بجائے آغوشِ مادر کی طرح نرم و گداز زمین پر پھیلایا ہے چنانچہ ارشاد خداوندی ہے۔

وَخَلَقَ كُلَّ شَيْءٍ فَقَدَّرَهُ تَقْدِيرًا (الفرقان آیت 2)

ترجمہ :۔ اور ہم نے ہر شے اندازے سے پیدا فرمائی۔

دنیا میں جانداروں کی پائے جانے والی نسلوں میں سے 60 سے

70 فیصد Tropical Forests میں بستی ہیں انسانی سرگرمیوں کے باعث جس تیزی سے ہم ان جنگلات کو نگل رہے ہیں تو یہ جاندار بے گھر اور لاوارث ہوکر روبہ وفات ہورہے ہیں یوں ہم آکسیجن کے وسیع ذخیرے یعنی، جنگلات کی دولت کے ساتھ ساتھ لاکھوں قسم کے مفید جانداروں سے بھی ہاتھ دھو رہے ہیں۔

انسان نے صنعتی آلودگی پھیلا کر زمین اور اس سے اگنے والی فصلوں اناج پھل غرض ہر قسم کی نباتات کو زہریلے مادوں سے ناکارہ بنانا شروع کردیا ہے۔ یہی زہر خوراک کے تانے بانے سے ہوتے ہوئے ہمارے چوپایوں کے دودھ، گوشت وغیرہ سے ہوکر کئی کیمیاوی عوامل کے باعث خوراک کی اوپر کی سیڑھیوں (Higher Trophic levels) میں جاکر مزید زہریلے اور مہلک ہوجاتے ہیں یوں ہم ادنیٰ زہر کو بڑھا چڑھا کر ہر جاندار کی حیات کو خطرات کی دلدل میں دھکیل رہے ہیں۔ آج کل جانداروں کے ناپید ہونے (Extinction) کی رفتار قدرتی رفتار سے دس ہزار گنا زیادہ ہے جس کی وجہ ہماری سرگرمیاں، آلودگی، جنگلات کی تباہی وغیرہ ہیں۔ خشکی کے ساتھ ساتھ ہم نے آبی حیات پر بھی ظلم روا رکھا ہے آبی ذخیروں کی آلودگی، تیزابی بارش وغیرہ کے باعث قیمتی آبی حیات زہر آلود ہوتی جارہی ہیں۔ مچھلیوں اور دیگر آبی جانداروں میں زہریلے مادے خصوصاً پارہ وغیرہ Biomagnificaion کے عمل سے ہزاروں گنا زیادہ زہریلے ہوکر آبی ذخیروں کو آبی حیات کے لئے جائے امان نہیں رہنے دیتے۔یوں تو ہم آبادی کے مجنونانہ پھیلاؤ کے ساتھ ساتھ خوراک کے مزید بحران کا شکار ہوکر کرۂ ارض کو سوئے جہنم لے جائیں گے۔ تب تو گم گشتہ جنت محض خام خیالی ہوگی ......

toobaa-elibrary.blogspot.com

لقمۂ تر کا تعاقب

بنی اسرائیل نے خدا کی ناشکری کر کے اپنے ساتھ ساتھ ہمیں بھی مشقت و دشواری کی دلدل میں دھکیل دیا ہے۔ کیا ہی اچھا زمانہ تھا جب آسمان کے دسترخوان سے فرشتوں کے نورانی ہاتھوں سے من و سلویٰ کے تھال اترا کرتے تھے۔ ہمیں تو اس پر بھی بڑا رشک آتا ہے کہ حضرت موسیٰ نے بہ حکم خداوندی پتھر پر عصا مار کر اپنے بارہ قبیلوں کے لئے بارہ چشمے جاری کر لیئے تھے۔ اب نہ وہ عصا رہا نہ چشمے نہ ہی من و سلویٰ کے پکوان۔ اچھا ہی تو ہے آجکل انسان اتنے گروہوں اور فرقوں میں بٹ گئے ہیں کہ اگر ہر ایک کے لئے چشمے جاری ہوجاتے تو خشکی پر ہر طرف نیا گرا آبشار کا ساسماں ہوتا اور ہم خشکی کو گمشدہ بیکٹیریا کی طرح ادھر ادھر تلاش کرتے رہتے۔ زندگی کی بقا کے لئے توانائی کا حصول ناگزیر ہے۔ جیتی جاگتی زندگی میں کائی ہو یا بیکٹیریا۔ انسان ہو یا حیوان، پودے ہوں یا پرند سبھی کو اپنے اپنے انداز میں توانائی کے لئے خوراک کی ضرورت ہوتی ہے۔ اللہ کا نظام اتنا متوازن ہے کہ اگر اسے تباہ نہ کیا جائے تو زندگی کے ہر روپ میں توازن سماتا چلا جائیگا۔

چیتے کی جھپٹ ہو یا کسی دل کی دھڑکن، پتوں کی پازیب ہو، یا بلبل کے نالے، پہیے کی حرکت ہو یا پنچھی کی پرواز توانائی کے بغیر کسی شے میں زندگی کی ہلچل نہیں رہتی۔ دنیا میں سو کے لگ بھگ عناصرِ قدرت کے حسین امتزاج سے خوراک کے تانے بانے بنتے ہیں خود انسانی جسم میں کاربن ہائیڈروجن، آکسیجن اور نائٹروجن کے اجزاء کا تناسب 96% ہے۔ یوں تو انسانی جسم میں 70 کے لگ بھگ عناصر کی موجودگی کا پتہ چلا ہے مگر ان کی مقداریں بہت کم ہیں۔ زندگی کی

ہراک شے نے پانی سے پائی نمو
جبھی تو ملی زندگی چارسو

toobaa-elibrary.blogspot.com

گاڑی کو رواں دواں رکھنے کے لئے پودے سورج کی روشنی میں گلوکوز اور O_2 یوں بناتے ہیں۔

$$\text{Solar Energy} \dashrightarrow 6Co_2 + 6H_2O \rightarrow C_6H_{12}O_6 + 6O_2 + \text{Chemical Energy}$$

یہ پودوں کی سیڑھی دراصل خوراک کی پہلی سیڑھی ہے آکسیجن ہم شاملِ جان کرتے ہیں اور پودوں سے بنی خوراک جس میں اور ضروری اجزاء کے علاوہ عناصر (Elements) کی مناسب مقداریں بھی ہوتی ہیں۔

ایک اندازے کے مطابق پودوں کا یہ عمل (Photo Synthesis) کلوروفل کی مہمیز سے ہر سال تقریباً 243 بلین ٹن خوراک تیار کرتا ہے۔

جاندار سانس کے عمل سے یوں گل کھلاتے ہیں۔

$$C_6H_{12}O_6 \rightarrow 6CO_2 + 6H_2O + \text{Energy}$$

یہ CO_2 پودے شاملِ جان کرتے ہیں

اس طرح کسی نے سچ کہا ہے کہ سانسوں (جانداروں) پر پودوں کا اور پودوں پر سانسوں کا انحصار ہے۔ ایک شریف انسان کو روزانہ 2400۔2200 کیلوری خوراک کی ضرورت ہے۔ جبکہ امریکی شہری روزانہ 3220 اور ایتھوپیا کا مفلوک الحال صرف 1600 کیلوری پر انحصار کرکے شکر ادا کر رہا ہے۔ ہر سال خوراک کی کمی کے باعث 40 ملین افراد مرجاتے ہیں۔ 2000ء میں اگر ہمارے لچھن یہی رہے تو 800 ملین تک افراد اس سے متاثر ہونگے۔

خوراک ایک سنگین مسئلہ ہے قرآن پاک کی تفسیر میں حضرت یوسفؑ کے حوالے سے خوراک اور قحط کا جو نقشہ کھینچا گیا ہے وہ خاصا بھیانک ہے۔ کہتے ہیں کہ پہلے سال اہلِ مصر اپنا تمام اثاثہ آپؑ کے پاس جمع

کرگئے اور یوں غلہ لیا دوسرے سال ہیرے جواہرات لوگوں کے پاس نہ رہے۔ تیسرے سال مویشی دے کر غلہ لیا گیا چوتھے سال قحط سے بچنے کے لیے لوگوں کے غلام اور باندیاں وغیرہ بک گئے پانچویں سال اراضی نذرِ اناج ہوگئی چھٹے سال لوگوں نے غلہ لینے کے لیے اپنی اولادیں گروی رکھ دی ساتویں سال قحط سے بچنے اور غلہ لینے کے لیے لوگ بہ نفسِ نفیس غلام بن گئے۔ یوں خوراک کے حصول نے اہلِ مصر کو کہاں سے کہاں پہنچا دیا۔ بھوک کی شدت سے مغلوب ہوکر مُردار کا گوشت کھانے کی مثالیں بھی ہمارے علم میں ہیں۔ ایک اندازے کے مطابق دنیا کی ایک بلین آبادی خوراک کے معاملے میں بدنصیب اور محروم ہے۔ ماہرین کے مطابق پانی اور خوراک چھ بلین انسانوں کے لیے ابھی مسئلہ نہیں ہے۔ غلط حکمتِ عملی کے باعث لوگوں کی خوراک تک رسائی نہیں ہے۔ دنیا کا ہر ساتواں انسان خوراک کی کمی کا شکار ہے۔ انسانی آبادی دو ملین سال میں پانچ بلین ہوئی تھی اب ہر 23 سال سے 39 سال میں دگنی ہوجاتی ہے۔ اسطرح ایک طرف آلودگی نے غلہ کی پیداوار کم کردی ہے دوسری طرف آبادی کے دباؤ نے خوراک کا مسئلہ کھڑا کردیا۔

اگر اپنے اردگرد نظر دوڑائی جائے تو ہمیں معلوم ہوتا ہے کہ اللہ نے پتھروں کو سونے، چاندی اور سو کے لگ بھگ انمول عناصر (elements) سے نواز کر انکا منہ بند کردیا ہے اور وہ فقط اللہ کی تسبیح کرتے ہیں اس طرح پودوں کو زمین میں ساکت کردیا ہے ان کو ہاتھ پاؤں نہ دیئے چنانچہ ان کی خوراک بھی (ہمارے رزق کی طرح) اللہ کے ذمہ ہے۔ چنانچہ پودوں کو ادھر ادھر تلاش رزق میں جانے کی بجائے ایسا نظام وضع کردیا ہے کہ خوراک کے ذخیرے خود مٹی (Soil) پانی اور

toobaa-elibrary.blogspot.com

ہوا کے ذریعے نباتات کی جھولیوں میں آگرتے ہیں یہ ہے نظامِ قادرِ مطلق۔ نباتات باقی جانداروں کی خوراک بننے کے ساتھ ساتھ اللہ کو سجدہ بھی کرتے رہتے ہیں۔ اس کے برعکس ہر جاندار کو خواہ وہ پیٹ کے بل چلتا ہو، اڑتا ہو، رینگتا ہو، دو چار یا متعدد ٹانگوں پر متحرک ہو۔ تلاشِ رزق کے لئے کہا گیا ہے اسے چونکہ حرکت کی طاقت دی ہے لہٰذا ہر جاندار اپنے رزق کے لئے حرکت کرتا ہے اور اپنے مقدر کا رزق اسے مل جاتا ہے۔

اس وقت دنیا میں اسی ملین کے لگ بھگ جانداروں کی اقسام ہیں جو نباتات کے ساتھ ساتھ ایک دوسرے کو لقمہ تر بنانے کے لئے مسلسل تعاقب میں رہتی ہیں۔ What eats what کے فارمولے میں جانداروں کی بقا کا راز مضمر ہے۔

آیئے دیکھتے ہیں اللہ تعالیٰ رزق یا خوراک کے بارے میں کیا فرماتا ہے۔

وَفِي السَّمَاءِ رِزْقُكُمْ وَمَا تُوعَدُونَ (الذّٰریٰت آیت 22)

ترجمہ :۔ اور آسمان میں تمہارا رزق ہے جو وعدہ دیا جاتا ہے۔

بنی اسرائیل نے اپنے ساتھ ساتھ منّ و سلویٰ بند کروا کے ہمارا بھی بے حد نقصان کیا۔ گو رزق تو پہلے کی طرح اللہ ہی دے رہا ہے اور وہ بھی آسمان ہی سے مگر اب مشقت بڑھ گئی ہے۔ آسمان سے رزق کو اگر سائنس کے محدب عدسے سے دیکھا جائے تو پانی (بصورت بارش) اور سورج کی روشنی آسمان سے ہم تک آتی ہے پھر حرارت اور نمی کے امتزاج سے دنیا کے گرم سرد حصوں پر طرح طرح کی نباتات سورج کی توانائی کو لے کر 243 بلین ٹن سالانہ Primary Product بناتی

ہیں۔ ایک اندازے کے مطابق سورج کی توانائی کا صرف ایک فیصد نباتات کی جھولیوں میں کارآمد مادہ بنتا ہے۔ یہی ذخیرہ اتنا ہے کہ دنیا میں خوراک کا کوئی بحران نہ ہوگا۔ تمام جاندار یا تو بالواسطہ یا بلاواسطہ پودوں کے بعد دیگر جانداروں کے پیکرِ جاں پر گزر کرتے ہیں۔ یوں رزق جو آسمان سے کسی روپ میں اترتا ہے بہرحال انواع و اقسام کی خوراکوں میں بٹ کر ہم تک پہنچتا ہے۔ خوراک کے پانچ درجے یا Trophic levels اسی امر کی جانب اشارہ کرتے ہیں۔ اور رزق کا وعدہ تو اللہ نے خود ہی فرما دیا ہے۔ رزق کے بارے میں یہ آیت بھی ایمان کو پختہ کرتی ہے۔

هُوَ الَّذِي يُرِيكُمْ آيَاتِهِ وَيُنَزِّلُ لَكُم مِّنَ السَّمَاءِ رِزْقًا (المومن آیت 13)

ترجمہ :۔ وہی ہے تمہیں اپنی نشانیاں دکھاتا ہے اور تمہارے لئے آسمان سے روزی اتارتا ہے۔

اس آیت مبارکہ میں بھی وہی امر بتایا گیا ہے کہ رزق اللہ آسمان سے اتارتا ہے اگر زمین کو پانی (بارش) نہ ملے تو صحرا بن جائے اللہ ہی زمین کو چیرتا ہے بیج اسی کے حکم سے تناور درخت بنتے ہیں اور پانی سے مردہ شہر بسانا اسی مظاہر قدرت کا دوسرا نام ہے۔ سورج کی روشنی نہ ہو تو پودے کسی بیوہ کے سہاگ کی طرح اجڑ جائیں ان پودوں پر پلنے والے جاندار ایتھوپیا اور سوڈان کے باشندوں کی طرح قحط کا شکار ہو کر مرجائیں اور نظام کائنات ریت کا ڈھیر اور بستیاں قبرستان بن جائیں۔

خوراک اور رزق کا بننا بڑا سائنسی معجزہ ہے۔ پودے سورج کی توانائی کا صرف ایک فی صد خوراک میں بدلتے ہیں۔ پودوں کی توانائی کا صرف دس فیصد حصہ اس سے اگلے خوراک کے درجے یعنی Second

toobaa-elibrary.blogspot.com

Trophic Level کو ملتا ہے اس طرح ہر اگلے طبقے کو پچھلے کا صرف 10 فیصد ملتا ہے حتیٰ کہ پانچواں طبقہ چوتھے طبقے کا 10 فیصد حاصل کرکے کاروانِ حیات کو رواں دواں رکھتا ہے۔ اللہ کے نظام میں بے حد تناسب اور اندازہ ہے۔ فضائے بسیط اور لاجوردی آسمان میں جس طرح کوئی کمی یا عیب نہیں اسی طرح رزق کے نظام میں بھی کوئی عیب نہیں۔ یہ فقط انسان کی غلط حکمتِ عملی ہے کہ ہم ذلیل و خوار ہورہے ہیں۔ روزی کے بارے میں اللہ تعالیٰ ہم سے براہ راست پوچھتا ہے۔

اَمَّنْ هٰذَا الَّذِیْ یَرْزُقُكُمْ اِنْ اَمْسَكَ رِزْقَهٗ (الملک آیت 21)

ترجمہ :۔ کون ہے جو تمہیں روزی دے اگر وہ روک دے۔

یقیناً رب ذوالجلال اور وحدہٗ لاشریک کے سوا کوئی رزق نہیں دے سکتا۔

یہ آیت بھی بے حد بھرپور ہے۔

وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِی الْاَرْضِ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ رِزْقُهَا وَیَعْلَمُ مُسْتَقَرَّهَا وَمُسْتَوْدَعَهَا ۔ كُلٌّ فِیْ كِتٰبٍ مُّبِیْنٍ (ھود آیت 6)

ترجمہ :۔ اور زمین پر چلنے والی کوئی ایسا نہیں جس کا رزق اللہ کے ذمہ نہ ہو وہ جانتا ہے کہ کہاں ٹھہرے گا اور کہاں سپرد ہوگا۔

اب جھوم جھوم کر یہ آیات پڑھیے

وَاَنْبَتْنَا فِیْهَا مِنْ كُلِّ شَیْءٍ مَّوْزُوْنٍ ۔ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِیْهَا مَعَایِشَ وَمَنْ لَّسْتُمْ لَهٗ بِرٰزِقِیْنَ ۔ (الحجر آیت 19۔20)

ترجمہ :۔ اور اس (زمین) میں ہر چیز انداز سے اگائی اور تمہارے لئے اس میں روزیاں کردیں۔ اور وہ کردیئے جنہیں تم رزق نہیں دیتے۔

ان آیات میں بڑے رموز ہیں۔ انسانوں کے روئے زمین پر آنے سے پہلے ہر طرف جنگل اور دیوقامت درخت تھے جن سے موجودہ آکسیجن کے ذخیرے بنے پھر ان کو اللہ نے ایک حد تک معدوم کردیا اب زمین پر نباتات سمیت ہر جاندار کا تناسب موجود ہے۔ اگر ہر طرف نباتات ہوتی تو توازن نہ رہتا۔

نباتات میں روزی کی طرف اشارہ کرکے اللہ نے Food Chain کے پہلے Trophic Level کی جانب واضح اشارہ فرما دیا۔ نیز ان جانداروں کی طرف اشارہ بھی فرمایا جو ارتقائی راہ میں آئندہ آتے رہیں گے ان کی روزیاں بھی اللہ کے پاس محفوظ ہیں یہ ہے اس قادرِ مطلق کا کام جس نے ہر شے اندازے سے پیدا فرمائی اور رزق اپنے ذمہ لیا۔ بڑے بڑے ماہرین اللہ کی بیان کردہ صداقتوں کا راز پاکر انگشت بہ دنداں ہیں۔ اب ذرا یہ آیت بھی دیکھتے چلیے۔

وَحَمَلْنٰهُمْ فِی الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَرَزَقْنٰهُمْ مِّنَ الطَّیِّبٰتِ وَفَضَّلْنٰهُمْ عَلٰى كَثِیْرٍ مِّمَّنْ خَلَقْنَا تَفْضِیْلًا ۔ (بنی اسرائیل آیت 70)

ترجمہ :۔ اور ان (انسانوں) کو خشکی اور تری میں سوار کیا اور ان کو ستھری روزی دی اور بہت سی مخلوق سے افضل کیا۔

(ستھری روزی تو اللہ ہی دیتا ہے) بے شک اس نے ہمیں افضل فرمایا۔ رزق کے دوسرے درجے (حیوانات) کا تذکرہ یوں فرمایا۔

وَّاَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً ۚ فَاَخْرَجْنَا بِهٖۤ اَزْوَاجًا مِّنْ نَّبَاتٍ شَتّٰى ۔
كُلُوْا وَارْعَوْا اَنْعَامَكُمْ ۚ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ لِّاُولِی النُّهٰى ۔
(طٰهٰ آیت 53)

toobaa-elibrary.blogspot.com

ترجمہ :- اور آسمان سے پانی اتارا تو ہم نے اس سے طرح طرح کے نباتات کے جوڑے نکالے۔ تم کھاؤ اور اپنے مویشیوں کو چراؤ۔ بیشک اس میں نشانیاں ہیں عقل والوں کے لئے۔

رزق (Food Chain) کے اوپر کے درجے یوں فرمادیئے۔

وَاِنَّ لَكُمْ فِی الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً نُسْقِیْكُمْ مِّمَّا فِیْ بُطُوْنِهَا وَلَكُمْ فِیْهَا مَنَافِعُ كَثِیْرَةٌ وَّمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ (المومنون آیت 21)

ترجمہ :- بے شک تمہارے لئے چوپایوں میں سمجھنے کا مقام ہے۔ ہم تمہیں پلاتے ہیں ان میں سے جو ان کے پیٹ میں ہے اور تمہارے لئے ان میں بہت فائدے ہیں اور ان سے تمہاری خوراک ہے۔

چوپایوں کے نباتات پر انحصار کے بعد رزق کے اگلے درجے Trophic level حیوانات یا جانداروں سے منسلک ہیں۔ اس آیت میں جانداروں کے فوائد اور ان سے خوراک کے حصول کی جانب واضح بیانات مذکور ہیں۔

خوراک کے تانے بانے میں ادنیٰ سنڈی ہو یا بیکٹریا، ہرن ہو یا چیتا انسان ہو یا پرند سبھی کے لئے اللہ کے احکام کے مطابق روزی موجود ہے۔

رزق کے بارے میں یہ اندازِ خداوندی بھی دیکھئے۔

وَكَاَیِّنْ مِّنْ دَآبَّةٍ لَّا تَحْمِلُ رِزْقَهَا ۔ اَللّٰهُ یَرْزُقُهَا وَاِیَّاكُمْ۔

(العنکبوت آیت 60)

ترجمہ :- اور زمین پر کتنے ہی چلنے والے ہیں کہ اپنی روزی ساتھ نہیں رکھتے اللہ روزی دیتا ہے انہیں اور تمہیں۔

روزی اللہ کی جانب سے آتی ہے اس آیت میں اچھوتے انداز

سے اس کی جانب اشارہ فرمایا۔

اَللّٰهُ یَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ یَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَیَقْدِرُ لَهٗ

(العنکبوت آیت 62)

ترجمہ :- اللہ کشادہ کرتا ہے رزق اپنے بندوں میں جس کے لئے چاہے اور تنگی فرماتا ہے جس کے لئے چاہے۔

رزق کی یہ دلیل مہر کی طرح ثبت ہوجاتی ہے اگر قاری ایمان کے کینوس کو ذرا وسیع کردے۔ ارض و سما کی پیدائش اور روزی کے حساب کتاب کے لئے یوں فرمایا :-

وَبٰرَكَ فِیْهَا وَقَدَّرَ فِیْهَاۤ اَقْوَاتَهَا فِیْۤ اَرْبَعَةِ اَیَّامٍ۔

(حٰمٓ السجدہ آیت 10)

ترجمہ :- اور اس (زمین) میں برکت رکھی اور اس میں بسنے والوں کے لئے روزیاں مقرر کیں۔ یہ سب ملا کر چار دن میں

سبحان اللہ ! اب یہ آیت ملاحظہ ہو :-

وَمَا تَخْرُجُ مِنْ ثَمَرٰتٍ مِّنْ اَكْمَامِهَا وَمَا تَحْمِلُ مِنْ اُنْثٰى وَلَا تَضَعُ اِلَّا بِعِلْمِهٖ۔ (حم السجدہ آیت 47)

ترجمہ :- اور کوئی پھل اپنے غلاف سے نہیں نکلتا اور نہ کسی مادہ کو پیٹ رہے مگر اس کے علم سے۔

اس آیت میں اللہ نے رزق کے ذریعہ کو بنیادی حیثیت دے کر فرمایا کہ نباتات اور حیوانات خواہ وہ ہماری خوراک ہوں یا نہ ہوں سبھی کو اللہ جنم دیتا ہے اور سب پر اس کا علم محیط ہے۔ یوں رزق کی

toobaa-elibrary.blogspot.com

سیڑھی اللہ کے ہاتھ میں ہے اور ہر کوئی اپنے اپنے درجے پر اس کا محتاج ہے۔

رزق پر اچھوتے انداز میں یوں بھی غور کیجئے ارشاد ہوا۔

وَلَوْ بَسَطَ اللّٰهُ الرِّزْقَ لِعِبَادِهٖ لَبَغَوْا فِی الْاَرْضِ وَلٰكِنْ يُّنَزِّلُ بِقَدَرٍ مَّا يَشَآءُ (الشوریٰ آیت 27)

ترجمہ :۔ اگر اللہ اپنے سب بندوں کا رزق وسیع کردیتا تو ضرور زمین میں فساد پھیلاتے لیکن وہ اندازے سے اتارتا ہے جتنا چاہے۔

کتنا جامع تذکرہ ہے رزق کے اندازے پر ہونے کا رزق کی کمی و بیشی اور تفریق میں اللہ کی حکمتوں کو وہی صرف جانتا ہے۔ ہمیں تسلی و تشفی کے لئے بس مناسب علم عطا فرما دیا ہے۔ بے شک اللہ کے نزدیک ہر شے کے خزانے ہیں اور وہ بقدر مناسبت اتارتا ہے۔

پانی کو واشگاف الفاظ میں روزی کا ذریعہ یوں فرمایا۔

وَمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ السَّمَآءِ مِنْ رِّزْقٍ۔ (الجاثیہ آیت 5)

ترجمہ :۔ اور اس میں کہ اللہ نے آسمان سے روزی کا سبب پانی اُتارا۔

رزق اور خوراک کو دنیا میں ہم پہنچانے کے لئے پانی کو ذریعہ بنایا ہے یہ امر انسانوں کو سمجھا کر اس نے ہمیں شکر گزاری کے لئے مواقع عطا فرمائے۔

حیرت اور افسوس کی بات ہے کہ ہم روزی کے ذریعے ہی کو آبی آلودگی کی بنا پر پامال کر کے ناشکری اور غضب الٰہی کا باعث بن رہے ہیں۔

اب یہ دھمکی آمیز آیت ملاحظہ ہو۔

اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تَحْرُثُوْنَ ءَاَنْتُمْ تَزْرَعُوْنَهٗٓ اَمْ نَحْنُ الزّٰرِعُوْنَ۔ لَوْ نَشَآءُ لَجَعَلْنٰهُ حُطَامًا فَظَلْتُمْ تَفَكَّهُوْنَ۔

(الواقعہ 63 سے 65 آیت)

ترجمہ :۔ بھلا بتاؤ تو جو بوتے ہو اس کی کھیتی کیا تم بناتے ہو یا ہم ہیں بنانے والے اگر چاہیں تو اسے روند دیں پھر تم باتیں بناتے رہو۔

اوپر کی آیات جو سورہ واقعہ سے ماخوذ ہیں اللہ تعالیٰ کے خاص انداز کو بیان فرماتی ہیں۔ تمام اسباب فرما کر انسان سے سوال ہے کہ کیا کھیتی تم بناتے ہو ظاہر ہے نہیں تو پھر اگر اللہ روند دے تو کیا کر لیں گے۔

پانی جیسی نعمت اور روزی کے سبب کے لیے یوں بھی ارشاد ہوا۔

اَفَرَءَيْتُمُ الْمَآءَ الَّذِیْ تَشْرَبُوْنَ ءَاَنْتُمْ اَنْزَلْتُمُوْهُ مِنَ الْمُزْنِ اَمْ نَحْنُ الْمُنْزِلُوْنَ لَوْ نَشَآءُ جَعَلْنٰهُ اُجَاجًا فَلَوْلَا تَشْكُرُوْنَ۔

(الواقعہ آیت 68 سے 70)

ترجمہ :۔ بھلا بتاؤ وہ پانی جو تم پیتے ہو کیا تم نے اسے بادل سے اتارا یا ہم ہیں اتارنے والے ہم چاہیں تو اسے کھاری کردیں پھر شکر کیوں نہیں کرتے۔

توانائی زندگی کی گاڑی کو چلاتی ہے اس کے لیئے یوں فرمایا۔

اَفَرَءَيْتُمُ النَّارَ الَّتِیْ تُوْرُوْنَ ءَاَنْتُمْ اَنْشَاْتُمْ شَجَرَتَهَآ اَمْ نَحْنُ الْمُنْشِـُٔوْنَ۔ (الواقعہ آیت 71_72)

ترجمہ :۔ تو بھلا بتاؤ وہ آگ جو تم جلاتے ہو کیا تم نے اس کا پیڑ پیدا کیا یا ہم ہیں پیدا کرنے والے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

مندرجہ بالا آیات میں جو سورہ واقعہ سے لی گئی ہیں بڑے مخصوص انداز میں اللہ نے کھیتی (نباتات) اس کے اگنے کا ذریعہ یعنی پانی کا ذکر فرمایا ہے۔

ظاہر ہے پانی روزی کا ذریعہ بھی ہے۔ یوں پروردگار نے زندگی کے اہم اسباب یعنی پانی، اور خوراک کی بات کرکے انسان کو لاجواب کردیا ہے۔ اسی طرح آگ کی افادیت کو پیشِ نظر رکھ کر فرمایا کہ پیڑ سے آگ ہم ہی نکالتے ہیں۔ یہاں بالخصوص پیڑ سے آگ نکالنے کے لئے بقول ڈاکٹر بلوک نور باقی صاحب کے آکسیجن مراد ہے جو پودے کاربن ڈائی آکسائیڈ جذب کرکے فضا میں O_2 واپس دیتے ہیں۔ جانداروں کی بقا کے لئے آکسیجن کا کردار کس سے پوشیدہ ہے۔

بنی نوع انسان کی حماقت دیکھئے کہ اول تو روزی کے ذریعے (پانی) کو آلودہ کررہا ہے تیزابی بارش آبی آلودگی اسکا منہ بولتا ثبوت ہیں۔ دوسرے ہر طرح کی آلودگی پھیلا کر نباتات اور زمین کو ناکارہ بنا دیا ہے۔ نباتات سے ہوتے ہوئے آلودہ مادے، زہریلی دھاتیں اور دیگر مضر کیمیاوی اجزاء جانداروں، چرندوں پرندوں کے ذریعے خوراک کے تانے بانے (Food Web) سے بالآخر انسان تک پہنچ کر نقصان پہنچاتے ہیں۔ یوں ہم روزی کے منبع سے لے کر ہر ہر سطح پر آلودگی کے سبب خوراک کے عالمی ذخیروں کو ناکارہ کررہے ہیں۔ سورہ واقعہ کی مندرجہ بالا آیات نے انسان کو لاجواب کردیا ہے۔ اگر دنیا سے یہ اسباب اللہ کے حکم کے مطابق منفی رویے اختیار کرلیں تو ہم کفِ افسوس ملنے کے علاوہ کچھ نہیں کرسکتے۔

رزق کی بات اس انداز سے بھی دیکھیئے:-

اَنَّا صَبَبْنَا الْمَآءَ صَبًّا ثُمَّ شَقَقْنَا الْاَرْضَ شَقًّا فَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا حَبًّا وَّعِنَبًا وَّ قَضْبًا وَّزَيْتُوْنًا وَّنَخْلًا وَّحَدَآئِقَ غُلْبًا وَّفَاكِهَةً وَّاَبًّا مَّتَاعًا لَّكُمْ وَلِاَنْعَامِكُمْ۔ (عبس آیت 24 سے 30)

ترجمہ:- کہ ہم نے اچھی طرح پانی ڈالا، پھر زمین کو خوب چیرا (شق کیا) تو اس میں اگایا اناج اور انگور اور چارہ اور زیتون اور کھجور اور گھنے باغیچے اور میوے اور دوب تمہارے فائدے کو اور تمہارے چوپایوں کے۔

گزشتہ آیت میں پانی کو روزی کا ذریعہ بتایا۔ یہاں اللہ نے فرمایا کہ زمین کو خوب اچھی طرح اس نے سیراب کیا پھر زمین کو خوب چیرا۔ یہاں پر چیرنے سے مراد وہ صدیوں پر محیط عوامل ہیں۔ مثلاً حرارت نمی کیمیاوی و طبعی عوامل جو چٹان کو آہستہ آہستہ ریزہ ریزہ کرکے مٹی یعنی Soil میں تبدیل کرکے زرخیز مٹی میں اناج اور طرح طرح کے پھل اگائے ہمارے لئے اور ہمارے جانداروں کے لئے۔ یوں اللہ نے تمام جانداروں کے لئے خوراک کے تانے بانے کی تکمیل کا راز افشا فرمایا۔ نہ جانے کب سے حیات اس نہج پر اپنے اپنے روپ میں روزی پاکر رواں دواں ہے۔ ہم انسان اللہ کی قدرت کو اپنے انداز سے آہستہ آہستہ سمجھنے میں صدیاں گزار دیتے ہیں۔

خوراک بننے والی بات کو یوں آسانی سے سمجھا جاسکتا ہے کہ سورج کی توانائی کا کچھ حصہ (ایک فیصد) پودوں نے خوراک کی صورت بنایا۔ پودوں کی اس خوراک کا دس فیصد کسی پرندے کے حصے میں آیا۔ پھر اس پرندے کی توانائی کا صرف دس فیصد حصہ اس پر انحصار کرنے والے درندے یا پھر انسان کے ہاتھ لگا یوں ہر سطح پر صرف دس فیصد توانائی بطور خوراک اگلے جاندار کو ملتی ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اس بات کو پروردگار نے یوں فرمایا کہ اس نے نباتات (خوراک کی پہلی سیڑھی) خاص مقدار میں اگائی (سورج کی توانائی کا قلیل اور مناسب حصہ لے کر) پھر اس نباتات سے روزیاں بنادیں اور خوراک کے تانے بانے میں، سنڈیاں، پرندے، باز، چوپائے درندے، سانپ نیولے انسان، شیر وغیرہ۔ مختلف درجوں میں آگئے۔ خوراک کی اس تقسیم میں شیر اور انسان علیحدہ علیحدہ ایسے ہیں جن کا کوئی حریف نہیں۔

خوراک کی بنیادی دہلیز نباتات ہیں یہیں سے خوراک مختلف پرندوں اور انسانوں کو براہ راست اور بالواسطہ ملتی ہے۔ مثلاً انسان سبزیوں، پھلوں کے علاوہ پرندوں اور دیگر حلال جانداروں کا گوشت بھی کھاتا ہے۔ لیکن لطف کی بات یہ ہے کہ خوراک کے تانے بانے بڑے وسیع اور متوازن ہیں پودے ہمارے لئے خوراک بناتے ہیں ہم اس کا زائد حصہ واپس انہیں کئی صورتوں میں لوٹاتے رہتے ہیں۔ حتیٰ کہ جب کوئی جاندار مرجائے تو اس کے عناصر مرکبات کو بیکٹیریا واپس پودوں کے لئے قابل استعمال بنا کر نئے سرے سے خوراک کا چکر پورا کرنے لگتے ہیں۔ خوراک کی یوں گردش میں پانی کی گردش، آکسیجن، نائٹروجن، کاربن، سلفر، فاسفورس، ہائیڈروجن وغیرہ کے عناصر بھی خاصی سرگرمی سے گردش کرتے ہیں، زمین ان عناصر کے لئے بڑے اسٹیشن کا کام کرتی ہیں ان عناصر کے علاوہ بھی بہت سے عناصر و معدنیات جانداروں سے پودوں اور پودوں سے جانوروں کی جانب زمین کے پلیٹ فارم پر بیکٹریا کے تعاون سے چلتے رہتے ہیں جبکہ سورج کی روشنی اور پانی ان سرگرمیوں کے لیئے کلیدی حیثیت رکھتے ہیں۔

خوراک توانائی اور دنیا کی تمام گہما گھمی کو اللہ نے یوں بنایا

ہے۔ "جانتا ہے جو زمین میں جاتا ہے اور جو اس سے نکلتا ہے اور جو آسمان سے اترتا ہے اور آسمان میں چڑھتا ہے۔ اور وہ تمہارے ساتھ ہے تم جہاں کہیں ہو اور وہ تمہارے کام دیکھ رہا ہے"۔

یہ سمجھنا ضروری ہے کہ پانی، سورج کی گرمی یا توانائی، کاربن، آکسیجن، نائٹروجن، ہائیڈروجن، سلفر، فاسفورس سمیت سو کے لگ بھگ عناصر قدرت ایک مقررہ مقدار میں ہمہ وقت خدمت پر مامور ہیں۔ ہر عنصر کے اپنے چکر ہیں مثلاً گلیشیرز سے اگر پانی کا سفر سمندر تک دیکھا جائے تو اس گردشِ آب کو لاکھوں سال لگ جاتے ہیں۔ جبکہ زیرِ زمین پانی 400 سال کے عرصے میں واپس اپنے وطن (سمندر) پہنچ جاتا ہے۔ اس طرح تمام عناصرِ قدرت بقدرِ ضرورت اور متوازن انداز میں حیوانات، پودوں، زمین، فضا، پانی وغیرہ میں سفر کرتے رہے ہیں۔ فالتو توانائی اور عناصر زمین کو سونپ دیئے جاتے ہیں حتیٰ کہ جب کوئی جاندار مرجاتا ہے تو اس کے عناصر سپردِ خاک ہوجاتے ہیں۔ بیکٹریا کے عمل سے ان میں نئی طرح کی تحریک ہوتی ہے یوں یہی مقررہ مقداروں میں عناصر و مرکبات ماحول کے تانے بانے میں حیوانات، نباتات بیکٹریا کے گرد گھومتے رہتے ہیں اور زندگی میں خوراک کو توانائی کے ساتھ ساتھ تحریک بھی رہتی ہے۔ اللہ نے فرمایا کہ میں جانتا ہوں جو کچھ زمین میں جاتا ہے جو اس سے نکلتا ہے، آسماں سے اترتا ہے یا اس میں چڑھتا ہے یوں اللہ نے ہر شے پر قادر اور باخبر ہونے کی ہمیں خبردی ہے۔ دنیا میں خوراک اور توانائی کا جو مقام اللہ نے سورج کی توانائی، پانی کی قوت زمین کی زرخیزی، اور حیوانات و نباتات اور بیکٹریا کی سرگرمیوں میں سمو رکھا ہے وہ انسان کو ورطۂ حیرت

toobaa-elibrary.blogspot.com

میں ڈال دیتا ہے اس کے باوجود انسان بغیر سوچے سمجھے پانی کے ذخیروں ہی کو برباد کر رہا ہے جو زندگی کی علامت ہیں یہی نہیں وہ زمین اور فضا میں طرح طرح کے زہریلے مادے اور آلودگیاں بھر کر اپنی خوراک کے تانے بانے (Food Chain) کو ناقابلِ استعمال اور جامِ سقراط بنا رہا ہے۔ اب تو اناج، غلے، جانوروں کے دودھ، گوشت، پھل، سبزیاں سبھی کچھ آلودگی کے باعث مضر اور مہلک ہوتے جا رہے ہیں۔ بالخصوص کیڑے مار دواؤں کے مرکبات، پارہ، کیڈمیم، سیسہ سمیت زہریلی دھاتیں خوراک میں شامل ہوگئی ہیں۔ آئندہ دنوں میں جب آبادی ہر 23 سال بعد دگنی ہوتی چلی جائے گی تو ہمیں زرعی پیداوار سمیت خوراک کے ذخیروں کو بڑھانا ہوگا اگر ہم کیمیاوی مادہ وغیرہ استعمال کرتے ہیں تو آلودگی مزید بڑھے گی۔ ہمیں ایسی حکمتِ عملی وضع کرنی ہوگی کہ آلودگی کم سے کم اور پیداوار میں اضافہ ہو۔ قابلِ کاشت رقبے کو بڑھانا سیم و تھور کو گھٹانا اور نئے سائنسی طریقوں پر کاشت کرنا ہوگا۔ فی الحال صنعتی آلودگی، کیمیاوی کھاد، کیڑے مار دواؤں وغیرہ کے مجموعی اثرات سے دنیا میں خوراک کے ذخیرے کم ہو رہے ہیں۔ پھر جنگلات کی کمی صحراؤں کی وسعت اور زمین کی زرخیزی میں کمی وغیرہ نے صورتحال مزید خراب کردی ہے۔

ہم نے دراصل فطرت کا توازن کھو دیا ہے اللہ نے سورہ الرحمٰن میں فرمایا کہ توازن کو برباد مت کرو۔

دیکھنا یہ ہے کہ ہم کس طرح تہذیبِ نو کے تقاضوں کو ایک پلڑے میں قدرت کے توازن کو دوسرے پلڑے میں رکھ کر نیا متوازن ماحول پیدا کرنے میں کامیاب ہوسکتے ہیں۔

زندگی توانائی کے بغیر ناممکن ہے توانائی کے حصول کے لئے اللہ نے زمین پر خوبصورت تانے بانے وضع کر رکھے ہیں جانداروں کے لئے توانائی کا حصول خوراک کی زنجیروں میں (Food Chain) جکڑا ہوا ہے۔ سورج کو وقت مقررہ تک ہمارے لئے مسخر فرماکر توانائی کا عظیم منبع بنا دیا ہے۔ سورج سے عموماً $15.3x10^{18}$ کیلوری حرارت فی مربع میٹر پھیلتی ہے جبکہ زمین کے مختلف حصوں میں مختلف مقداروں میں پڑتی ہے عام طور پر زمین پر $6.4x10^{8}$ - 2.5 کیلوری فی مربع میٹر سالانہ پڑتی ہے۔

پودے سورج کی توانائی کا صرف ایک فی صد استعمال کرتے ہیں۔

پودوں سے خوراک حاصل کرنے کے لئے خوراک کے ہر درجہ پر 10 فیصد حاصل ہوا ہے۔ مثلاً پودوں پر گزربسر والا کوئی پرندہ اس کا صرف 10 فیصد استعمال کرے گا۔ یوں اگر نباتات نے 100 کیلوری خوراک لی تو پرندے کو فقط 10 کیلوری ملے گی جبکہ اس پرندے کو شکار کرنے والے درندے کو فقط ایک کیلوری۔ ایک کیلوری حاصل کرنے والا درندہ شیر کے ہاتھ چڑھ گیا تو شیر کو اس سے فقط 0.1 کیلوری ملے گی۔ یہ ہے قدرت کا وہ مربوط نظام جس سے ہر جاندار کو اس کی خوراک ملتی ہے۔ مزے کی بات یہ ہے کہ زمین پر مختلف عناصر elements کی مقدار مقررہ (Fixed) ہے بس یہی عناصر پودوں اور جانداروں میں گھوم گھوم کر آتے رہتے ہیں اور سمندر، خشکی جاندار پودے سب ان کے لئے ٹرین کا کام کرتے ہیں۔ کیا خبر جو مشروب آپ پی رہے ہیں اس میں ڈائنو سارز کے جسم کے کتنے عناصر موجود ہوں۔ جو سانس ابھی آپ نے لی ہے اس میں حضرت نوحؑ کے جسم سے نکلے ان گنت عناصر موجود ہوں۔ نہ جانے سمندر خشکی کے کن کن جانداروں اور پودوں کے جسم

toobaa-elibrary.blogspot.com

سے نکلنے والی توانائیاں اب آپ کا مقدر ہیں۔

کچھ عناصر و مرکبات مثلاً پانی، کاربن، سلفر، نائٹروجن، ہائیڈروجن، فاسفورس وغیرہ تیزی سے چکر لگاتے ہیں جبکہ Trace elements بہت آہستہ آہستہ گردش کرتے ہیں ان کے ایک گرام کا لاکھواں حصہ بھی کارآمد ہوتا ہے۔ زیادہ مقدار مضر اور مہلک ہوسکتی ہے۔

بنی نوع انسان کے ہاتھوں کرۂ ارض کی پامالی دیکھ کر اندازہ ہوتا ہے کہ انسان تمام نعمت ہائے خداوندی کے معاملے میں نہ صرف ناشکرا ہے بلکہ اپنی جہالت اور خود غرضی کے باعث پانی جیسی ناگزیر نعمت اور خوراک کے پیچیدہ تانے بانے کو اس بے دردی سے تباہ کررہا ہے کہ سورہ واقعہ میں اللہ کی جانب سے دی گئی دھمکیاں خود بخود درست ثابت ہورہی ہیں اور ان میں خود ہماری بے حسی غلط حکمتِ عملی جلد بازی اور ناعاقبت اندیشی کا دخل ہے اس طرح تو ہم جنگوں میں جان دینے کی بجائے عالمی سطح پر بھوک کے ہاتھوں خاموشی سے موت کو گلے لگالیں گے۔

کتنے افسوس کی بات ہے کہ امریکہ کی آزادی سے لیکر آج تک جنگوں میں ہلاک ہونے والے افراد سے زیادہ صرف چھ ماہ کی آلودگی سے لوگ لقمہ اجل بن جاتے ہیں ہنوز سلسلہ جاری وساری ہے ----

ہمارا یقینِ کامل ہے کہ اللہ جس کی روزی چاہے بڑھاتا ہے اور جس کی چاہے گھٹاتا ہے وہ ہر شے پر قادر ہے۔ لیکن ہمارے اعمالِ خبیثہ کے باعث روزی گھٹائے جانے کے امکانات زیادہ روشن لگ رہے ہیں۔

دوشِ ہوا پر ابر پارے

کائنات کی بیکراں وسعتوں میں زمین وہ اکلوتا سیارہ ہے جہاں پانی سمیت فضائے جانفزا ہے جہاں زندگی کی رعنائیاں اور موسموں کی دلفریبیاں خطہ فردوس یا آدم کی گم گشتہ جنت کی یادیں تازہ کرتی ہیں۔

میلوں تک چھایا ہوا ہوا کا دلربا غلاف جس میں نائٹروجن 79 فیصد آکسیجن 20 فیصد اور کاربن ڈائی آکسائیڈ 0.03 فیصد کے لگ بھگ ہے یکساں طور پر حیوانات، نباتات، انسانوں اور ان گنت نظر نہ آنے والی مخلوقاتِ خداوندی کے لئے زندگی کی ضمانت ہے۔ کئی بلین سال پرانی زمین پر ہمیشہ سے تو ایسا نہ تھا یہ تو پروردگار نے زمین ہمارے لئے رام کردی اور اس میں ہماری روزی کے اسباب بنادیئے جبھی ہم اپنی تمامتر ناشکریوں اور تکبر کے باوجود زندہ ہیں۔ پہلے پہل تو دوسرے سیاروں کی طرح زمین پر بھی میتھین، امونیا اور کئی ناگوار گیسوں کی اجارہ داری تھی پھر قدرت نے اپنے متبرک ہاتھوں سے زمین کا نقشہ بدل دیا۔

لاکھوں کروڑوں سال پہلے زمین پر دیوقامت درختوں اور گھنے جنگلات نے اپنا قبضہ جمالیا تھا۔ یوں بتدریج فضا میں آکسیجن کی مقدار پودوں کی مشقت وعرق ریزی سے بڑھتی رہی جب آکسیجن سمیت دیگر عناصرِ قدرت کا حسین امتزاج فضا میں آچکا تو یہ جنگلات اور دیوقامت شجرہائے گوناگوں کسی بیوہ کے سہاگ کی طرح اجڑ گئے۔ دھرتی کا سنگھار پھر سے بدل گیا۔

حیوانات اور پرندوں کی نئی نئی نسلیں نئے ماحول کے مطابق کرۂ ارض میں اللہ کے قوانین و ضوابط کے مطابق آئیں، آبی حیات اپنی نیرنگیاں دکھانے لگی۔ پھر بنی نوع انسان نے فردوسِ بریں سے کوچ کرکے اس دھرتی کو

toobaa-elibrary.blogspot.com

اپنا مسکن بنایا۔ آج دھرتی اپنی فضائے جانفزا کے ساتھ ہمیں ہر طرح کا سکھ دے رہی ہے۔ کرۂ ارض پر جگہ جگہ سرد گرم ہلکی اور تیز ہوا اس طرح چلتی رہتی ہے کہ دن رات اور موسم مزاجِ یار کی طرح بدل بدل کر آرہے ہیں۔ قطبین سے خطِ استوا تک، الاسکا سے افریقہ کے جنگلوں تک صحراؤں سے یخ بستہ پہاڑوں تک غرض آبادی اور ویرانے میں ہر جگہ ہوا اپنی متوازن ہیئت کے ساتھ سرگرم عمل ہے۔

بات کرۂ ہوائی پر ہی ختم نہیں ہوتی اس سے اوپر اوزون کا خوبصورت اور گداز کمبل ہے جو مضر شعاعوں کو اپنے سینے پر قرنوں سے روکے ہوئے ہے۔ کاربن ڈائی آکسائیڈ جیسی بظاہر انسانوں کے لئے ناکارہ گیس اگر فضا میں نہ ہوتی تو رات کی تاریکی میں زمین اپنی حرارت فضا کو لوٹا کر اتنی سرد ہوجاتی کہ صبح ہم سب پولکا آئس کریم کی طرح اپنے درو دیوار میں دھنسے ہوتے۔ اگر ہوائیں اپنے دوش پر لے کر بارش سے بھرپور بدلیاں روئے زمین پر ادھر ادھر نہ برساتیں تو ہم تلاشِ ابرو باراں میں ہلکان ہوتے ہوتے کبھی کے اللہ کو پیارے ہوجاتے۔ یہ وہی کرہ ارض ہے جس میں ہم ہر دم سانس لیتے ہیں اور حیات کی سلطنت سلامت رہتی ہے۔ اگر آکسیجن کی مناسب مقدار نہ ملے تو زندگی سے ہمارا ناطہ یوں ٹوٹ جائے جیسے کبھی تھا ہی نہیں ۔ہوا اور بادلوں کے توسط سے اللہ نے ہم پر جو احسان فرمائے ہیں ان کا شکر ادا کرنے کی بجائے ہم نے کرۂ ارض کو تشویشناک حد تک فضائی آلودگی سے دوچار کردیا ہے۔ جگہ جگہ تیزابی بارش کی فراوانی نے خصوصاً یورپ اور ترقی یافتہ ممالک میں بڑے شہروں اور گنجان صنعتی علاقوں میں فضا کو ناقص بنا دیا ہے سیسہ ملے پیٹرول سے ان گنت لوگ سانس ، جگر اور گردے کی

بیماریوں میں مبتلا ہیں اور تو اور بچوں کے I.Q چار سے زیادہ پوائنٹ تک کم ہوگئے ہیں۔ کاربن ڈائی آکسائیڈ کے بے جا اخراج سے گلوبل وارمنگ کا اندیشہ بڑھتا جارہا ہے۔ دنیا میں موسموں کے بے جا تغیر و تبدل ہورہے ہیں۔ یہ سب فضائی آلودگی کا نتیجہ ہے۔ اس کے علاوہ CFC گیسوں کا اخراج، توانائی کے لئے کوئلے کا بے جا استعمال اور گردوغبار نے فضا کا نقشہ میدانِ جنگ سے بدتر کردیا ہے۔ ایک ایسا میدانِ جنگ جہاں جیت کر بھی ہار انسان کا مقدر ہے۔ آیئے دیکھتے ہیں فضا، ہوا اور ابرپاروں کے بارے میں قرآن میں کیا لکھا ہے۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے :۔

وَهُوَ الَّذِىٓ اَرْسَلَ الرِّيٰحَ بُشْرًا بَيْنَ يَدَىْ رَحْمَتِهٖ (الفرقان آیت 48)

ترجمہ :۔ وہی ہے جس نے ہوائیں بھیجیں رحمت کا مژدہ سناتی۔

بادلوں کے آنچل جتنے بھی خوبصورت ہوں اگر ہوا کا دوش نہ ہوتا تو یہ فضائے آسمانی میں آوارہ گردی کیسے کرتے اور ہم تک ابرِ رحمت کیونکر آتی بقولِ شاعر:

بوئے گُل پھیلتی کس طرح جو ہوتی نہ نسیم۔

اللہ تعالیٰ نے ہواؤں کو بادلوں کی ترسیل کے لئے مسخر فرمایا ہے جبھی تو لاجوردی آسمان ابرپاروں کے پہاڑوں سے اپنے خوبصورت سینے کو چھپائے رکھتا ہے۔ ایک اور جگہ بادلوں کے بارے میں کیا خوبصورت فرمایا ہے :۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يُزْجِيْ سَحَابًا ثُمَّ يُؤَلِّفُ بَيْنَهٗ ثُمَّ يَجْعَلُهٗ رُكَا
مًا فَتَرَى الْوَدْقَ يَخْرُجُ مِنْ خِلٰلِهٖ وَيُنَزِّلُ مِنَ السَّمَآءِ مِنْ
جِبَالٍ فِيْهَا مِنْ بَرَدٍ فَيُصِيْبُ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ وَيَصْرِفُهٗ عَنْ مَّنْ
يَّشَآءُ (النور آیت 43)

ترجمہ :۔ کیا تونے نہیں دیکھا اللہ نرم نرم چلاتا ہے بادلوں کو۔ پھر انہیں آپس میں ملاتا ہے۔ پھر انہیں تہہ بہ تہہ کردیتا ہے۔ اس کے بیچ میں سے مینہ نکلتا ہے۔ اور اتارتا ہے آسمان سے اس میں جو برف کے پہاڑ ہیں۔ ان میں سے کچھ اولے پھر ڈالتا ہے جہاں چاہے اور پھیر دیتا ہے انہیں جس سے چاہے۔

یوں تو کلام الٰہی کا کسی بھی زاویے سے جواب نہیں مگر ابرپاروں کے بننے اور بارش ہونے اولے یا برف پڑنے کے بارے میں اتنا مفصل بیان قرآن میں کہیں اور نہیں ملتا۔ دنیا بھر کے ماہرین بادلوں کی بناوٹ، ان کے رویے اور بارش و ژالہ باری پر ضخیم کتابیں لکھ چکے ہیں۔ سبھی کا یہ کہنا ہے کہ بادلوں کے رموز انسانی عقل سے باہر ہیں ابھی تک کلی طور پر بادلوں کی ساخت، مزاج اور رویے کو نہیں سمجھا جاسکا۔ یہ اسی خالق و مالک کا کمال ہے کہ دنیا کے جس جس خطے پر انسان، حیوان، نباتات اور جمادات کو پانی دینا چاہتا ہے ہر ہر قطرے کے حساب کو جانتا ہے اور انصاف کے ساتھ بقدر منشا بھیجتا ہے۔ کتنے شہروں اور بستیوں سے بادل یوں دبے پاؤں گزر جاتے ہیں کہ جیسے ساکنانِ شہر سے شناسائی ہی نہیں اور کسی ایسی جگہ جا برستے ہیں جہاں بوند بوند کو لوگ ترستے ہیں اور ابرپاروں کا گزر عرصہ سے نہ ہوا ہو۔ یہ سب قادرِ مطلق

کی حکمت اور کمال ہے۔ بادلوں کے رنگ برنگے پہاڑوں سے اللہ تعالیٰ ایسی ایسی مورتیاں تراشتا ہے کہ عقلِ انسانی دنگ رہ جاتی ہے ہم تو بس اولے، برف اور بارش کے ناموں کو گنتے گنتے تھک جاتے ہیں۔ عام کہاوت ہے کہ پیاسا کنویں کے پاس جاتا ہے اللہ کتنا مہربان ہے کہ صحراؤں، بیابانوں اور بستیوں میں ابررحمت جھولیوں میں عطا کردیتا ہے۔

ہر شے کے خزانے اللہ کے پاس ہیں پانی کے خزانے بھی اسی کے ہیں چنانچہ ارشاد ہوا۔

وَاَرْسَلْنَا الرِّيٰحَ لَوَاقِحَ فَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَسْقَيْنٰكُمُوْهُ
وَمَآ اَنْتُمْ لَهٗ بِخٰزِنِيْنَ۔ (الحجر آیت 22)

ترجمہ : اور ہم نے ہوائیں بھیجیں بادلوں کو بارور کرنے والیاں۔ اور ہم نے آسمان سے پانی اتارا۔ پھر وہ تمہیں پینے کو دیا اور تم کچھ اس کے خزانچی نہیں۔

انسان کتنا ناشکرہ ہے اللہ کے خزانے میں نہ صرف خیانت کرتا ہے ناشکری کا مرتکب ہوتا ہے بلکہ اس نعمتِ عظمیٰ کو آلودہ کرکے سب کے لئے ناکارہ کرتا ہے۔

بادلوں اور ہواؤں کی مد میں ایک اور جگہ یوں ارشاد فرمایا :۔

وَهُوَ الَّذِيْ يُرْسِلُ الرِّيٰحَ بُشْرًا بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهٖ حَتّٰٓى اِذَآ
اَقَلَّتْ سَحَابًا ثِقَالًا سُقْنٰهُ لِبَلَدٍ مَّيِّتٍ فَاَنْزَلْنَا بِهِ الْمَآءَ فَاَخْرَ
جْنَا بِهٖ مِنْ قُلِّ الثَّمَرٰتِ۔ (اعراف آیت 57)

ترجمہ :۔ اور وہی ہے کہ ہوائیں بھیجتا ہے اس کی رحمت کے آگے مژدہ سناتی۔ یہاں تک کہ جب اٹھا لائیں بھاری بادل ہم نے اسے کسی

toobaa-elibrary.blogspot.com

مردہ شہر کی طرف چلایا پھر اس سے پانی اتارا پھر اس سے طرح طرح کے پھل نکالے۔

یہ اتنی ہمہ گیر اور مدلل آیت ہے کہ انسان کو ورطۂ حیرت میں ڈال دیتی ہے۔ بارش سے مردہ زمین میں جان پڑجاتی ہے۔ بیکٹریا اپنا عمل دوبارہ متحرک ہو کر شروع کردیتے ہیں۔ زندگی رواں دواں ہوجاتی ہے اور بارش کے بعد نباتات بشمول ثمرات نکل آتے ہیں یہی زندگی اور اس کی بقا کی علامت ہے۔ اگر غور کریں تو دنیا حیرت کدہ ہے اور اللہ کی نشانیاں ہرسو ضوفشاں ہیں۔ ذرا یہ آیت بھی پڑھتے چلیے۔

وَتَصْرِيفِ الرِّيٰحِ اٰيٰتٌ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ (الجاثیہ آیت 5)
ترجمہ :۔ اور ہواؤں کی گردش میں نشانیاں ہیں عقلمندوں کے لئے :۔

ہواؤں کا نظام اتنا مربوط اور جامع ہے کہ عقلِ انسانی اللہ کی صناعی اور قدرت پر عش عش کر اٹھتی ہے اس موضوع پر ضخیم کتابیں ہیں جو اللہ کی قدرت پر گواہی دیتی ہیں۔ موسموں کے تغیر درجۂ حرارت کے اتار چڑھاؤ اور خشکی و تری کے بدلتے ہوئے انداز لیل و نہار کے ساتھ ساتھ آرہے ہیں اور دنیا کے ہر ہر خطے میں نیرنگی بہار دکھاتے ہیں۔ ایک ہم ہیں کہ فضا کو آلودہ کرکے اپنے لئے عذابِ جاں بنا رہے ہیں۔

ارشادِ خداوندی ہے :۔

وَّتَصْرِيفِ الرِّيٰحِ وَالسَّحَابِ الْمُسَخَّرِ بَيْنَ السَّمَآءِ
وَالْاَرْضِ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ (سورہ البقرہ آیت 164)
ترجمہ :۔ اور ہواؤں کی گردش اور وہ بادل آسمان اور زمین کے بیچ میں

حکم کا باندھا ہے ان سب میں عقلمندوں کے لئے نشانیاں ہیں۔ ہواؤں کے بارے میں ایک اور اندازِ بیاں ملاحظہ ہو۔

اَلَمْ يَرَوْا اِلَى الطَّيْرِ مُسَخَّرٰتٍ فِيْ جَوِّ السَّمَآءِ مَا يُمْسِكُهُنَّ
اِلَّا اللّٰهُ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ (النحل آیت 79)
ترجمہ :۔ کیا انہوں نے پرندے نہ دیکھے کہ آسمان کی فضا میں حکم کے باندھے انہیں کوئی نہیں روکتا ہے اللہ کے سوا اس میں نشانیاں ہیں ایمان والوں کے لئے۔

ہم جانتے ہیں کرۂ ارض 23.5 ڈگری جھکا ہوا ہے۔ اگر ایسا نہ ہوتا تو ہواؤں کا موجودہ نظام برقرار نہ رہتا۔ درجۂ حرارت کے اختلاف اور روز بروز سورج کے بدلتے ہوئے زاویوں کے تحت ہوائیں مناسب رفتار پر فضا میں چلتی ہیں یوں نہ صرف فضا کی صفائی ہوتی رہی ہے بلکہ ہوا دلفریب رفتار سے ہر ہر خطے میں چلتی ہے چاہے قطبین ہوں یا خطِ استوا۔ قطبین اور خطِ استوا پر کرۂ ارض کی موٹائی مختلف ہے لہذا ہوائیں افقی اور عمودی دونوں سمتوں میں مختلف رفتار سے چلتی ہیں۔ اللہ نے پہاڑوں کے لنگر اور زمین کی ساخت ایسی رکھی ہے کہ ہواؤں کا سفر ہر ہر منزل کی طرف جاری وساری رہتا ہے۔

موجِ ہوا کا نرم نرم چلنا محض شاعرانہ خیال یا رومانی تصور نہیں ہے یہ اللہ کا مربوط نظام ہے کبھی کبھی جب آندھیاں آتی ہیں تو دیکھتے ہیں کہ ہوا میں کیسی طاقت ہے اور وہ اتنی سرکش بھی ہوسکتی ہے قرونِ اولیٰ کی قوم پر ہوا کا عذاب ہمارے علم میں ہے۔---

ہواؤں کے ذریعے بادلوں کو پھیلانے کا عمل ایک ایسا جیتا جاگتا

toobaa-elibrary.blogspot.com

معجزۂ خداوندی ہے کہ اس سے انکار ممکن نہیں۔ کس قدر نرمی سے بادلوں سے ننھے منے بارش کے دلربا قطرے مردہ زمین کو زندہ کرتے ہیں۔ کبھی بارش نہیں اولے پڑتے ہیں اور اللہ جیسا چاہتا ہے ہواؤں اور بادل سے کام لیتا ہے۔ وہ چاہتا ہے تو بادل صحرا پر برستے ہیں یا پھر پانی کے عظیم ذخیروں یعنی سمندروں پر گر کر شاملِ بحر ہوجاتے ہیں۔ اوپر کی آیتوں میں بادلوں اور ہواؤں کو نئے انداز اس لئے فرمایا کہ ہم ان میں غور وفکر کریں۔

کرۂ ارض پر بادلوں اور بارش کی تقسیم بھی حیرت انگیز ہے۔ کہتے ہیں کہ سطح زمین کا 60 فیصد حصہ ہمہ وقت بادلوں پر مشتمل رہتا ہے۔ بادل حکم خداوندی کے بادھے نہ ہوتے تو دیوقامت چٹانوں کی صورت ہم پر گرجاتے مگر ایسا نہیں ہے۔ دیومالائی زبان میں فضائے آسمانی میں پھیلے ہوئے ذرات جنہیں Cosmic dust کہتے ہیں بادلوں سے برسات میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ عام طور پر غبارِ فضائے آسمانی میں ان کی مقدار 10^{12} فی مکعب میٹر ہوتی ہے۔ قدرتی طور پر فضا میں بادلوں کے لئے مرکزے Nuclei بننے کا عمل یوں ہوتا ہے۔

Seasalt = 1000 x 10^{16} ton

Gas to particle conversion = 570 x 10^{6} ton

Wind blown dust = 500 x 10^{6} ton

Forest fire = 35 x 10^{6} ton

Volcanos = 25 x 10^{6} ton

Meteoric debris = 20 x 10^{6} ton

یوں 2150 x 10^{6} ٹن ذرات و فضائی غبار سالانہ قدرتی طور پر

جنم لیتا ہے۔ انسانی سرگرمیوں کے نتیجہ میں مزید 410×10^{6} ٹن سالانہ ہوتا رہتا ہے۔ بادلوں کے آنچل ان ذرات سے لپٹ کر بارش، اور گوناگوں روپ میں زمین کو دوبارہ تازگی اور زندگی بخشتے ہیں۔ ننھے بادلوں کی جسامت نصف قطر کے حساب سے 10 مائیکرون میٹر، تعداد 10^{9} فی مکعب میٹر اور رفتار 10^{-3} میٹر فی سیکنڈ ہوتی ہے جبکہ بڑے بادل میں یہی نسبت بتدریج 50،10 اور 0.27 ہوتی ہے۔

جبھی تو پروردگار فرماتا ہے کہ میں بادلوں کو نرم نرم چلاتا ہوں... (النور آیت/43) بادلوں کے برعکس بارش کے قطرے کا نصف قطر 1000 مائیکرون میٹر، تعداد 10^{3} فی مکعب میٹر اور رفتار 6.5 میٹر فی سیکنڈ ہوتی ہے بادلوں کی متعدد اقسام اور رنگ و روپ کی طرح بارش اور برف باری کی اشکال بھی بھانت بھانت ہیں۔ بارش صرف بخارات کے پانی یا برف بننے کا عمل نہیں بلکہ یہ ایک مکمل اور متوازن نظام ہے جس سے ہر سال مقررہ مقدار میں پانی زمین کے ہر ہر طبقے کو اللہ کے حکم کے مطابق ملتا ہے۔ بادل اللہ کی نشانیوں میں سے ہیں۔ چند اشعار تراشنے کی کوشش کی ہے ملاحظہ ہوں اسی نسبت سے۔

اڑتے ہوئے بادلوں کے سفینے
رکے وادیوں پہ ہواؤں کے زینے

وہ ہلکے ہوئے پھر زمیں کو جلا کے
اشارے ہیں یہ خالقِ دوسرا کے

وہ بادلوں کے سائباں
وہ پنچھیوں کے کارواں

toobaa-elibrary.blogspot.com

ان کا بھی تو فرماں روا
ہر حکم یہ لائیں بجا

اے خالقِ ارض و سما
اے مالکِ ارض و سما

حدِ نگاہ دیکھا بادل ہے اور دھواں ہے
ہیجان آب و گِل میں چشم فلک رواں ہے

بستی پہاڑ صحرا جنگل ہوئے ہیں جل تھل
حکمت ہے اس کی جس نے پیدا کئے ہیں بادل

کیسا حسین و دلکش برسات کا سماں ہے
واہ کتابِ فطرت پر دیدہ ور کہاں ہے

بادلوں کی طرح موجِ ہوا بھی تو اللہ کی نشانیوں میں سے ہے۔ مگر صاحب حضرتِ انسان نے فضا میں آلودگی کا زہر بھر کر تیزابی بارش، گلوبل وارمنگ، اوزون کی تباہی سمیت ساکنانِ بزمِ ہستی کو نت نئی مصیبتوں اور ہلاکت سے دوچار کردیا ہے۔ جنگلات کی تباہی، صحراؤں کی وسعت اور نباتات و جانداروں پر مضر اثرات نے کرہ ارض کو دوزخ کا بچھڑا ہوا خطہ ثابت کردیا ہے۔ صنعتی آلودگی تو دور کی بات ہے۔ صرف سگریٹ سے 300 PPM کاربن ڈائی آکسائیڈ جنم لیتی ہے۔ اوزون کی ردائے لطیف میں چاک پڑجانے پر امریکہ میں فصلوں کو 3.2 بلین امریکی ڈالر سالانہ نقصان ہوتا ہے۔ایک اندازے کے مطابق فضا میں اوزون کی مقدار 2.3 فیصد کم ہونے سے شعاعوں کی شدت 6 فیصد اور

کینسر کے خطرات 14 فیصد بڑھ جاتے ہیں۔ کتنے دکھ کی بات ہے کہ انسان دن میں 22000 مرتبہ سانس لیتا ہے مگر صاف ہوا کے لئے ترستا ہوا ......

فضائی آلودگی کو بڑھانے اور موسموں پر اثر انداز ہونے میں زراعت کا عالمی حصہ 25 فیصد، بجلی و توانائی کا 25فی صد ٹرانسپورٹ کا 10 فیصد کوئلے گیس کا 10 فیصد اور صنعتوں کا 10 فیصد حصہ ہے۔ یوں ہم اہلِ زمین فضا کو مکدر بناتے جارہے ہیں۔ صرف امریکہ میں دنیا کی 23% کاربن ڈائی آکسائیڈ فضا میں دھکیل جاتی ہے یہ مقدار 1.2×10^{15} گرام سالانہ بنتی ہے۔شہروں میں دیہاتوں کی نسبت فضا میں CO_2 دس گنا، CO 25 گنا گردو غبار دس گنا ہوتا ہے۔ فضا کے لطیف غلاف اور ہوا کے دلربا جھونکوں میں اب کاربن ڈائی آکسائیڈ، سمیت مختلف زہریلی گیسیں در آئی ہیں ان کی جھلک ملاحظہ ہو :

GAS	Pre-History	1990
CO2	280	353 (PPM)
CH4	0.79	1.72 ((PPM
CFC 11	-	ppt280
CFC 12	-	ppt484
N2O	ppb288	ppb310

CFC گیسیں Co2 سے ہزاروں گنا زیادہ مضر و منفی اثرات رکھتی ہیں۔ یوں اوزون سمیت فضا کی دلفریبی اذیت میں بدل جاتی ہیں۔ یہ کتاب فضائی آلودگی سے جنم لینے والی بیماریوں کی متحمل نہیں ہوسکتی۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

صنعتی علاقوں اور بڑے گنجان شہروں میں بوئے گل کی بجائے ڈیزل، سیسے اور دھوئیں کی ناگوار بو ملتی ہے۔ بے خودی میں میں نے کبھی یوں کہا تھا۔

یہ بوئے سلفر و ڈیزل ہوا میں بس گئی اتنی
کسی صورت سے چشمِ تر کی طغیانی نہیں جاتی

یہی وجہ ہے کہ دمہ اور متعدد بیماریاں جنم لے رہی ہیں۔ تیزابی بارش سے یورپ اور ترقی یافتہ ممالک کی ہزاروں جھیلیں آبی حیات سے محروم ہوگئی ہیں۔گلوبل وارمنگ اور موسموں کے نامناسب رویے سے نئے خطرات جنم لے رہے ہیں یوں ابر بردار ہوائیں اب اکثر خطہ ہائے ارض پر مسرت کا پیغام لانے سے دست بردار ہوگئی ہیں۔کتنے دکھ کی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ہواؤں اور بادلوں کو اپنے حکم کا نہ صرف پابند کیا ہے بلکہ بڑے فخر سے انسان کو اپنی نشانیاں دکھائی ہیں اور ان میں عقل والوں کو غور و خوض کی دعوت دی ہے۔

ہم نادانوں نے ناشکری اور تکبر میں ڈوب کر نہ صرف اپنا روپ ناگوار بنا لیا ہے بلکہ کرۂ ارض پر فضائی آلودگی کا وہ طوفان کھڑا کیا ہے کہ فرشتے بھی پناہ مانگتے ہیں ہمارے اعمالِ بد کی فہرست صرف آلودگی کی مد میں اتنی طویل ہے کہ فرشتوں کو نئے نئے رجسٹر ہر لحظہ درکار ہوتے ہونگے بلکہ اب تو کراماً کاتبین کمپیوٹر کے ذریعے حسابِ امروز و فردا کرتے ہونگے ....

شعلوں کی لپک

ہمارا ماحول اور مقدر تو اسی وقت آلودہ ہونے لگے تھے جب انسان نے پہلے پہل آگ جلانا سیکھا۔ آگ کے سلسلے میں جاپانیوں کی من گھڑت کہانی بھی دلچسپ اور حسبِ حال ہے۔ ان کے مطابق ازا نامی دیوی نے بہت سے دیوتاؤں کو جنم دیا جن میں آگ کا ناخلف دیوتا Kagu Zuchi بھی شامل تھا۔ آگ کے اس دیوتا نے اپنی ہی ماں کو جلا کر دنیا میں آگ کے کھیل کا آغاز کیا۔ اللہ تعالیٰ نے بڑے واشگاف انداز میں فرمایا کہ انسان اس زمین سے پیدا کیا گیا ہے اسی میں مل جائیگا اور پھر اسی سے دوبارہ اٹھایا جائے گا۔ اگر دیکھا جائے تو ہم بھی ماں دھرتی (Mother Earth) کے ساتھ آگ کے ناخلف دیوتا ہی کا سا سلوک کررہے ہیں۔ سگریٹ نوشی ہی کو لیجئے ایک عدد سگریٹ سے کاربن مونو آکسائیڈ کی تقریباً 460 - 475 PPM (Part per million) مقدار کے علاوہ کئی زہریلے مادے بشمول نکوٹین جنم لیتے ہیں جبھی تو سگریٹ نوشوں کے کسی "عدو مبین" نے یوں کہا تھا۔ "کہ سگریٹ کے ایک حصّے پر Fire ہوتی ہے تو دوسرے پر Fool"

اہلِ مغرب نے تو سگریٹ کو کینسر کا پیش خیمہ کہتے ہوئے Cancer Sticks کا نام دیا ہے۔ جوں جوں انسانی تہذیب اپنی ارتقائی منازل کی جانب بڑھتی رہی آگ کے لئے نئے نئے ایندھن دریافت ہونے لگے۔ چقماق کے پتھروں سے گھاس پھوس جلانے والے شکاری انسان (Nomadic hunter) نے زراعت اور صنعت و حرفت کے میدان میں قدم رکھ لیا۔ جنگلات اور لکڑیوں پر انسان کا انحصار ہمیشہ سے رہا ہے۔ آج بھی تنزانیہ، اور کئی ممالک میں 95 سے 97% لوگوں

toobaa-elibrary.blogspot.com

کا انحصار ایندھن کی مد میں لکڑی ہی پر ہے جبھی تو کئی سرگرمیوں کی زد میں آکر جنگلات ڈائنو سارز کی مانند ناپید ہوتے جارہے ہیں۔ گھریلو استعمال کے علاوہ صنعتی سرگرمیوں اور توانائی کے حصول کے لئے انسان نے لکڑی کی بجائے نئے ایندھن مثلاً کوئلہ، پٹرولیم اور قدرتی گیس کا استعمال حد درجہ بڑھالیا ہے۔ ایک اندازے کے مطابق 2000ء تک کوئلے، گیس اور تیل کا استعمال کچھ یوں ہوگا۔

تیل =	$51 - 63 \times 10^9$	T.C.E
قدرتی گیس =	$27 - 33 \times 10^9$	T.C.E
کوئلہ =	$42 - 53 \times 10^9$	Tons

اس وقت زمین کی گود میں ان خزانوں کی مقداریں کچھ یوں ہیں۔

کوئلہ =	640×10^9	ٹن
پیٹرولیم =	$250 - 300 \times 10^9$	TCE
قدرتی گیس =	2500 Exa Joules	

Exa Joule = 22.7 Million Ton coal Eqv.

آیئے دیکھتے ہیں کہ کوئلے اور تیل کے بارے میں قرآن پاک میں کیا مذکور ہے۔

سورہ الاعلی میں اللہ نے فرمایا۔

وَالَّذِیٓ اَخْرَجَ الْمَرْعٰی فَجَعَلَهٗ غُثَآءً اَحْوٰی۔ (اعلی آیت 5 ،4)

ترجمہ :۔ جس (اللہ) نے نباتات اگائیں اور پھر ان کو سیاہ کوڑا کردیا۔

نباتات کو سیاہ کوڑا کردینے میں بہارِ پُروقار کے بعد نباتات کا

خزاں زدہ ہونا گل سڑجانا (decay) بھی کچھ آتا ہے۔ ڈاکٹر بلوک نور باقی نے سیاہ کوڑا کو پیٹرول سے تشبیہ دی ہے۔

ہم جانتے ہیں کہ انسانوں کی زمین پر آمد سے پہلے بھی زندگی رواں دواں تھی اس وقت (آج سے ڈیڑھ ارب سال پہلے) نباتات کے گھنے جنگل تھے جن کی بدولت زمین کی فضا سے امونیا، میتھین اور کاربن ڈائی آکسائیڈ کی دوری اللہ کو منظور تھی اور پودوں کے دشتِ جان سے آکسیجن کا پھوٹنا۔ یوں آہستہ آہستہ جب فضا کی مقررہ حدیں (آکسیجن 20% N2 79% وغیرہ) حاصل ہوگئیں تو ان نباتات کا فرضِ اولین بھی ختم ہوگیا یوں اللہ نے عظیم ارضیاتی انقلاب برپا کرکے نباتات بشمول ڈائنو سار (مرحوم) کو ناپید کردیا۔ اگر ایسا نہ ہوتا تو جگنو کی چمک ہی آکسیجن کے خطیر ذخیرے کو ایک عظیم دھماکے (Big Bang) سے اڑا دیتی چنانچہ نباتات کا عظیم ذخیرہ جس میں حیوانات بھی شامل تھے کئی ملین سال پہلے زیر زمین چلا گیا جہاں بیکٹیریا، نمی، حرارت اور کئی طرح کے دباؤ کے تحت یہ اجسام تیل میں تبدیل ہوگئے۔ اگر دیکھا جائے تو کوئلہ بھی اس نئے جنم لینے والے خاندان کا اٹوٹ انگ ہے۔ یوں زیر زمین وسیع ذخیرے ایندھن کی شکل میں صدیوں سے جنم لیتے رہے۔

تیل چٹانوں کے نشیب و فراز سے زیرِ زمین سمندر کی صورت جمع ہوگیا اور قدرتی گیسیں فضائے ارضی کی طرح اس کے اوپر چھا گئیں۔ یوں اللہ نے جنگلات کی لکڑیوں کو دستِ انساں سے کس حد تک امان دلانے کے نئے توانائی کے لئے ذخیرے۔ قدرتی ایندھن (Fossil Fuel) کی صورت ہمیں عطا کردیئے۔ دورِ حاضر کے انسان نے توانائی کے حصول، بجلی پیدا کرنے، مختلف صنعتی سرگرمیوں اور معیارِ زندگی بلند کرنے کے

toobaa-elibrary.blogspot.com

لئے کوئلے، گیس اور تیل کا استعمال حد سے زیادہ بڑھا لیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ایک طرف تو یہ انمول ذخیرے بے حد تیزی سے کم ہورہے ہیں تو دوسری طرف شدید قسم کی ماحولیاتی آلودگی جنم لے رہی ہے ایک محتاط اندازے کے مطابق دنیا میں دھوئیں کے بادل 2000ء تک اتنے وسیع ہوجائیں گے کہ ان سے فضا میں 9110×10^6 ٹن کاربن ڈائی آکسائیڈ 146×10^6 ٹن سلفر ڈائی آکسائیڈ گیس جنم لے گی۔ یہی وجہ ہے کہ مغرب میں تیزابی بارش سے قیامتِ صغرا کا سماں ہوگیا ہے۔ جنگوں، عمارتوں کے نقصان سے قطع نظر خوبصورت جھیلیں جو کبھی دیومالائی کہانیوں میں پریوں کا مسکن ہوا کرتی تھیں اب آسیب بھی وہاں لیز (Lease) یا کرائے پر رہنا اپنی توہین سمجھتے ہیں۔ ان جھیلوں میں تیزابی اثرات کے باعث آبی حیات ختم ہوچکی ہیں یوں یہ جھیلیں صدیوں تک مردہ رہیں گی۔ Biomagnification کے عمل نے آبی آلودگی کے نئے ابواب کھول کر آبی حیات کو المیے سے دوچار کردیا ہے۔ ہمارے سابقہ آقاؤں (اب تو آقا بدل چکے ہیں) کے دیس، برطانیہ میں ہر سال گندھک کی پھوار یا تیزابی بارش کئی ملین ٹن کے لگ بھگ پڑتی ہے۔ اہلِ مشرق دل برداشتہ ہو اپنی ہی محبوبہ پر تیزاب پھینکتے تھے اب برطانیہ کا ماحول اپنے چاہنے والوں کے ساتھ وہی سلوک کررہا ہے جو مشرقی محبوبوں میں سے کچھ کا شیوہ ہے۔ گاڑیوں کے دھوئیں اور سیسہ ملے پیٹرول کے عذاب سے شاید ہی کوئی خطہ ارض محفوظ ہو بڑے شہروں اور گنجان آبادیوں میں ٹرانسپورٹ نے نیا عذاب برپا کر رکھا ہے۔ دھوئیں کے ساتھ ساتھ سیسہ کا مہلک زہر شاملِ موجِ ہوا ہوگیا ہے سیسہ انتہائی مہلک اور مضر عنصر ہے۔ یہ دماغ کے خلیوں کو ختم کردیتا ہے۔

ہانگ کانگ میں ایک سروے کے مطابق بچوں میں دماغی صلاحیت یا I.Q چار پوائنٹ کم ہوگیا ہے اس کی وجہ سیسے کی فضا میں زیادتی ہے۔ اس عنصر سے سانس سمیت کئی طرح کی بیماریاں جنم لے رہی ہیں۔ آجکل پیشہ ورانہ بیماریوں Occupational Diseases اور آلودگی کے گوناگوں امراض پر ضخیم کتابیں لکھی جاسکتی ہیں۔

کاربن ڈائی آکسائیڈ کے بے تحاشا اخراج سے گلوبل وارمنگ کا اندیشہ ہے اگر ایسا ہوا تو کرۂ ارض کا درجہ حرارت 0.5 سینٹی گریڈ بڑھ جانے سے قطبین کی شرمیلی برف، پگھل کر دنیا کے نشیبی علاقوں کو چلو بھر پانی میں ڈبو دے گی۔ کہتے ہیں کہ اگر قطبین کی برف مکمل پگھل جائے تو طوفانِ نوحؑ بارِ دگر آسکتا ہے اور ہمارے سمندروں کی سطح 200 فٹ بلند ہوجائے گی۔ کاربن ڈائی آکسائیڈ کی ایک مخصوص مقدار فضا میں اگر نہ ہوتی تو زمین سورج غروب ہونے کے بعد یخ بستہ ہو کر زندگی کی ضامن نہ رہتی مگر اس گیس کی کثرت کرۂ ارض کو گلوبل وارمنگ کے جدید عذاب میں مبتلا کرسکتی ہے۔ کاربن ڈائی آکسائیڈ کے اخراج کا بڑا ذریعہ یہی ایندھن اور آگ جلانے کا عمل ہے ان قدرتی ایندھنوں میں کاربن کے اجزا کے علاوہ کئی زہریلے مادے بھی ہوتے ہیں جو مقررہ حدوں تک تو باعثِ رحمت اور مفید ہیں مگر ایک حد کے بعد وہی وبالِ جان بن جاتے ہیں مثلاً فاسفورس نہ ہو تو ہڈیاں بیدِ مجنوں کی طرح جھولنے لگیں اگر فاسفورس زیادہ ہوجائے تو ہڈیاں ریگِ ساحل کی طرح ریزہ ریزہ ہو کر بکھر جاتی ہیں کوئلے ہی کو لیجئے اس میں مندرجہ ذیل عناصر پائے جاتے ہیں۔

آرسینک، بیریلیم، بورون، کرومیم، لوہا، سیسہ، نکل، کیڈمیم، سلینیم۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

کاربن ایٹمیٹی

کتنے دکھ کی بات ہے کہ ایک عظیم نعمتِ خداوندی کو ہم نہ صرف بے دردی سے استعمال کرتے ہیں بلکہ اس سے خود دنیا کا ماحول خراب کر کے خود ہی کو اذیت دیتے ہیں۔ کوئلہ، تیل اور گیس نے جہاں انسان کو توانائی کے عظیم خزانے دیئے ہیں وہاں ماحول کا منہ بھی کالا کیا ہے۔ کئی سو ملین سال پہلے زمانے کے شدائد سے کوئلے، گیس اور تیل میں تبدیل ہو کر نباتات و حیوانات کے عناصر و اجزاء تو ہمارے لئے نعمتِ عظیم ہیں مگر ہم ان سے اپنا ماحول برباد کر رہے ہیں کوئلے ہی کو لیجئے صنعتی ترقی اور توانائی دیگر استعمال کے لئے کوئلے کی پیداوار کچھ یوں ہے۔

1975 -- 2593×10^{6} = TCE

1895 -- 3884×10^{6} = TCE

= 2000 -- 5780×10^{6} (موجودہ کارگزاری کا منطقی نتیجہ)

2020 -- 8846×10^{6}

دنیا میں کوئلے کے ذخائر کا تخمینہ 636364×10^{6} TCE لگایا گیا ہے جو انسان کی دسترس میں ہے اسی طرح تیل اور گیس کی سالانہ پیداوار بالترتیب 3340×10^{9} بیرل اور 2355 EJ ہے۔

صنعتی ترقی، خوشحالی کی لگن اور بہتر معیار زندگی کے حصول کے لئے توانائی کی ضرورت روز بہ روز بڑھتی جارہی ہے ایک اندازے کے مطابق 2000ء تک توانائی کی عالمی طلب 2111 EJ ہوجائے گی۔

مختلف اقسام کے ایندھن کی پیداوار جو دنیا میں توانائی ہم تک پہنچاتے ہیں کچھ یوں ہے۔

Item 1972 -- 1985 -- 2000 -- 2020

Coal 66 115 -- 170 -- 259

Oil115 216 -- 195 -- 106

Gas46 77 143 -- 125

Nuclear2 23 -- 88 314

Hydro14 24 -- 34 -- 50

عالمی سطح پر مختلف اقسام کے ایندھن کا استعمال 1975ء کچھ یوں تھا۔

(Million tons oil eqv.)

Oil 2500 ---

Gas 1040 ---

Coal 1500 ---

Wood 600 ---

Nuclear 50 ---

Hydro 350 ---

Total 6040 MTOE

عالمی توانائی کے استعمال کی ایک جھلک :۔

Transport = 16.6%

Industries = 24.8%

Domestic = 21.5%

Energy Sector = 6.6%

Energy production = 26.5%

Feed stock = 4.0%

toobaa-elibrary.blogspot.com

1975ء میں توانائی کا استعمال MTOE 6040 تھا جبکہ ہمارے کرتوتوں کے باعث 2020ء میں بڑھ کر MTOE 39400 ہوجائیگا۔

توانائی کے یوں بے دریغ استعمال سے کوئلے، تیل گیس کی کھپت بڑھے گی جو مزید آلودگی کو جنم دے گی۔ حیرت کی بات یہ ہے انسانی دسترس میں پائی جانے والی توانائی کا صرف سات فیصد حصہ جسم پر (Metabolism)) اور بقیہ 93% ادھر ادھر کی سرگرمیوں یا Exosomatic عوامل میں صرف ہوجاتا ہے۔ کوئلے، گیس اور تیل کا یوں بے دریغ استعمال نہ صرف ہمیں قیمتی خزانوں سے محروم کررہا ہے بلکہ فضائی، آبی اور زمینی آلودگی کا باعث بھی ہے۔ ہمیں توانائی حاصل کرنے کے لئے ذرائع مثلاً شمسی توانائی، پانی کی توانائی وغیرہ کو بروئے کار لانا ہوگا تاکہ آلودگی کے امکانات کو کم سے کم کیا جاسکے۔ حیاتِ ناتواں کو رواں دواں رکھنے کے لئے جو فانی بھی ہے ہم نہ جانے کیوں اتنی توانائی خرچ کررہے ہیں۔ اگر زندگی کو دوام ہوتا اور فنا کے خدشات نہ ہوتے تو انسان کی شاہ خرچیاں فرشتوں کی تحریروں سے بھی بے قابو ہوجاتیں ......

ایک دور تھا کہ محرومی کی حالت میں لوگ دل جلایا کرتے تھے۔ شمع کے گرد محوِ طواف پروانے خود جل جاتے تھے۔ دوسروں کا دل جلانا معیوب سمجھا جاتا تھا اب بنی نوع انسان تہذیب کی بلندیوں پر اور اخلاق کی پستیوں میں ہے یہی وجہ ہے کہ آگ کی بازیابی (Discovery) کیا ہوئی کہ جنگلات کا صفایا ہوگیا۔ شجرہائے سایہ دار اور دنیا کے قیمتی جانداروں کی قیام گاہوں کو ختم کرکے نذر آتش کردیا گیا۔ تیل، پیٹرول، گیس اور کوئلے کے ساتھ ساتھ لکڑی جلانے کا عمل اپنے

عروج پر ہے۔ تنزانیہ، گیمبیا اور تھائی لینڈ میں سالانہ فی کس لکڑی بطور ایندھن بالترتیب 1.8 , 1.2 , 1.1 ٹن جلائی جاتی ہے چنانچہ انہی ملکوں میں لکڑی پر انحصار 99% ,99% 87%، ہے۔ یوں سمجھ لیجئے دنیا کی آدھی آبادی کا انحصار ایندھن کے لئے لکڑی پر ہے۔ ایک طرف ہم آکسیجن بنانے کی فیکٹریاں (درخت / جنگلات) بند کررہے ہیں۔ تو دوسری طرف فضا میں دھوئیں کے بادل چھوڑ رہے ہیں تاکہ قیامت سے پہلے اس کے مہیب اندھیرے چھا جائیں۔ کوئلے، تیل اور دیگر ایندھن جلانے اور مختلف صنعتی سرگرمیوں کے باعث کرہ ارض پر کاربن ڈائی آکسائیڈ، سلفر ڈائی آکسائیڈ، CFC گیسوں وغیرہ کی بھرمار ہوگئی ہے اور تیزابی بارش کسی اذیت ناک آوارہ بادل کی طرح ایک ملک سے دوسرے ملک اور ایک براعظم سے دوسرے براعظم میں بغیر ویزے اور پاسپورٹ کے کہرام مچاتی پھر رہی ہے۔ دنیا کا کوئی قانون اسے روک کر تو دکھا دے ....

صرف امریکی کرہ ارض میں 4800 ملین ٹن کاربن ڈائی آکسائیڈ سالانہ اڑا رہے ہیں اسی طرح اوزون کی بے حرمتی کرنے والی گیس (CFC) بھی صرف امریکہ 1640 ملین ٹن سالانہ فضائے بسیط میں بھیج رہا ہے۔ چاند، چاندنی اور وہاں کے سبز باغ دکھا کر ان نقصانات کا ازالہ ممکن نہیں ہے جو سپر طاقت سمیت ہم سب دارِفانی کے اس معصوم سیارے پر کررہے ہیں۔

کہتے ہیں اچھے وقتوں میں (قصہ پارینہ ہوگیا اچھا وقت) روزانہ فی کس توانائی 2000 کیلوری تھی جلد ہی یہ 400 گنا یعنی 800،000 کیلوری یومیہ ہوجائے گی یوں تو توانائی کا شش جہات میں بحران ہوجائیگا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اللہ نے فرمایا ہے کہ انسان بہت ضعیف پیدا کیا گیا ہے، پھر توانائی کی وقتی ڈرپ کس کام کی ....

دراصل ہم نے توانائی کے حصول کو شاید حصولِ ایمان کا ذریعہ بنالیا ہے کسی گورے نے کہا تھا

"Energy can do every thing that can be done in the world."

ہمارا ایمان ہے کہ سب کچھ اللہ ہی کرتا ہے ہر انسان کے لئے بس مقدور بھر کوشش خلوصِ نیت، ہمدردی اور صلہ رحمی ضروری ہے۔ ہم جیسے پسماندہ ملک میں فی کس سالانہ توانائی 1.4 ٹن جبکہ ترقی یافتہ ممالک میں 540 ٹن کے لگ بھگ ہے۔ ایک کالے اور ایک گورے کا م توازن سنبھالا نہیں جاتا ایسے میں یہ عدم توازن بھلا کب تک کرہ ارض کا توازن برقرار رہنے دے گا۔۔۔۔۔

آوازوں کی گھن گرج

ہمیں تو سرگودہا میں بچپن کے وہ خوشگوار دن نہیں بھولتے جب گاؤں کے چرواہے بانسری کی لے پر لوک گیت گاتے تھے۔ بھانت بھانت کے پرندے سروں کا جادو جگاتے تھے۔ تتلیاں اور بھنورے لہلہاتی فصلوں پر مستی میں منڈلاتے رہتے تھے۔ فطرت اپنی تمامتر رنگینیوں کے ساتھ زندگی کے گہواروں میں رقصاں تھی یہ گاؤں کے اس ماحول کی جھلکی ہے جسے فطرت نے متوازن اور خوشگوار بنایا ہے۔ جہاں پن چکی کی کوک اور بیلوں کے گھنگروؤں کی صدائیں کانوں میں رس گھولتی ہیں موجِ ہوا کی آمد پر پتوں کی پازیب بجتی ہے جہاں کوئل کی کوک آموں کے درختوں میں ارتعاش پیدا کرتی ہے۔ خوشحالی کی دوڑ، سائنس کی ترقی اور انسان کی گوناگوں سرگرمیوں نے فطرت کے ماحول کو پسِ پست ڈال کر نئی دنیا بسالی ہے۔ ایسی دنیا جہاں انسانوں کی آوازیں پرندوں کی چہک اور تتلیوں کی دلربا اور خاموش اڑانیں غرض سبھی کچھ مشینوں کی ہیئت اور گھن گرج میں دب کر رہ گیا ہے مسافتیں سمٹ گئیں اور دلوں کے فاصلے بڑھ گئے ہیں آوازوں کے دھیمے سروں کی جگہ مشینوں کے شوروغل نے لے لی ہے۔ کھیت کھلیانوں کی جگہ کارخانے، درختوں کی بجائے فلک بوس عمارتیں، جنگلات کی بجائے شہر پھیل گئے ہیں۔ انسان نے پہیہ کیا ایجاد کیا کہ چرخِ کہن پر کمندیں ڈالنے لگا بیل گاڑیوں کی جگہ موٹر کاریں، ریلیں اور ہوائی جہاز ایجاد ہوگئے۔ غرض فضا میں شوروغل کا ایک انجانا سا آسیب چھا گیا ہے جہاں ان گنت آوازوں کے مہیب سائے انسان کی سماعتوں کو فکر پریشاں کی طرح گھیرے ہوئے ہیں۔

ماحولیاتی آلودگی میں شوروغل ایک اہم اور پریشان کن مسئلہ ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

گھر کی چار دیواری ہو یا دفتر کا ماحول اسکول ہو یا کارخانہ ہر جگہ انسان کو طرح طرح کی ناگوار آوازوں نے گھیر رکھا ہے۔ سفر میں ہوں یا حالتِ آرام میں آوازوں کے سحر سے ہم آزاد نہیں رہ سکتے۔ شہروں میں بالخصوص ٹریفک کا شور قیامت برپا کرتا ہے۔ گنجان آباد علاقوں میں آوازوں کا دباؤ اتنا شدید ہے کہ ذہن اپنی صلاحیتوں سے عاری ہوتا جارہا ہے۔ اختلاج، بے چینی، چڑچڑا پن، ہذیانی کیفیت غرض دل اور دماغی امراض میں بے حد اضافہ ہوگیا ہے۔
یوں تو اللہ تعالیٰ نے انسان کی تخلیق پر خود ناز کیا ہے مگر خصوصیت کے ساتھ آنکھ، کان اور دل کی صناعی پر فخر کیا ہے۔ سورہ رحمٰن میں اللہ تعالیٰ نے انسان کو گویائی کی صلاحیت عطا فرما کر شکرانِ نعمت کی تلقین فرمائی ہے۔ گویائی کے مقابل تو سماعت ہی ہوتی ہے۔ ورنہ ہم اپنی گفتگو دیواروں کو سنانے سے تو رہے۔ غرض سماعت کی صلاحیت ربِ ذوالجلال کا وہ تحفہ ہے جس پر اللہ کا جتنا شکر ادا کریں کم ہے۔

آوازوں کی دنیا بڑی وسیع ہے۔ جبھی تو حضرت داؤد علیہ سلام کے ساتھ ساتھ پرندے تسبیح کرتے تھے اور پہاڑ ورد۔۔۔ آوازوں کا احاطہ انسان کی قوتِ ادراک سے باہر ہے اللہ نے آوازوں کی وسیع کائنات میں ہمارے لئے صرف مخصوص کھڑکی کھولی ہے جہاں سے ہم ایک خاص نوعیت کی آوازوں ہی کو سن سکتے ہیں۔ انسان کی صلاحتیں محدود ہیں لہذا کم یا زیادہ فریکونسی کی آواز انسان نہیں سن سکتا۔

قرآن پاک میں یوں مذکور ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت سلیمانؑ کو نہ صرف پرندوں کی بولی سمجھنے کا علم عطا فرمایا تھا بلکہ انہیں ساری دنیا کی حکومت بھی دی تھی۔ جبھی تو آپؑ نے چیونٹیوں کی ملکہ کی اس بات پر کہ حضرت سلیمانؑ کا لشکر گزر رہا ہے اپنے گھروں میں گھس جانا

کہیں کچل نہ دیں شکرِ خداوندی ادا کیا تھا۔ (ہم سماعت کی نعمت پر شکر کیوں نہیں کرتے)

بہرحال ہماری قوتِ سماعت محدود ہے آوازوں کے مخصوص اتار چڑھاؤ سے قطع نظر انسان کو اونچی آوازیں نہ صرف ناگوار گزرتی ہیں بلکہ وہ مضر اور موذی بھی ہیں۔

